قرآنی عربی پروگرام

لیول 4: متوسط عربی زبان

محمد مبشر نذیر

اس لیول کے اختتام پر انشاء اللہ آپ ڈکشنری کی مدد سے اسلامی لٹریچر میں استعمال ہونے والی ٪100 عربی سمجھنے کے قابل ہو جائیں گے۔

یہ اس کتاب کا بیٹا ورژن ہے۔ اس کتاب کی نظر ثانی کا کام ابھی جاری ہے۔ اس وجہ سے اس کتاب میں زبان، اعراب اور گرامر کی غلطیاں پائی جا سکتی ہیں۔

فہرست

فہرست

تعارف

محترم قارئین! السلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہ

عربی زبان سیکھنے کے لئے "قرآنی عربی پروگرام" کے انتخاب کا بہت بہت شکریہ۔ اس پروگرام میں انشاء اللہ ہم متعدد اسباق کے ذریعے عربی زبان سیکھیں گے۔ اس پروگرام کے اختتام پر انشاء اللہ آپ قرآن و حدیث اور مسلم علماء کی عربی کتب کے مطالعے پر قادر ہو جائیں گے۔ اس پروگرام کو اس طرح سے ڈیزائن کیا گیا ہے کہ آپ نہایت ہی آسانی کے ساتھ درجہ بدرجہ ادبیات اسلامیہ میں استعمال ہونے والی عربی زبان سیکھ سکتے ہیں۔ اس پروگرام کو قرآنی عربی پروگرام کا نام دینے کی وجہ یہ ہے کہ اس پروگرام کا محور و مرکز "قرآن مجید" ہے۔

لوگ عموماً دو وجوہات کی بنیاد پر عربی سیکھتے ہیں۔ ایک تو یہ کہ قرآن مجید، احادیث اور اسلامی لٹریچر کو سمجھا جاسکے اور دوسرے یہ کہ عربوں کے ساتھ جدید عربی میں گفتگو کی جاسکے۔ یہ پروگرام پہلے مقصد کی تکمیل کے لئے وضع کیا گیا ہے البتہ دوسرے مقصد کے لئے عربی سیکھنے والے بھی اس سے فائدہ اٹھاسکتے ہیں۔

عربی دنیا کی منظم ترین زبان ہے۔ اس کی وجہ سے اس کا سیکھنا بہت آسان ہے۔ اس کے قواعد و ضوابط بہت واضح ہیں۔ اگر آپ یہ قواعد و ضوابط سیکھ لیں تو چند ہی ہفتوں میں آپ اس زبان کا بڑا حصہ سمجھ سکتے ہیں۔ قرآن و حدیث کو سمجھنے کے لئے ضروری ہے کہ ہم قرآن و حدیث اور اسلامی لٹریچر میں استعمال ہونے والی عربی زبان سے واقفیت حاصل کریں۔ اس کے اسالیب کو پہچانیں اور اس کے محاوروں سے واقفیت حاصل کریں۔

اس پروگرام میں عربی سیکھنے کا طریقہ کار نہایت ہی سادہ ہے۔ روزانہ ایک سبق کا مطالعہ کیجیے۔ ہر سبق میں "اپنی صلاحیتوں کا امتحان لیجیے!" کے تحت مشقوں کو حل کیجیے۔ مشقوں کو حل کرنے کی کوشش کرنے سے پہلے جوابات ہرگز نہ دیکھیے۔ بعد میں جوابات کو چیک کیجیے۔ چند ہی ہفتوں میں آپ محسوس کریں گے کہ آپ عربی زبان سمجھنے پر قدرت رکھتے ہیں۔ آپ کی دلچسپی برقرار رکھنے اور معلومات ذہن نشین کروانے کی خاطر بعض معلومات کو الگ باکس کی صورت میں درج کیا گیا ہے۔ اس کی تفصیل یہ ہے:

تعمیر شخصیت: اس پروگرام کا مقصد محض عربی سکھانا ہی نہیں ہے بلکہ اپنی شخصیت کو قرآن و سنت کے سانچے میں ڈھالنا بھی ہے۔ اس لئے ہر سبق کے آغاز میں آپ کو یہ باکس ملے گا جس میں تعمیر شخصیت سے متعلق ٹپس دیے جائیں گے۔

کیا آپ جانتے ہیں؟ عربی زبان اور عربوں سے متعلق دلچسپ معلومات آپ کو اس باکس میں ملیں گی۔

آج کا اصول: زبان کے قوانین اس باکس میں دیے جائیں گے تاکہ آپ انہیں آسانی سے یاد کر سکیں۔

چیلنج! آپ کی زبان دانی کی صلاحیتوں کو اجاگر کرنے کے لئے آپ کو چیلنج دیا جائے گا جس کی مدد سے آپ عربی زبان کی صلاحیت کو بہتر بنا سکتے ہیں۔

مطالعہ کیجیے! اس باکس میں اچھی کتب اور تحریروں کے لنک فراہم کئے جائیں گے۔

تعارف

اس پروگرام کو اس انداز میں منظم کیا گیا ہے کہ آپ تدریجاً عربی سیکھتے چلے جائیں گے:

- لیول 0: اس لیول کا مقصد آپ کو عربی رسم الخط سکھانا ہے۔ اگر آپ پہلے ہی عربی پڑھ سکتے ہیں تو آپ براہ راست لیول 1 سے آغاز کر سکتے ہیں مگر اس لیول کا طائرانہ جائزہ مفید رہے گا۔
- لیول 1: اس لیول کا مقصد یہ ہے کہ آپ روزمرہ مذہبی معمولات میں استعمال ہونے والی عربی سیکھ لیں۔
- لیول 2: اس لیول کا مقصد آپ کی زبان کی صلاحیت کو بڑھانا ہے۔ اس میں آپ بنیادی عربی گرامر سیکھتے ہیں اور اپنے ذخیرہ الفاظ میں اضافہ کرتے ہیں۔ اس لیول کے اختتام پر آپ ڈکشنری کی مدد سے 30-40% عربی سمجھنے کے قابل ہو جاتے ہیں۔
- لیول 3: یہ لیول آپ کی زبان کی صلاحیتوں کو مزید بہتر بناتا ہے۔ اس آپ گرامر کے اعلیٰ مباحث کا مطالعہ کرتے ہیں اور آپ کے ذخیرہ الفاظ میں مزید اضافہ ہوتا چلا جاتا ہے۔ اس لیول کے اختتام پر آپ ڈکشنری کی مدد سے 75-80% عربی سمجھنے کے قابل ہو جاتے ہیں۔
- لیول 4: اس لیول پر پہنچ کر آپ عربی گرامر کا مطالعہ مکمل کر لیتے ہیں۔ آپ کا ذخیرہ الفاظ اس حد تک پہنچ جاتا ہے کہ اب آپ ڈکشنری کی مدد سے 100% عربی سمجھنے کے قابل ہو جاتے ہیں۔
- لیول 5: یہ اس پروگرام کا آخری لیول ہے۔ اس لیول پر پہنچ کر آپ علم بلاغت (بشمول علم المعانی، علم البیان اور علم البدیع) کا مطالعہ کرتے ہیں اور زبان میں نازک احساسات کو سمجھنے کے قابل ہو جاتے ہیں۔ اب آپ ڈکشنری کا زیادہ استعمال کیے بغیر آرام سے پچھلے ڈیڑھ ہزار سال میں لکھی گئی عربی کتابوں کا مطالعہ کر سکتے ہیں۔

لیول 1 سے اس پروگرام اسباق کو دو سیریز میں تقسیم کیا گیا ہے۔ اے سیریز میں گرامر اور بلاغت کے قوانین سکھائے گئے ہیں۔ ان قوانین کے استعمال کے لئے قرآن مجید سے پریکٹس کروائی گئی ہے۔ بی سیریز میں زبان کے ذخیرہ الفاظ میں اضافے کی کوشش کی گئی ہے۔ اس مقصد کے لئے قرآن مجید، حدیث اور ادبیات اسلامیہ سے اقتباسات پیش کئے گئے ہیں۔ آپ نے اس کے ذخیرہ الفاظ اور اسالیب کو سیکھتے ہوئے ان اقتباسات کا ترجمہ کرنا ہے۔ آپ کو قوانین یا الفاظ کو رٹنے کی ضرورت نہیں ہے۔ مشقوں کو اس طریقے سے ڈیزائن کیا گیا ہے کہ یہ قوانین اور الفاظ خود بخود آپ کے ذہن میں راسخ ہوتے چلے جائیں گے۔

اس پروگرام کے ذریعے آپ عربی بول چال پر نہ تو قادر ہو سکیں گے اور نہ ہی عربی زبان کے ادیب بن سکیں گے مگر یہ پروگرام آپ کو یہ مقاصد حاصل کرنے میں مدد ضرور کرے گا۔ عربی بول چال پر قدرت کے لئے آپ کو عرب ماحول اور تحریر سیکھنے کے لئے ایک استاذ کی ضرورت رہے گی جو آپ کی تحریروں کی اصلاح کر سکے۔

اس پروگرام کا بنیادی مقصد آپ کو زبان سمجھنے کے قابل بنانا ہے۔ اگر آپ کے ذہن میں کسی بھی سبق سے متعلق کوئی سوال پیدا ہو تو آپ براہ راست مصنف کو ای میل کر کے اپنے سوال کا جواب حاصل کر سکتے ہیں۔ اپنے تاثرات بھی ای میل کیجیے۔ اہل علم سے گزارش ہے کہ وہ اس کتاب میں جہاں کوئی غلطی دیکھیں تو مصنف کو مطلع فرما کر شکریہ کا موقع دیں۔ مصنف کا ای میل ایڈریس ہے: mubashirnazir100@gmail.com

تعارف

اپنے کمپیوٹر کو عربی زبان کے سیٹ اپ کر لیجیے۔ طریقہ کار یہ ہے:

Enable the Arabic Language in your computer. Follow these steps:

For Windows Vista Users

- Open "Regional and Language Options" from Control Panel
- Press "Keyboards and Languages" tab.
- Press "Change keyboards…" button
- Press "Add" button
- Select "Input Language: "Arabic"

The system may ask you to provide Windows CD during this process.

Warning: If you are using an unlicensed version of Windows, it may corrupt.

For Windows XP Users

- Open "Regional and Language Options" from Control Panel
- Choose Language tab.
- Check the "Install files for Complex Script and right-to-left languages (Including Thai)".
- Press Apply to proceed
- Press Details button.
- Press Add button.
- Select the "Arabic (Saudi Arabia)" in Input Language drop down list.
- Select the default "Arabic (102)" keyboard.
- Press "OK" and then "Apply".

درج ذیل لنک سے مزید وسائل بھی ڈاؤن لوڈ کر لیجیے۔

www.mubashirnazir.org/Courses/Arabic/Level01/AR000-01-Contents-U.htm

- قرآن مجید اور اس کی ڈکشنریاں
- عربی اور اردو فانٹ
- صخر عربی انگریزی ڈکشنری: اسے اپنے کمپیوٹر پر انسٹال بھی کر لیجیے۔ انسٹال کرنے کے بعد یہ کام کر لیجیے۔

- Open "Regional and Language Options" from Control Panel
- In Regional Options change the standard format to Arabic (Saudi Arabia), and the location to be Saudi Arabia
- Press the 'Advanced' card (The third card up) and then change the language to Arabic (Saudi Arabia), then ok and restart your computer.
- Check that Sakhr Dictionary is working.
- Go back to the Regional Settings and change the settings to your normal settings.

اہم نوٹ

یہ اس کتاب کا بیٹا ورژن ہے۔ اس کتاب کی نظر ثانی کا کام ابھی جاری ہے۔ اس وجہ سے اس کتاب میں زبان، اعراب اور گرامر کی غلطیاں پائی جا سکتی ہیں۔

سبق 1A: ثلاثی مزید فیہ کے ابواب

پچھلے لیول پر آپ ثلاثی مجرد کی بحث مکمل کر چکے ہیں۔ آپ یہ جان چکے ہیں کہ محض تین حروف سے کس طرح ۲۲۰ الفاظ بنائے جاسکتے ہیں۔

تعمیر شخصیت
نماز پڑھتے وقت اپنے اندر یہ احساس پیدا کیا کیجیے کہ اللہ مجھے دیکھ رہا ہے۔ نماز سے باہر بھی اس احساس کو زندہ رکھیے۔

آپ یہ بھی دیکھ چکے ہیں کہ کسی بھی مادے کے اصل تینوں حروف صرف اور صرف فعل ماضی کے پہلے صیغے واحد مذکر غائب ہی میں اپنی خالص حالت میں ہوتے ہیں۔ اسی وجہ سے انہیں ثلاثی مجرد کہا جاتا ہے یعنی "تین اکیلے حروف"۔ ان تینوں کو حروف کو مختلف صورتوں میں کچھ اور حروف سے ملا کر اور ضمہ، فتحہ اور کسرہ کی حرکات کو تبدیل کر کے ۲۲۰ یا اس سے بھی زائد الفاظ بنائے جاسکتے ہیں۔

عربی زبان کی ایک اور بہت ہی دلچسپ خصوصیت یہ ہے اور وہ یہ کہ فعل ماضی کے صیغہ واحد مذکر غائب میں ایک یا ایک زائد حروف کو ملا دیا جائے تو اس سے الفاظ کے مزید مجموعے تیار کیے جاسکتے ہیں۔ اس کے نتیجے میں تین حروف سے الفاظ بنانے کی صلاحیت کئی گنا بڑھ جاتی ہے اور ۱۰۰۰ سے اوپر الفاظ تیار کیے جاسکتے ہیں۔

ان تین اصلی حروف میں اگر ایک ہی لفظ کا اضافہ کیا جائے تو یہ ایک گروپ بنتا ہے۔ اگر دو یا تین حروف کا اضافہ ہو تو یہ مزید گروپ بنتے ہیں۔ ان میں سے آٹھ گروپوں کا مطالعہ ہم تفصیل سے کریں گے کیونکہ یہ قرآن مجید میں عام استعمال ہوتے ہیں۔ علم الصرف کی اصطلاح میں ان میں سے ہر گروپ کو "باب" کہا جاتا ہے۔ ان کے نام یہ ہیں۔ ان کا مطالعہ ہم الگ الگ کریں گے:

- إفعَال
- مُفَاعَلَة
- تَفَاعُل
- إستِفعَال
- تَفعِيل
- تَفَعُّل
- إفتِعَال
- إنفِعَال

کیا آپ جانتے ہیں؟ عربوں کا رابطہ تجارتی مقاصد کے لئے دوسری قوموں جیسے یمن، ایران، حبشہ اور روم سے ہوا کرتا تھا۔ اس کے نتیجے میں بہت سے عجمی یا غیر عربی الفاظ عربی میں داخل ہو جایا کرتے تھے۔ عرب ان الفاظ کی شکل تبدیل کر کے اسے عربی رنگ دے لیا کرتے تھے۔ نہ صرف عربی بلکہ دنیا کی ہر زبان میں یہی معاملہ کیا جاتا ہے۔

آج کا اصول: کسی کام میں شدت کا تاثر پیدا کرنے کے لئے عربی میں باب کے مصدر کو استعمال کیا جاتا ہے۔ جیسے وَيُخرِجُكُمْ إِخرَاجاً (وہ تمہیں بھرپور طریقے سے باہر لے آیا)۔ اس کی بہت سی مثالیں آپ کو بی سیریز کے اسباق میں ملیں گی۔

سبق 1A: ثلاثی مزید فیہ کے ابواب

ثلاثی مزید فیہ کا پہلا باب "افعال" ہے۔ اس کی علامت شروع میں آنے والا "أَ" ہے۔ اس کی صرف صغیر دیکھیے۔

باب إفعَال صَرف صَغِير (مادة خ ر ج)

فعل	واحد مذكر غائب	مَعنى	اسْم	واحد مذكر	مَعنى
ماضي معلوم	أَخْرَجَ	اس نے نکالا	مصدر	إِخْرَاجٌ	نکالنا
ماضي مجهول	أُخْرِجَ	اسے نکالا گیا	فاعل	مُخْرِجٌ	نکالنے والا
مضارع معلوم	يُخْرِجُ	وہ نکالتا ہے یا نکالے گا	مفعول	مُخْرَجٌ	نکالا جانے والا
مضارع مجهول	يُخْرَجُ	اسے نکالا جاتا ہے / جائے گا	ظرف	مُخْرَجٌ	نکالنے کی جگہ
أمر حاضر معلوم	أَخْرِجْ	نکالو!	عام طور پر مصدر ہی باب کے نام کے طور پر استعمال ہوتا ہے۔ چونکہ یہ مصدر إفعال کے وزن پر آتا ہے، اس لئے اس باب کا نام افعال ہے۔ باب افعال کا مصدر إفَالَة کے وزن پر بھی آتا ہے جیسے إقامَة (قائم کرنا)، إعانَة (مدد کرنا)، إهانَة (توہین کرنا) وغیرہ۔ مفعول اور ظرف کے لئے ایک جیسے الفاظ ہی استعمال ہوتے ہیں۔ دیگر اسمائے مشتقہ جیسے صفت، مبالغہ اور تفضیل، ثلاثی مزید فیہ میں استعمال نہیں ہوتے۔		
أمر غائب معلوم	لِيُخْرِجْ	اسے نکالنا چاہیے			
أمر مجهول	لِيُخْرَجْ	اسے نکالا جائے			
نهي معلوم	لا يُخْرِجْ	اسے نہیں نکالنا چاہیے			
نهي مجهول	لا يُخْرَجْ	اسے نہیں نکالا جانا چاہیے			

- ثلاثی مزید کے تمام ابواب میں اسماء اور افعال کا سانچہ ایک سا رہتا ہے۔ آپ پچھلے لیول میں دیکھ چکے ہیں کہ ثلاثی مجرد میں ع کلمہ پر فتحہ، کسرہ اور ضمہ تینوں آتی رہتی ہیں۔ اس کے برعکس ثلاثی مزید میں تمام حرکات ہمیشہ یکساں رہتی ہیں۔
- باب افعال عام طور پر فعل لازم کو متعدی بناتا ہے یعنی کسی دوسرے شخص پر فعل کے انجام دینے کو بیان کرتا ہے۔ جیسے خَرَجَ يَخرُجُ کا معنی ہے "نکلنا"۔ جب اس مادے سے باب افعال بنایا جاتا ہے تو یہ أخرَجَ يُخرِجُ بن جاتا ہے جس کا معنی ہے "نکالنا"۔ اسی طرح نَكَحَ يَنكِحُ کا معنی ہے "نکاح کرنا" جبکہ باب افعال سے أنكَحَ يُنكِحُ کا معنی ہے " نکاح کروانا"۔
- تمام افعال اور اسماء کے باقی صیغے آپ اسی طرح بنا سکتے ہیں جیسے آپ ثلاثی مجرد میں بنایا کرتے تھے۔ اگلے صفحے پر دی گئی صرف کبیر کو دیکھیے۔ اس کے بعد ان الفاظ کی صرف صغیر اور کبیر خود بنائیے: إنذار (خبردار کرنا)، إرشَاد (راہنمائی کرنا)، إصلاحٌ (اصلاح کرنا)، إنزالٌ (نیچے اتارنا) وغیرہ۔

یہاں مادہ "خ ر ج" کے باب افعال کی صرف کبیر دی جا رہی ہے۔ صیغوں کی ترتیب وہی ہے۔ ترجمہ آپ خود کیجیے۔

باب إفعَال صَرف كبير (مادة خ ر ج)		
فعل | اسْم	صرف صغير	صرف كبير
مصدر	إخْرَاجٌ	مصدر کی صرف کبیر نہیں بنائی جاسکتی۔
ماضي معلوم	أخْرَجَ	أخْرَجَا، أخْرَجُوا، أخْرَجَتْ، أخْرَجَتَا، أخْرَجْنَ، أخْرَجْتَ، أخْرَجْتُمَا، أخْرَجْتُم، أخْرَجْتِ، أخْرَجْتُمَا، أخْرَجْتُنَّ، أخْرَجْتُ، أخْرَجْنَا
ماضي مجهول	أُخْرِجَ	أُخْرِجَا، أُخْرِجُوا، أُخْرِجَتْ، أُخْرِجَتَا، أُخْرِجْنَ، أُخْرِجْتَ، أُخْرِجْتُمَا، أُخْرِجْتُم، أُخْرِجْتِ، أُخْرِجْتُمَا، أُخْرِجْتُنَّ، أُخْرِجْتُ، أُخْرِجْنَا
مضارع معلوم	يُخْرِجُ	يُخْرِجَانِ، يُخْرِجُونَ، تُخْرِجُ، تُخْرِجَانِ، يُخْرِجْنَ، تُخْرِجُ، تُخْرِجَانِ، تُخْرِجُونَ، تُخْرِجِينَ، تُخْرِجَانِ، تُخْرِجْنَ، أُخْرِجُ، نُخْرِجُ
مضارع مجهول	يُخْرَجُ	يُخْرَجَانِ، يُخْرَجُونَ، تُخْرَجُ، تُخْرَجَانِ، يُخْرَجْنَ، تُخْرَجُ، تُخْرَجَانِ، تُخْرَجُونَ، تُخْرَجِينَ، تُخْرَجَانِ، تُخْرَجْنَ، أُخْرَجُ، نُخْرَجُ
أمر حاضر معلوم	أخْرِجْ	أخْرِجَا، أخْرِجُوا، أخْرِجِي، أخْرِجَا، أخْرِجْنَ
أمر غائب معلوم	لِيُخْرِجْ	لِيُخْرِجَا، لِيُخْرِجُوا، لِتُخْرِجْ، لِتُخْرِجَا، لِيُخْرِجْنَ، لِأُخْرِجْ، لِنُخْرِجْ
أمر مجهول	لِيُخْرَجْ	لِيُخْرَجَا، لِيُخْرَجُوا، لِتُخْرَجْ، لِتُخْرَجَا، لِيُخْرَجْنَ، لِتُخْرَجْ، لِتُخْرَجَا، لِتُخْرَجُوا، لِتُخْرَجِي، لِتُخْرَجَا، لِتُخْرَجْنَ، لِأُخْرَجْ، لِنُخْرَجْ
نهى معلوم	لا يُخْرِجْ	لا يُخْرِجَا، لا يُخْرِجُوا، لا تُخْرِجْ، لا تُخْرِجَا، لا يُخْرِجْنَ، لا تُخْرِجْ، لا تُخْرِجَا، لا تُخْرِجُوا، لا تُخْرِجِي، لا تُخْرِجَا، لا تُخْرِجْنَ، لا أُخْرِجْ، لا نُخْرِجْ
نهى مجهول	لا يُخْرَجْ	لا يُخْرَجَا، لا يُخْرَجُوا، لا تُخْرَجْ، لا تُخْرَجَا، لا يُخْرَجْنَ، لا تُخْرَجْ، لا تُخْرَجَا، لا تُخْرَجُوا، لا تُخْرَجِي، لا تُخْرَجَا، لا تُخْرَجْنَ، لا أُخْرَجْ، لا نُخْرَجْ
فاعل	مُخْرِجٌ	مُخْرِجَانِ، مُخْرِجُونَ، مُخْرِجَةٌ ، مُخْرِجَتَانِ، مُخْرِجَاتٌ
مفعول	مُخْرَجٌ	مُخْرَجَانِ، مُخْرَجُونَ، مُخْرَجَةٌ ، مُخْرَجَتَانِ، مُخْرَجَاتٌ
ظرف	مُخْرَجٌ	مُخْرَجَانِ، مُخْرَجَاتٌ

سبق 1A: ثلاثی مزید فیہ کے ابواب

ثلاثی مزید فیہ کا دوسرا باب "تفعیل" ہے۔ اس کی علامت ع کلمہ پر تشدید ہے۔ صرف صغیر دیکھیے:

باب تفعِیل صَرف صَغِیر (مادة ع ل م)

فعل	واحد مذكر غائب	مَعنی	اسْم	واحد مذكر	مَعنی
ماضي معلوم	عَلَّمَ	اس نے تعلیم دی	مصدر	تَعلِيمٌ	علم سکھانا، علم دینا
ماضي مجهول	عُلِّمَ	اسے تعلیم دی گئی	فاعل	مُعَلِّمٌ	تعلیم دینے والا
مضارع معلوم	يُعَلِّمُ	وہ تعلیم دیتا ہے یا دے گا	مفعول	مُعَلَّمٌ	جسے تعلیم دی جائے
مضارع مجهول	يُعَلَّمُ	اسے تعلیم دی جاتی ہے / جائے گی	ظرف	مُعَلَّمٌ	تعلیم دینے کی جگہ
أمر حاضر معلوم	عَلِّمْ	تعلیم دو!	بعض مادوں کے لئے باب تفعیل کا مصدر کے وزن پر تَفعلة آتا ہے جیسے تذکِرَة (یاد کروانا)، تجربَة (تجربہ کرنا)، تبصِرَة (بصارت افروز کرنا)۔ مفعول اور ظرف کے لئے الفاظ ایک سے ہوتے ہیں۔		
أمر غائب معلوم	لِيُعَلِّمْ	اسے تعلیم دینی چاہیے			
أمر مجهول	لِيُعَلَّمْ	اسے تعلیم دی جانی چاہیے			
نهي معلوم	لا يُعَلِّمْ	اسے تعلیم نہیں دینی چاہیے			
نهي مجهول	لا يُعَلَّمْ	اسے تعلیم نہیں دی جانی چاہیے			

- ثلاثی مزید فیہ کے تمام ابواب میں اسماء اور افعال کا سانچہ ایک سا رہتا ہے۔ آپ پچھلے لیول میں دیکھ چکے ہیں کہ ثلاثی مجرد میں ع کلمہ پر فتحہ، کسرہ اور ضمہ تینوں آتی رہتی ہیں۔ اس کے برعکس ثلاثی مزید میں تمام حرکات ہمیشہ یکساں رہتی ہیں۔
- باب افعال کی طرح، باب تفعیل بھی فعل کو اکثر متعدی بنا دیتا ہے یعنی فعل کو کسی دوسرے شخص پر سر انجام دیا جاتا ہے۔ جیسے عَلِمَ یَعلَمُ کا معنی ہے "جاننا" جبکہ باب تفعیل کے عَلَّمَ یُعَلِّمُ کا معنی ہے "دوسرے کو سکھانا یا تعلیم دینا"۔ اسی طرح ذَکَرَ یَذکُرُ کا معنی ہے "یاد کرنا" جبکہ ذَکَّرَ یُذَکِّرُ کا معنی ہے "یاد کروانا"۔
- تمام افعال اور اسماء کے باقی صیغے آپ اسی طرح بنا سکتے ہیں جیسے آپ ثلاثی مجرد میں بنایا کرتے تھے۔ راہنمائی کے لئے پچھلے صفحے پر دی گئی باب افعال کی صرف کبیر کو دیکھیے۔ اس کے بعد ان الفاظ کی صرف صغیر اور کبیر خود بنائیے: تفصيل (تفصیل بتانا)، تجربَة (تجربہ کرنا)، تكميل (مکمل کرنا)، تبليغ (تبلیغ کرنا)، تذكِير (یاد کروانا)، تنصيب (نصب کرنا) وغیرہ۔

سبق 1A: ثلاثی مزید فیہ کے ابواب

اپنی صلاحیت کا امتحان لیجیے! سرخ رنگ میں دیے گئے الفاظ کا معنی لکھ کر خالی جگہ پر کیجیے۔ مصدر کا معنی اس صفحے پر دیا جا رہا ہے۔ آپ کو اسے اسم یا فعل کے مطابق ایڈجسٹ کرنا ہے۔ فعل یا اسم کا نام، باب اور صیغہ بھی بتائیے۔

عربي	اردو	عربي	اردو	عربي	اردو
إيمَانٌ	ایمان لانا	تَذبِيحٌ	ذبح کرنا	إنارةٌ	روشن کرنا
إقَامَةٌ	قائم کرنا	إغراقٌ	غرق کر دینا	إنَابَةٌ	مقرر کرنا، توبہ کرنا
إنفَاقٌ	خرچ کرنا	تَحرِيفٌ	تبدیل کر دینا	تَفضِيلٌ	فضیلت دینا
إيقَانٌ	یقین رکھنا	تَبشِيرٌ	بشارت دینا	تَفصِيلٌ	تفصیل بیان کرنا
إنذارٌ	خبردار کرنا	تَعلِيمٌ	تعلیم دینا	إسْرَاف	حد سے بڑھنا
إنعَامٌ	نعمتیں دینا، انعام کرنا	تَكرِيمٌ	عزت دینا	تَسوِيم	نشان لگانا
إفسَادٌ	فساد پھیلانا	إدخالٌ	داخل کرنا	تَدبِيرٌ	تدبیر کرنا، منصوبہ بنانا
إصلاحٌ	اصلاح کرنا	تَطهِيرٌ	پاکیزہ کرنا	تَسخِيرٌ	تسخیر کرنا، استعمال میں لانا
إبْصَارٌ	دیکھنا، بصیرت رکھنا	تَقرِيبٌ	قریب کرنا	إبَانَةٌ	واضح بیان کرنا
إخراجٌ	نکالنا	إحسَانٌ	احسان / نیکی کرنا	تَصْرِيفٌ	گردش دینا، بات کو گھمانا
تَسبِيحٌ	عظمت بیان کرنا	تَحرِيمٌ	حرام قرار دینا	تَذكِيرٌ	یاد دلانا
تَقدِيسٌ	پاکیزگی بیان کرنا	إنزالٌ	اتارنا، نازل کرنا	شَعَرَ يَشعُرُ	شعور رکھنا
إنبَاءٌ	معلومات فراہم کرنا	تَنزِيلٌ	آہستہ آہستہ اتارنا	ظَلَّ يَظِّلُ	سایہ کرنا
إزَالَةٌ	ازالہ کرنا، ہٹا دینا	إرسَال	بھیجنا	عَقَلَ يَعقِلُ	عقل سے سمجھنا

آج کا اصول: آپ پچھلے لیولز میں یہ سیکھ چکے ہیں کہ بعض ایسے افعال ہوتے ہیں جنہیں مفعول کی ضرورت نہیں ہوتی۔ انہیں "فعل لازم" کہا جاتا ہے جیسے ذَهَبَ زَيدٌ (زید گیا)۔ اس کے علاوہ بعض ایسے افعال بھی ہوتے ہیں جن کا مفہوم مفعول کے بغیر سمجھ میں نہیں آتا۔ انہیں "فعل متعدی" کہا جاتا ہے جیسے كَتَبَ زَيدٌ رِسَالَةً (زید نے خط لکھا)۔ اگر یہاں "خط" کو بیان نہ کیا جائے تو پوری بات سمجھ میں نہ آئے گی۔ عربی میں کسی فعل لازم کو متعدی بنانے کے لئے اسے باب افعال یا تفعیل میں استعمال کیا جاتا ہے۔ جیسے جَلَسَ (وہ بیٹھا)، أجْلَسَ (اس نے بٹھایا)، نَزَلَ (وہ اترا)، نَزَّلَ (اس نے اتارا)، وغیرہ۔

سبق 1A: ثلاثی مزید فیہ کے ابواب

عربي	اردو	صيغة
الَّذِينَ يُؤْمِنُونَ بِالْغَيْبِ وَيُقِيمُونَ الصَّلَاةَ وَمِمَّا رَزَقْنَاهُمْ يُنفِقُونَ	وہ لوگ جو چھپی ہوئی باتوں پر ایمان لاتے ہیں، نماز قائم کرتے ہیں اور ہم نے انہیں جو رزق دیا ہے، اس میں خرچ کرتے ہیں۔	باب إفعال، فعل مضارع، جمع مذكر غائب
بِالْآخِرَةِ هُمْ يُوقِنُونَ	آخرت پر ______	
إِنَّ الَّذِينَ كَفَرُوا سَوَاءٌ عَلَيْهِمْ ءَأَنذَرْتَهُمْ أَمْ لَمْ تُنذِرْهُمْ لَا يُؤْمِنُونَ	یقیناً جن لوگوں نے کفر کیا، برابر ہے کہ آپ انہیں ______ یا ______ نہ کریں،	
صِرَاطَ الَّذِينَ أَنْعَمْتَ عَلَيْهِمْ	ان کا راستہ جن پر ______	
إِذَا قِيلَ لَهُمْ لَا تُفْسِدُوا فِي الْأَرْضِ قَالُوا إِنَّمَا نَحْنُ مُصْلِحُونَ	جب ان سے کہا گیا کہ زمین میں ______ تو وہ بولے، ہم تو ______	
أَلَا إِنَّهُمْ هُمُ الْمُفْسِدُونَ وَلَكِنْ لَا يَشْعُرُونَ	خبردار! یقیناً وہی تو ______ لیکن ______	
تَرَكَهُمْ فِي ظُلُمَاتٍ لَا يُبْصِرُونَ	اس نے انہیں اندھیروں میں چھوڑ دیا، وہ نہیں ______	
أَنْزَلَ مِنَ السَّمَاءِ مَاءً فَأَخْرَجَ بِهِ مِنَ الثَّمَرَاتِ	اس نے آسمان سے پانی ______ اور اس سے پھل ______	
نَحْنُ نُسَبِّحُ بِحَمْدِكَ وَنُقَدِّسُ لَكَ	ہم ______ تیری حمد کے ساتھ اور تیرے لئے ______	
يَا آدَمُ أَنْبِئْهُمْ بِأَسْمَائِهِمْ فَلَمَّا أَنْبَأَهُمْ بِأَسْمَائِهِمْ	اے آدم! انہیں ان کے ناموں کے بارے میں ______۔ تو جب انہوں نے ان کے نام کے بارے میں انہیں ______	
فَأَزَلَّهُمَا الشَّيْطَانُ عَنْهَا فَأَخْرَجَهُمَا مِمَّا كَانَا فِيهِ	تو ان دونوں کو شیطان نے (اللہ کے حکم سے) ______ اور ان دونوں کو ______ جس میں وہ تھے۔	

سبق 1A: ثلاثی مزید فیہ کے ابواب

عربي	اردو	صيغة
اذْكُرُوا نِعْمَتِي الَّتِي أَنْعَمْتُ عَلَيْكُمْ وَأَنِّي فَضَّلْتُكُمْ عَلَى الْعَالَمِينَ	میری اس نعمت کو یاد کرو جو تم پر ____ اور میں نے تمام جہانوں پر ____	
يُذَبِّحُونَ أَبْنَاءَكُمْ	تمہارے بیٹوں کو ____	
أَغْرَقْنَا آلَ فِرْعَوْنَ	آل فرعون کو ____	
ظَلَّلْنَا عَلَيْكُمُ الْغَمَامَ	تم پر بادل کا ____	
يَسْمَعُونَ كَلَامَ اللّٰهِ ثُمَّ يُحَرِّفُونَهُ مِنْ بَعْدِ مَا عَقَلُوهُ وَهُمْ يَعْلَمُونَ	اللہ کے کلام کو ____، پھر ____ بعد اس کے کہ ____ اور ____	
بَشِّرْ الَّذِينَ آمَنُوا وَعَمِلُوا الصَّالِحَاتِ	____ ان کو جو ایمان لائے اور انہوں نے نیک عمل کیے	
عَلَّمَ آدَمَ الْأَسْمَاءَ	آدم کو نام ____	
هَذَا الَّذِي كَرَّمْتَ عَلَيَّ	یہ ہے وہ جسے ____ مجھ پر	
رَبِّ أَدْخِلْنِي مُدْخَلَ صِدْقٍ وَأَخْرِجْنِي مُخْرَجَ صِدْقٍ	میرے رب! مجھے ____ سچائی کے ساتھ ____ اور مجھے ____ سچائی کے ساتھ ____	
فِي صُحُفٍ مُكَرَّمَةٍ مَرْفُوعَةٍ مُطَهَّرَةٍ	____ صحیفوں میں جو کہ ____ اور ____	
عَيْناً يَشْرَبُ بِهَا الْمُقَرَّبُونَ	ایک چشمہ، جس سے ____ پئیں گے	
وَسَنَزِيدُ الْمُحْسِنِينَ	عنقریب ہم زیادہ دیں گے ____	
هُوَ مُحَرَّمٌ عَلَيْكُمْ إِخْرَاجُهُمْ	ان کا وہ نکالنا تمہارے لئے ____	
لَقَدْ كَرَّمْنَا بَنِي آدَمَ	یقیناً! ____ بنی آدم کو	

چیلنج! اس سبق میں دیے گئے الفاظ کے علاوہ قرآن مجید سے باب افعال اور باب تفعیل کے دس دس الفاظ تلاش کیجیے۔

سبق 1A: ثلاثی مزید فیہ کے ابواب

عربي	اردو	صيغة
أَمْ نَحنُ الْمُنْزِلُونَ	یا ہم_____	
مِنْ الْمَلائِكَةِ مُنْزَلِينَ	فرشتوں میں سے جو_____	
أَنَّهُ مُنَزَّلٌ مِنْ رَبِّكَ	یہ کہ وہ_____ تمہارے رب کی جانب سے	
يَا أَيُّهَا النَّبِيُّ إِنَّا أَرْسَلْنَاكَ شَاهِداً وَمُبَشِّراً وَنَذِيراً. وَدَاعِياً إِلَى اللَّهِ بِإِذْنِهِ وَسِرَاجاً مُنِيراً	اے نبی! آپ کو_____ بطور گواہ کے، اور_____ اور_____ کے اور اللہ کی اجازت سے اس کی طرف بلانے والے کے اور بطور_____ چراغ کے	
إِنَّ فِي ذَلِكَ لَآيَةً لِكُلِّ عَبْدٍ مُنِيبٍ	یقیناً اس میں نشانی ہے ہر_____ بندے کے لئے	
هُوَ الَّذِي أَنزَلَ إِلَيْكُمْ الْكِتَابَ مُفَصَّلاً	وہی ہے جس نے_____ کتاب کو تم پر نازل کیا	
كَذَلِكَ زُيِّنَ لِلْمُسْرِفِينَ مَا كَانُوا يَعْمَلُونَ	اسی طرح_____ کے لئے مزین کر دیا گیا ہے جو وہ_____	
مُسَوَّمَةً عِنْدَ رَبِّكَ	تمہارے رب کی طرف سے_____	
يُدَبِّرُ الأَمْرَ يُفَصِّلُ الآيَاتِ لَعَلَّكُمْ بِلِقَاءِ رَبِّكُمْ تُوقِنُونَ	وہ معاملات کی_____ اور نشانیوں کو_____ تاکہ تم اپنے رب کی ملاقات پر_____	
وَسَخَّرَ لَكُمْ اللَّيْلَ وَالنَّهَارَ وَالشَّمْسَ وَالْقَمَرَ وَالنُّجُومُ مُسَخَّرَاتٌ بِأَمْرِهِ	تمہارے لئے دن و رات کو_____، جبکہ سورج، چاند، ستارے اس کے حکم کے تحت_____	
هَذَا لِسَانٌ عَرَبِيٌّ مُبِينٌ	یہ_____ عربی زبان ہے	
وَلَقَدْ صَرَّفْنَا فِي هَذَا الْقُرْآنِ لِيَذَّكَّرُوا	یقیناً اس قرآن میں_____، تاکہ_____	

آج کا اصول: اگر کوئی فعل ثلاثی مجرد ہی میں متعدی ہو تو باب تفعیل میں آکر اس میں شدت پیدا ہو جائے گی۔ جیسے قَتَلَ الْمُجْرِمُ رَجُلاً (مجرم نے ایک شخص کو قتل کر دیا)۔ باب تفعیل میں یہ ہو جائے گا: قَتَّلَ الْمُجْرِمُ أَهْلَ القَرية (مجرم نے گاؤں والوں کا قتل عام کر دیا) یا قَتَّلَ الْمُجْرِمُ رَجُلاً (مجرم نے ایک شخص کو بری طرح قتل کر دیا)۔ اسی طرح قَطَعْتُ الْحَبَلَ (میں نے رسی کو کاٹا)، قَطَّعْتُ الْحَبَلَ (میں نے رسی کو کاٹ کر ٹکڑے ٹکڑے کر دیا)، كَسَرَ الْقَلَمَ (اس نے قلم توڑ دیا)، كَسَّرَ الْقَلَمَ (اس نے قلم کو توڑ کر چکنا چور کر دیا) وغیرہ۔

سبق 1B: سورۃ الملک یا سورۃ الانشقاق

اس سبق میں ہم قرآن مجید کی ان سورتوں کا مطالعہ کریں گے جو اپنی بلاغت اور شعری حسن کے لئے مشہور ہیں۔ اب چونکہ آپ عربی متن کو سمجھنے کی صلاحیت رکھتے ہیں، اس وجہ سے جوابات کی کتاب میں بی سیریز کا ترجمہ فراہم نہیں کیا جائے گا۔

تعمیر شخصیت
مذہبی اور عقلی ترقی کے لئے سب سے اہم چیز "امن" ہے۔ کسی ایسی سرگرمی میں حصہ نہ لیجیے جو آپ کے معاشرے کے امن کو تباہ کرے۔ تشدد اور نفرت کی زبان سے پرہیز کیجیے۔

سُورَةُ الملك

بسم الله الرحْمن الرحيم

تَبَارَكَ الَّذِي بِيَدِهِ الْمُلْكُ وَهُوَ عَلَى كُلِّ شَيْءٍ قَدِيرٌ. الَّذِي خَلَقَ الْمَوْتَ وَالْحَيَاةَ لِيَبْلُوَكُمْ أَيُّكُمْ أَحْسَنُ عَمَلاً وَهُوَ الْعَزِيزُ الْغَفُورُ. الَّذِي خَلَقَ سَبْعَ سَمَاوَاتٍ طِبَاقاً مَا تَرَى فِي خَلْقِ الرَّحْمَنِ مِنْ تَفَاوُتٍ فَارْجِعِ الْبَصَرَ هَلْ تَرَى مِنْ فُطُورٍ. ثُمَّ ارْجِعِ الْبَصَرَ كَرَّتَيْنِ يَنقَلِبْ إِلَيْكَ الْبَصَرُ خَاسِئاً وَهُوَ حَسِيرٌ.

وَلَقَدْ زَيَّنَّا السَّمَاءَ الدُّنْيَا بِمَصَابِيحَ وَجَعَلْنَاهَا رُجُوماً لِلشَّيَاطِينِ وَأَعْتَدْنَا لَهُمْ عَذَابَ السَّعِيرِ. وَلِلَّذِينَ كَفَرُوا بِرَبِّهِمْ عَذَابُ جَهَنَّمَ وَبِئْسَ الْمَصِيرُ. إِذَا أُلْقُوا فِيهَا سَمِعُوا لَهَا شَهِيقاً وَهِيَ تَفُورُ. تَكَادُ تَمَيَّزُ مِنْ الْغَيْظِ كُلَّمَا أُلْقِيَ فِيهَا فَوْجٌ سَأَلَهُمْ خَزَنَتُهَا أَلَمْ يَأْتِكُمْ نَذِيرٌ. قَالُوا بَلَى قَدْ جَاءَنَا نَذِيرٌ فَكَذَّبْنَا وَقُلْنَا مَا نَزَّلَ اللَّهُ مِنْ شَيْءٍ إِنْ أَنْتُمْ إِلاَّ فِي ضَلالٍ كَبِيرٍ. وَقَالُوا لَوْ كُنَّا نَسْمَعُ أَوْ نَعْقِلُ مَا كُنَّا فِي أَصْحَابِ السَّعِيرِ. فَاعْتَرَفُوا بِذَنْبِهِمْ فَسُحْقاً لأَصْحَابِ السَّعِيرِ.

الفاظ	معانی	الفاظ	معانی	الفاظ	معانی
لِيَبْلُوَكُمْ	تاکہ وہ تمہیں آزمائے	حَسِيرٌ	تھکی ماندی	تَمَيَّزُ	وہ پھٹ جائے گی
طِبَاقاً	طبق در طبق، اوپر نیچے	زَيَّنَّا	ہم نے سجایا، مزین کیا	الْغَيْظِ	غصہ، غیظ و غضب
تَفَاوُتٍ	رخنہ، خامی	مَصَابِيحَ	چراغ، مصباح کی جمع	خَزَنَتُهَا	اس کے محافظ
فُطُورٍ	رخنہ	رُجُوماً	بمباری، زور سے مارنا	نَذِيرٌ	خبر دار کرنے والا
كَرَّتَيْنِ	دوبارہ	السَّعِيرِ	جہنم	اعْتَرَفُوا	انہوں نے اعتراف کیا
يَنقَلِبْ	وہ واپس پلٹے گی	شَهِيقاً	چنگھاڑتی	فَسُحْقاً	تو ہلاکت ہے!!!
خَاسِئاً	ذلیل، حقیر	تَفُورُ	وہ ابل رہی ہوگی		

إِنَّ الَّذِينَ يَخْشَوْنَ رَبَّهُمْ بِالْغَيْبِ لَهُمْ مَغْفِرَةٌ وَأَجْرٌ كَبِيرٌ. وَأَسِرُّوا قَوْلَكُمْ أَوْ اجْهَرُوا بِهِ إِنَّهُ عَلِيمٌ بِذَاتِ الصُّدُورِ. أَلا يَعْلَمُ مَنْ خَلَقَ وَهُوَ اللَّطِيفُ الْخَبِيرُ؟ هُوَ الَّذِي جَعَلَ لَكُمْ الأَرْضَ ذَلُولاً فَامْشُوا فِي مَنَاكِبِهَا وَكُلُوا مِنْ رِزْقِهِ وَإِلَيْهِ النُّشُورُ. أَ أَمِنتُمْ مَنْ فِي السَّمَاءِ أَنْ يَخْسِفَ بِكُمْ الأَرْضَ فَإِذَا هِيَ تَمُورُ؟ أَمْ أَمِنتُمْ مَنْ فِي السَّمَاءِ أَنْ يُرْسِلَ عَلَيْكُمْ حَاصِباً فَسَتَعْلَمُونَ كَيْفَ نَذِيرِ؟ وَلَقَدْ كَذَّبَ الَّذِينَ مِنْ قَبْلِهِمْ فَكَيْفَ كَانَ نَكِيرِ. أَوَلَمْ يَرَوْا إِلَى الطَّيْرِ فَوْقَهُمْ صَافَّاتٍ وَيَقْبِضْنَ؟ مَا يُمْسِكُهُنَّ إِلاَّ الرَّحْمَنُ إِنَّهُ بِكُلِّ شَيْءٍ بَصِيرٌ. أَمَّنْ هَذَا الَّذِي هُوَ جُندٌ لَكُمْ يَنصُرُكُمْ مِنْ دُونِ الرَّحْمَنِ؟ إِنْ الْكَافِرُونَ إِلاَّ فِي غُرُورٍ. أَمَّنْ هَذَا الَّذِي يَرْزُقُكُمْ إِنْ أَمْسَكَ رِزْقَهُ؟ بَلْ لَجُّوا فِي عُتُوٍّ وَنُفُورٍ. أَفَمَنْ يَمْشِي مُكِبّاً عَلَى وَجْهِهِ أَهْدَى أَمَّنْ يَمْشِي سَوِيّاً عَلَى صِرَاطٍ مُسْتَقِيمٍ؟

قُلْ هُوَ الَّذِي أَنشَأَكُمْ وَجَعَلَ لَكُمْ السَّمْعَ وَالأَبْصَارَ وَالأَفْئِدَةَ قَلِيلاً مَا تَشْكُرُونَ. قُلْ هُوَ الَّذِي ذَرَأَكُمْ فِي الأَرْضِ وَإِلَيْهِ تُحْشَرُونَ. وَيَقُولُونَ مَتَى هَذَا الْوَعْدُ إِنْ كُنتُمْ صَادِقِينَ. قُلْ إِنَّمَا الْعِلْمُ عِنْدَ اللَّهِ وَإِنَّمَا أَنَا نَذِيرٌ مُبِينٌ. فَلَمَّا رَأَوْهُ زُلْفَةً سِيئَتْ وُجُوهُ الَّذِينَ كَفَرُوا وَقِيلَ هَذَا الَّذِي كُنتُمْ بِهِ تَدَّعُونَ. قُلْ أَرَأَيْتُمْ إِنْ أَهْلَكَنِي اللَّهُ وَمَنْ مَعِي أَوْ رَحِمَنَا فَمَنْ يُجِيرُ الْكَافِرِينَ مِنْ عَذَابٍ أَلِيمٍ؟ قُلْ هُوَ الرَّحْمَنُ آمَنَّا بِهِ وَعَلَيْهِ تَوَكَّلْنَا فَسَتَعْلَمُونَ مَنْ هُوَ فِي ضَلالٍ مُبِينٍ. قُلْ أَرَأَيْتُمْ إِنْ أَصْبَحَ مَاؤُكُمْ غَوْراً فَمَنْ يَأْتِيكُمْ بِمَاءٍ مَعِينٍ؟

الفاظ	معانی	الفاظ	معانی	الفاظ	معانی
أَسِرُّوا	تم چھپاؤ	صَافَّاتٍ	پر پھیلائے	مُكِبّاً، سَوِيّاً	اوندھے منہ چلنے والا، سیدھا
ذَلُولاً	فرمانبردار	يَقْبِضْنَ	انہیں سکیڑتے ہوئے	ذَرَأَكُمْ	اس نے تمہیں بنایا
مَنَاكِبِهَا	اس کے راستے	يُمْسِكُهُنَّ	وہ انہیں تھامتا ہے	زُلْفَةً	پہنچنے والی، قریب
النُّشُورُ	اٹھایا جانا	أَمَّنْ، أم من	یا کون ہے؟ تو کونسا؟	سِيئَتْ	وہ خراب ہوگئی
يَخْسِفَ	وہ دھنساتا ہے	غُرُورٍ	دھوکہ	يُجِيرُ	وہ حفاظت کرتا ہے
تَمُورُ	وہ جھکولے کھارہی ہے	لَجُّوا	انہوں نے اصرار کیا	تَوَكَّلْنَا	ہم نے توکل کیا
حَاصِباً	تندو تیز آندھی	عُتُوٍّ	باغیانہ پن، تکبر	غَوْراً	گہری زمین میں جاتے ہوئے
نَكِيرِ	لعنت، گرفت	نُفُورٍ	نفرت	مَعِينٍ	تازہ اور صاف

سُورَةُ القلم	بسم الله الرحْمن الرحيم

ن وَالْقَلَمِ وَمَا يَسْطُرُونَ. مَا أَنْتَ بنعْمَة رَبِّكَ بمَجْنُون. وَإِنَّ لَكَ لأَجْراً غَيْرَ مَمْنُون. وَإِنَّكَ لَعَلى خُلُقٍ عَظيمٍ. فَسَتُبْصِرُ وَيُبْصِرُونَ. بِأَيِّيكُمْ الْمَفْتُونُ. إِنَّ رَبَّكَ هُوَ أَعْلَمُ بِمَنْ ضَلَّ عَنْ سَبِيله وَهُوَ أَعْلَمُ بِالْمُهْتَدِينَ. فَلا تُطعْ الْمُكَذِّبِينَ. وَدُّوا لَوْ تُدْهِنُ فَيُدْهِنُونَ. وَلا تُطعْ كُلَّ حَلاَّفٍ مَهِينٍ. هَمَّازٍ مَشَّاءٍ بِنَمِيمٍ. مَنَّاعٍ لِلْخَيْرِ مُعْتَدٍ أَثِيمٍ. عُتُلٍّ بَعْدَ ذَلِكَ زَنِيمٍ. أَنْ كَانَ ذَا مَالٍ وَبَنِينَ. إِذَا تُتْلَى عَلَيْهِ آيَاتُنَا قَالَ أَسَاطِيرُ الأَوَّلِينَ. سَنَسِمُهُ عَلَى الْخُرْطُومِ.

إِنَّا بَلَوْنَاهُمْ كَمَا بَلَوْنَا أَصْحَابَ الْجَنَّةِ إِذْ أَقْسَمُوا لَيَصْرِمُنَّهَا مُصْبِحِينَ. وَلا يَسْتَثْنُونَ. فَطَافَ عَلَيْهَا طَائِفٌ مِنْ رَبِّكَ وَهُمْ نَائِمُونَ. فَأَصْبَحَتْ كَالصَّرِيمِ. فَتَنَادَوا مُصْبِحِينَ. أَنْ اغْدُوا عَلَى حَرْثِكُمْ إِنْ كُنتُمْ صَارِمِينَ. فَانطَلَقُوا وَهُمْ يَتَخَافَتُونَ. أَنْ لا يَدْخُلَنَّهَا الْيَوْمَ عَلَيْكُمْ مِسْكِينٌ. وَغَدَوْا عَلَى حَرْدٍ قَادِرِينَ. فَلَمَّا رَأَوْهَا قَالُوا إِنَّا لَضَالُّونَ. بَلْ نَحْنُ مَحْرُومُونَ. قَالَ أَوْسَطُهُمْ أَلَمْ أَقُلْ لَكُمْ لَوْلاً تُسَبِّحُونَ. قَالُوا سُبْحَانَ رَبِّنَا إِنَّا كُنَّا ظَالِمِينَ. فَأَقْبَلَ بَعْضُهُمْ عَلَى بَعْضٍ يَتَلاوَمُونَ. قَالُوا يَا وَيْلَنَا إِنَّا كُنَّا طَاغِينَ. عَسَى رَبُّنَا أَنْ يُبْدِلَنَا خَيْراً مِنْهَا إِنَّا إِلَى رَبِّنَا رَاغِبُونَ.

الفاظ	معانی	الفاظ	معانی	الفاظ	معانی
يَسْطُرُونَ	وہ لکھتے ہیں	بِنَمِيمٍ	چغلی کھانے کے لئے	لَيَصْرِمُنَّ	وہ ضرور توڑیں گے
مَمْنُونٍ	نہ ختم ہونے والا	مَنَّاعٍ	بہت منع کرنے والا	يَسْتَثْنُونَ	وہ نہ چھوڑیں گے
الْمَفْتُونُ	جنون میں مبتلا، پاگل	عُتُلٍّ	بداخلاق	طَائِفٌ	گردش کرنے والا
وَدُّوا	انہوں نے چاہا	زَنِيمٍ	خود کو غلط باپ سے منسوب کرے	الصَّرِيمِ	تیار فصل والا کھیت
تُدْهِنُ	تم نرم پڑو	أَسَاطِيرُ	افسانے، کہانیاں	فَتَنَادَوا	تو انہوں نے پکارا
حَلاَّفٍ	بہت قسمیں کھانے والا	نَسِمُ	ہم نشان لگائیں گے	صَارِمِينَ	فصل کاٹنے والے
مَهِينٍ	بے وقعت	خُرْطُومِ	تھوتھنی، ناک، سونڈ	يَتَخَافَتُونَ	وہ سرگوشی کرتے ہیں
هَمَّازٍ	طعنے دینے والا	بَلَوْنَا	ہم نے تھکا دیا	حَرْدٍ	غصہ، جوش
مَشَّاءٍ	بہت چلنے والا	أَقْسَمُوا	انہوں نے قسم کھائی	يَتَلاوَمُونَ	وہ ملامت کرنے لگے

كَذَلِكَ الْعَذَابُ وَلَعَذَابُ الآخِرَةِ أَكْبَرُ لَوْ كَانُوا يَعْلَمُونَ. إِنَّ لِلْمُتَّقِينَ عِنْدَ رَبِّهِمْ جَنَّاتِ النَّعِيمِ. أَفَنَجْعَلُ الْمُسْلِمِينَ كَالْمُجْرِمِينَ؟ مَا لَكُمْ كَيْفَ تَحْكُمُونَ؟ أَمْ لَكُمْ كِتَابٌ فِيهِ تَدْرُسُونَ؟ إِنَّ لَكُمْ فِيهِ لَمَا تَخَيَّرُونَ. أَمْ لَكُمْ أَيْمَانٌ عَلَيْنَا بَالِغَةٌ إِلَى يَوْمِ الْقِيَامَةِ إِنَّ لَكُمْ لَمَا تَحْكُمُونَ؟

سَلْهُمْ أَيُّهُمْ بِذَلِكَ زَعِيمٌ؟ أَمْ لَهُمْ شُرَكَاءُ فَلْيَأْتُوا بِشُرَكَائِهِمْ إِنْ كَانُوا صَادِقِينَ! يَوْمَ يُكْشَفُ عَنْ سَاقٍ وَيُدْعَوْنَ إِلَى السُّجُودِ فَلا يَسْتَطِيعُونَ. خَاشِعَةً أَبْصَارُهُمْ تَرْهَقُهُمْ ذِلَّةٌ وَقَدْ كَانُوا يُدْعَوْنَ إِلَى السُّجُودِ وَهُمْ سَالِمُونَ. فَذَرْنِي وَمَنْ يُكَذِّبُ بِهَذَا الْحَدِيثِ سَنَسْتَدْرِجُهُمْ مِنْ حَيْثُ لا يَعْلَمُونَ. وَأُمْلِي لَهُمْ إِنَّ كَيْدِي مَتِينٌ.

أَمْ تَسْأَلُهُمْ أَجْراً فَهُمْ مِنْ مَغْرَمٍ مُثْقَلُونَ؟ أَمْ عِنْدَهُمُ الْغَيْبُ فَهُمْ يَكْتُبُونَ؟ فَاصْبِرْ لِحُكْمِ رَبِّكَ وَلا تَكُنْ كَصَاحِبِ الْحُوتِ إِذْ نَادَى وَهُوَ مَكْظُومٌ. لَوْلا أَنْ تَدَارَكَهُ نِعْمَةٌ مِنْ رَبِّهِ لَنُبِذَ بِالْعَرَاءِ وَهُوَ مَذْمُومٌ. فَاجْتَبَاهُ رَبُّهُ فَجَعَلَهُ مِنَ الصَّالِحِينَ. وَإِنْ يَكَادُ الَّذِينَ كَفَرُوا لَيُزْلِقُونَكَ بِأَبْصَارِهِمْ لَمَّا سَمِعُوا الذِّكْرَ وَيَقُولُونَ إِنَّهُ لَمَجْنُونٌ. وَمَا هُوَ إِلاَّ ذِكْرٌ لِلْعَالَمِينَ.

چیلنج! اس سبق میں خاص طور پر تشبیہات، تمثیلات اور مجازی معنی میں کی گئی باتوں کو نوٹ کیجیے۔

الفاظ	معانی	الفاظ	معانی	الفاظ	معانی
النَّعِيمِ	نعمتیں	تَرْهَقُهُمْ	تم انہیں تھکاتے ہو	صَاحِبِ الْحُوتِ	مچھلی والے، سیدنا یونس علیہ السلام
تَحْكُمُونَ	تم فیصلہ کرتے ہو	فَذَرْنِي	تو مجھے چھوڑو		
تَخَيَّرُونَ	تم پسند کرتے ہو	نَسْتَدْرِجُ	ہم درجہ بدرجہ چلائیں گے	مَكْظُومٌ	غم سے بھرا ہوا
أَيْمَانٌ	قسمیں، یمین کی جمع	أُمْلِي	میں مہلت دوں گا	تَدَارَكَهُ	اس نے تدارک کیا
بَالِغَةٌ	لازم، پہنچنے والی	كَيْدِي	میری تدبیر یا پلاننگ	نُبِذَ	اسے پھینکا گیا
زَعِيمٌ	لیڈر، ضامن	مَتِينٌ	مضبوط، سخت	الْعَرَاءِ	جنگل، چٹیل جگہ
يُكْشَفُ عَنْ سَاقٍ	پنڈلی ظاہر کر دی جائے گی یعنی سخت مصیبت کا وقت	مَغْرَمٍ	جرمانہ	اجْتَبَا	اس نے برگزیدہ کیا
		مُثْقَلُونَ	بوجھ تلے دبے لوگ	يُزْلِقُونَ	وہ قدم اکھاڑتے ہیں

سُورَةُ الْحاقة

بسم الله الرحْمن الرحيم

الْحَاقَّةُ. مَا الْحَاقَّةُ. وَمَا أَدْرَاكَ مَا الْحَاقَّةُ. كَذَّبَتْ ثَمُودُ وَعَادٌ بِالْقَارِعَةِ. فَأَمَّا ثَمُودُ فَأُهْلِكُوا بِالطَّاغِيَةِ. وَأَمَّا عَادٌ فَأُهْلِكُوا بِرِيحٍ صَرْصَرٍ عَاتِيَةٍ. سَخَّرَهَا عَلَيْهِمْ سَبْعَ لَيَالٍ وَثَمَانِيَةَ أَيَّامٍ حُسُوماً، فَتَرَى الْقَوْمَ فِيهَا صَرْعَى كَأَنَّهُمْ أَعْجَازُ نَخْلٍ خَاوِيَةٍ. فَهَلْ تَرَى لَهُمْ مِنْ بَاقِيَةٍ. وَجَاءَ فِرْعَوْنُ وَمَنْ قَبْلَهُ وَالْمُؤْتَفِكَاتُ بِالْخَاطِئَةِ. فَعَصَوْا رَسُولَ رَبِّهِمْ فَأَخَذَهُمْ أَخْذَةً رَابِيَةً. إِنَّا لَمَّا طَغَى الْمَاءُ حَمَلْنَاكُمْ فِي الْجَارِيَةِ. لِنَجْعَلَهَا لَكُمْ تَذْكِرَةً وَتَعِيَهَا أُذُنٌ وَاعِيَةٌ.

فَإِذَا نُفِخَ فِي الصُّورِ نَفْخَةٌ وَاحِدَةٌ. وَحُمِلَتْ الأَرْضُ وَالْجِبَالُ فَدُكَّتَا دَكَّةً وَاحِدَةً. فَيَوْمَئِذٍ وَقَعَتْ الْوَاقِعَةُ. وَانشَقَّتْ السَّمَاءُ فَهِيَ يَوْمَئِذٍ وَاهِيَةٌ. وَالْمَلَكُ عَلَى أَرْجَائِهَا وَيَحْمِلُ عَرْشَ رَبِّكَ فَوْقَهُمْ يَوْمَئِذٍ ثَمَانِيَةٌ. يَوْمَئِذٍ تُعْرَضُونَ لا تَخْفَى مِنْكُمْ خَافِيَةٌ. فَأَمَّا مَنْ أُوتِيَ كِتَابَهُ بِيَمِينِهِ فَيَقُولُ هَاؤُمْ اقْرَءُوا كِتَابِيَهْ. إِنِّي ظَنَنتُ أَنِّي مُلاقٍ حِسَابِيَهْ. فَهُوَ فِي عِيشَةٍ رَاضِيَةٍ. فِي جَنَّةٍ عَالِيَةٍ. قُطُوفُهَا دَانِيَةٌ. كُلُوا وَاشْرَبُوا هَنِيئاً بِمَا أَسْلَفْتُمْ فِي الأَيَّامِ الْخَالِيَةِ.

الفاظ	معانی	الفاظ	معانی	الفاظ	معانی
الْحَاقَّةُ	لازماً ہونے والا واقعہ	مُؤْتَفِكَاتُ	پلٹائے ہوئے شہر	أَرْجَائِهَا	اس کی سمتیں / حدود
الْقَارِعَةِ	دل ہلا دینے والی	رَابِيَةً	شدید، پہاڑی	خَافِيَةٌ	مخفی، چھپی ہوئی
رِيحٍ	آندھی، ہوا	الْجَارِيَةِ	کشتی، بحری جہاز	هَاؤُمْ	لو! پکڑلو!
صَرْصَرٍ	تیز و تند آندھی	تَعِيَهَا	وہ اسے رکھیں	مُلاقٍ	ملنے والا
عَاتِيَةٍ	شدید، ناقابل برداشت	وَاعِيَةٌ	باقی رہنے والی	قُطُوفُهَا	اس کے پھل
سَخَّرَهَا	اس نے اسے استعمال کیا	نُفِخَ	اس میں پھونک ماری گئی	دَانِيَةٌ	جھکے ہوئے
حُسُوماً	تباہ کرتے ہوئے	الصُّورِ	صور (قیامت کا)	هَنِيئاً	خوشی سے، مزے سے
صَرْعَى	زمین پر گرے ہوئے	دَكَّةً	ریزہ ریزہ ہونا	أَسْلَفْتُمْ	تم نے بھیجا
أَعْجَازُ	کھجور کے تنے	انشَقَّتْ	وہ پھٹ گئی	الْخَالِيَةِ	خالی، گزری ہوئی
خَاوِيَةٍ	کھوکھلے	وَاهِيَةٌ	کمزور، ڈھیلا		

وَأَمَّا مَنْ أُوتِيَ كِتَابَهُ بِشِمَالِهِ فَيَقُولُ يَا لَيْتَنِي لَمْ أُوتَ كِتَابِيَهْ. وَلَمْ أَدْرِ مَا حِسَابِيَهْ. يَا لَيْتَهَا كَانَتْ الْقَاضِيَةَ. مَا أَغْنَى عَنِّي مَالِيَهْ. هَلَكَ عَنِّي سُلْطَانِيَهْ. خُذُوهُ فَغُلُّوهُ. ثُمَّ الْجَحِيمَ صَلُّوهُ. ثُمَّ فِي سِلْسِلَةٍ ذَرْعُهَا سَبْعُونَ ذِرَاعاً فَاسْلُكُوهُ. إِنَّهُ كَانَ لا يُؤْمِنُ بِاللَّهِ الْعَظِيمِ. وَلا يَحُضُّ عَلَى طَعَامِ الْمِسْكِينِ. فَلَيْسَ لَهُ الْيَوْمَ هَاهُنَا حَمِيمٌ. وَلا طَعَامٌ إِلاَّ مِنْ غِسْلِينٍ. لا يَأْكُلُهُ إِلاَّ الْخَاطِئُونَ.

فَلا ، أُقْسِمُ بِمَا تُبْصِرُونَ. وَمَا لا تُبْصِرُونَ. إِنَّهُ لَقَوْلُ رَسُولٍ كَرِيمٍ. وَمَا هُوَ بِقَوْلِ شَاعِرٍ قَلِيلاً مَا تُؤْمِنُونَ. وَلا بِقَوْلِ كَاهِنٍ قَلِيلاً مَا تَذَكَّرُونَ. تَنْزِيلٌ مِنْ رَبِّ الْعَالَمِينَ. وَلَوْ تَقَوَّلَ عَلَيْنَا بَعْضَ الأَقَاوِيلِ. لأَخَذْنَا مِنْهُ بِالْيَمِينِ. ثُمَّ لَقَطَعْنَا مِنْهُ الْوَتِينَ. فَمَا مِنْكُمْ مِنْ أَحَدٍ عَنْهُ حَاجِزِينَ. وَإِنَّهُ لَتَذْكِرَةٌ لِلْمُتَّقِينَ. وَإِنَّا لَنَعْلَمُ أَنَّ مِنْكُمْ مُكَذِّبِينَ. وَإِنَّهُ لَحَسْرَةٌ عَلَى الْكَافِرِينَ. وَإِنَّهُ لَحَقُّ الْيَقِينِ. فَسَبِّحْ بِاسْمِ رَبِّكَ الْعَظِيمِ.

آج کا اصول:

فعل مضارع کے بعض اوقات ایسا ہوتا ہے کہ لفظ کی شکل ثلاثی مجرد، باب افعال اور باب تفعیل میں ایک جیسی ہوتی ہے مگر اس کے اعراب مختلف ہوتے ہیں۔ چونکہ عربی کتابوں میں اعراب عام طور نہیں لکھے جاتے ہیں، اس وجہ سے یہ طے کرنے میں مشکل ہوتی ہے کہ یہ لفظ اصل میں کون سے باب کا ہے۔ جیسے لفظ "یکرم" مختلف ابواب میں یَکرُمُ (ثلاثي مجرد)، یُکرِمُ (إفعال)، یُکَرِّمُ (تفعیل) ہو سکتا ہے۔ تینوں صورتوں میں اس کا معنی بالترتیب یہ ہو گا: "وہ باعزت ہے"، "وہ عزت دیتا ہے"، "وہ عزت دیتا ہے"۔ تینوں ابواب کے معنی معلوم کرنے کے لئے آپ کو ڈکشنری دیکھنا ہو گی۔

الفاظ	معانی	الفاظ	معانی	الفاظ	معانی
لَمْ أَدْرِ	مجھے معلوم نہ تھا	سِلْسِلَة	زنجیر	كَاهِنٍ	مستقبل کی جھوٹی سچی خبریں دینے والا
الْقَاضِيَةَ	فیصلہ کن	ذِرَاعاً	گز، ہاتھ	تَنْزِيلٌ	درجہ بدرجہ نازل ہونا
سُلْطَانِيَهْ	اقتدار	فَاسْلُكُوهُ	تو اسے باندھ لو	تَقَوَّلَ	اس نے جھوٹی بات گھڑی
فَغُلُّوهُ	تو اسے طوق پہناؤ	حَمِيمٌ	دوست، غم خوار	الْوَتِينَ	شہ رگ
الْجَحِيمَ	جہنم	غِسْلِين	زخموں کا دھوون	حَاجِزِينَ	روکنے والے
صَلُّوهُ	اسے لے کر چلو	لا أُقْسِمُ	نہیں، مجھے قسم ہے	حَسْرَةٌ	حسرت، افسوس

سُورَةُ الْمَعَارِجِ

بسم الله الرحمٰن الرحيم

سَأَلَ سَائِلٌ بِعَذَابٍ وَاقِعٍ. لِلْكَافِرِينَ لَيْسَ لَهُ دَافِعٌ. مِنْ اللَّهِ ذِي الْمَعَارِجِ. تَعْرُجُ الْمَلَائِكَةُ وَالرُّوحُ إِلَيْهِ فِي يَوْمٍ كَانَ مِقْدَارُهُ خَمْسِينَ أَلْفَ سَنَةٍ. فَاصْبِرْ صَبْراً جَمِيلاً. إِنَّهُمْ يَرَوْنَهُ بَعِيداً. وَنَرَاهُ قَرِيباً. يَوْمَ تَكُونُ السَّمَاءُ كَالْمُهْلِ. وَتَكُونُ الْجِبَالُ كَالْعِهْنِ. وَلا يَسْأَلُ حَمِيمٌ حَمِيماً. يُبَصَّرُونَهُمْ يَوَدُّ الْمُجْرِمُ لَوْ يَفْتَدِي مِنْ عَذَابِ يَوْمِئِذٍ بِبَنِيهِ. وَصَاحِبَتِهِ وَأَخِيهِ. وَفَصِيلَتِهِ الَّتِي تُؤْوِيهِ. وَمَنْ فِي الأَرْضِ جَمِيعاً ثُمَّ يُنجِيهِ.

كَلاَّ إِنَّهَا لَظَى. نَزَّاعَةً لِلشَّوَى. تَدْعُوا مَنْ أَدْبَرَ وَتَوَلَّى. وَجَمَعَ فَأَوْعَى. إِنَّ الإِنسَانَ خُلِقَ هَلُوعاً. إِذَا مَسَّهُ الشَّرُّ جَزُوعاً. وَإِذَا مَسَّهُ الْخَيْرُ مَنُوعاً. إِلاَّ الْمُصَلِّينَ. الَّذِينَ هُمْ عَلَى صَلاتِهِمْ دَائِمُونَ. وَالَّذِينَ فِي أَمْوَالِهِمْ حَقٌّ مَعْلُومٌ. لِلسَّائِلِ وَالْمَحْرُومِ. وَالَّذِينَ يُصَدِّقُونَ بِيَوْمِ الدِّينِ. وَالَّذِينَ هُمْ مِنْ عَذَابِ رَبِّهِمْ مُشْفِقُونَ. إِنَّ عَذَابَ رَبِّهِمْ غَيْرُ مَأْمُونٍ. وَالَّذِينَ هُمْ لِفُرُوجِهِمْ حَافِظُونَ. إِلاَّ عَلَى أَزْوَاجِهِمْ أَوْ مَا مَلَكَتْ أَيْمَانُهُمْ فَإِنَّهُمْ غَيْرُ مَلُومِينَ. فَمَنْ ابْتَغَى وَرَاءَ ذَلِكَ فَأُوْلَئِكَ هُمْ الْعَادُونَ. وَالَّذِينَ هُمْ لأَمَانَاتِهِمْ وَعَهْدِهِمْ رَاعُونَ. وَالَّذِينَ هُمْ بِشَهَادَاتِهِمْ قَائِمُونَ. وَالَّذِينَ هُمْ عَلَى صَلاتِهِمْ يُحَافِظُونَ. أُوْلَئِكَ فِي جَنَّاتٍ مُكْرَمُونَ.

الفاظ	معانی	الفاظ	معانی	الفاظ	معانی
الْمَعَارِجِ	عروج کا زینہ	تُؤْوِيهِ	جو اسے پناہ دیتا ہے	هَلُوعاً	بے صبرا، جلدی کرنے والا
تَعْرُجُ	وہ چڑھتے ہیں	يُنجِي	وہ نجات حاصل کرے	جَزُوعاً	گھبرایا ہوا، ڈپریشن میں
الْمُهْلِ	پگھلی ہوئی چاندی	لَظَى	آگ کے شعلے	مَنُوعاً	منع کرنے والا، بخیل
الْعِهْنِ	دھنکی ہوئی اون	نَزَّاعَةً	ہٹانا، اتارنا	مُشْفِقُونَ	ڈرنے والے
يَوَدُّ	وہ چاہے گا	لِلشَّوَى	گوشت کو	مَأْمُونٍ	امن دیے گئے
يَفْتَدِي	وہ فدیہ دیتا ہے	أَدْبَرَ	اس نے پیٹھ پھیری	مَلُومِينَ	ملامت زدہ
فَصِيلَتِهِ	اس کا خاندان	أَوْعَى	اس نے ذخیرہ کیا	مُكْرَمُونَ	صاحب عزت

فَمَالِ الَّذِينَ كَفَرُوا قِبَلَكَ مُهْطِعِينَ. عَنْ الْيَمِينِ وَعَنْ الشِّمَالِ عِزِينَ. أَيَطْمَعُ كُلُّ امْرِئٍ مِنْهُمْ أَنْ يُدْخَلَ جَنَّةَ نَعِيمٍ. كَلَّا! إِنَّا خَلَقْنَاهُمْ مِمَّا يَعْلَمُونَ. فَلا ، أُقْسِمُ بِرَبِّ الْمَشَارِقِ وَالْمَغَارِبِ إِنَّا لَقَادِرُونَ. عَلَى أَنْ نُبَدِّلَ خَيْراً مِنْهُمْ وَمَا نَحْنُ بِمَسْبُوقِينَ.

فَذَرْهُمْ يَخُوضُوا وَيَلْعَبُوا حَتَّى يُلاقُوا يَوْمَهُمْ الَّذِي يُوعَدُونَ. يَوْمَ يَخْرُجُونَ مِنْ الأَجْدَاثِ سِرَاعاً كَأَنَّهُمْ إِلَى نُصُبٍ يُوفِضُونَ. خَاشِعَةً أَبْصَارُهُمْ تَرْهَقُهُمْ ذِلَّةٌ ذَلِكَ الْيَوْمُ الَّذِي كَانُوا يُوعَدُونَ.

سُورَةُ نوح	بسم الله الرحمٰن الرحيم

إِنَّا أَرْسَلْنَا نُوحاً إِلَى قَوْمِهِ أَنْ أَنذِرْ قَوْمَكَ مِنْ قَبْلِ أَنْ يَأْتِيَهُمْ عَذَابٌ أَلِيمٌ. قَالَ "يَا قَوْمِ! إِنِّي لَكُمْ نَذِيرٌ مُبِينٌ. أَنْ اعْبُدُوا اللَّهَ وَاتَّقُوهُ وَأَطِيعُونِ. يَغْفِرْ لَكُمْ مِنْ ذُنُوبِكُمْ وَيُؤَخِّرْكُمْ إِلَى أَجَلٍ مُسَمًّى إِنَّ أَجَلَ اللَّهِ إِذَا جَاءَ لا يُؤَخَّرُ لَوْ كُنتُمْ تَعْلَمُونَ.

قَالَ "رَبِّ! إِنِّي دَعَوْتُ قَوْمِي لَيْلاً وَنَهَاراً. فَلَمْ يَزِدْهُمْ دُعَائِي إِلاَّ فِرَاراً. وَإِنِّي كُلَّمَا دَعَوْتُهُمْ لِتَغْفِرَ لَهُمْ جَعَلُوا أَصَابِعَهُمْ فِي آذَانِهِمْ وَاسْتَغْشَوْا ثِيَابَهُمْ وَأَصَرُّوا وَاسْتَكْبَرُوا اسْتِكْبَاراً. ثُمَّ إِنِّي دَعَوْتُهُمْ جِهَاراً. ثُمَّ إِنِّي أَعْلَنتُ لَهُمْ وَأَسْرَرْتُ لَهُمْ إِسْرَاراً. فَقُلْتُ اسْتَغْفِرُوا رَبَّكُمْ إِنَّهُ كَانَ غَفَّاراً. يُرْسِلْ السَّمَاءَ عَلَيْكُمْ مِدْرَاراً. وَيُمْدِدْكُمْ بِأَمْوَالٍ وَبَنِينَ وَيَجْعَلْ لَكُمْ جَنَّاتٍ وَيَجْعَلْ لَكُمْ أَنْهَاراً. مَا لَكُمْ لا تَرْجُونَ لِلَّهِ وَقَاراً. وَقَدْ خَلَقَكُمْ أَطْوَاراً."

الفاظ	معانی	الفاظ	معانی	الفاظ	معانی
مُهْطِعِينَ	تیزی سے دوڑتے	نُصُب	قربان گاہیں، ریس کا نشان	اسْتَغْشَوْا	انہوں نے تکبر سے اوڑھ لیا
عِزِينَ	بہت بڑی تعداد میں	يُوفِضُونَ	وہ دوڑیں گے	أَصَرُّوا	انہوں نے اصرار کیا
مَسْبُوقِينَ	دوڑ میں پیچھے رہنے والے	لا يُؤَخَّرُ	اسے موخر نہ کیا جائے گا	جِهَاراً	بلند آواز میں، کھلے عام
يَخُوضُوا	وہ غور و خوض کرتے ہیں	لَمْ يَزِدْ	وہ اضافہ نہ کرے گا	مِدْرَاراً	تیز بارش
الأَجْدَاثِ	قبریں	فِرَاراً	فرار	وَقَاراً	وقار
سِرَاعاً	سریع، تیزی سے	أَصَابِعَ	انگلیاں	أَطْوَاراً	مختلف اطوار و انداز میں

سبق 1B: سورۃ الملک یا سورۃ الانشقاق

أَلَمْ تَرَوْا كَيْفَ خَلَقَ اللَّهُ سَبْعَ سَمَاوَاتٍ طِبَاقاً. وَجَعَلَ الْقَمَرَ فِيهِنَّ نُوراً وَجَعَلَ الشَّمْسَ سِرَاجاً. وَاللَّهُ أَنْبَتَكُمْ مِنْ الأَرْضِ نَبَاتاً. ثُمَّ يُعِيدُكُمْ فِيهَا وَيُخْرِجُكُمْ إِخْرَاجاً. وَاللَّهُ جَعَلَ لَكُمْ الأَرْضَ بِسَاطاً. لِتَسْلُكُوا مِنْهَا سُبُلاً فِجَاجاً.

قَالَ نُوحٌ "رَبِّ! إِنَّهُمْ عَصَوْنِي وَاتَّبَعُوا مَنْ لَمْ يَزِدْهُ مَالُهُ وَوَلَدُهُ إِلاَّ خَسَاراً. وَمَكَرُوا مَكْراً كُبَّاراً. وَقَالُوا لا تَذَرُنَّ آلِهَتَكُمْ وَلا تَذَرُنَّ وَدّاً وَلا سُوَاعاً وَلا يَغُوثَ وَيَعُوقَ وَنَسْراً؛ وَقَدْ أَضَلُّوا كَثِيراً وَلا تَزِدْ الظَّالِمِينَ إِلاَّ ضَلالاً."

مِمَّا خَطِيئَاتِهِمْ أُغْرِقُوا فَأُدْخِلُوا نَاراً فَلَمْ يَجِدُوا لَهُمْ مِنْ دُونِ اللَّهِ أَنْصَاراً.

وَقَالَ نُوحٌ "رَبِّ! لا تَذَرْ عَلَى الأَرْضِ مِنْ الْكَافِرِينَ دَيَّاراً. إِنَّكَ إِنْ تَذَرْهُمْ يُضِلُّوا عِبَادَكَ وَلا يَلِدُوا إِلاَّ فَاجِراً كَفَّاراً. رَبِّ اغْفِرْ لِي وَلِوَالِدَيَّ وَلِمَنْ دَخَلَ بَيْتِي مُؤْمِناً وَلِلْمُؤْمِنِينَ وَالْمُؤْمِنَاتِ وَلا تَزِدْ الظَّالِمِينَ إِلاَّ تَبَاراً."

مطالعہ کیجیے! دینی احکام کا ظاہری ڈھانچہ اہم ہے مگر ان کی اصل روح زیادہ اہم ہے۔
http://www.mubashirnazir.org/PD/Urdu/PU02-0017-Spirit.htm

کیا آپ جانتے ہیں؟ جب مستقبل کی کوئی بات سو فیصد یقینی ہوتی ہے، تو اس کو ماضی کے صیغے میں بیان کیا جاتا ہے۔ اس کا مقصد یہ ظاہر کرنا ہوتا ہے کہ بات میں کوئی شک نہیں ہے۔ آپ کو اس اسلوب کی بہت سی مثالیں قرآن میں ملیں گی۔

الفاظ	معانی	الفاظ	معانی	الفاظ	معانی
طِبَاقاً	طبق در طبق	فِجَاجاً	پہاڑی درے	أَضَلُّوا	انہوں نے گمراہ کر دیا
سِرَاجاً	چراغ	مَكَرُوا	انہوں نے چال چلی	أُغْرِقُوا	انہیں غرق کر دیا گیا
أَنْبَتَ	اس نے نشو و نما دی	كُبَّاراً	بہت بڑا	دَيَّاراً	رہنے والے
يُعِيدُ	وہ واپس لوٹائے گا	لا تَذَرُنَّ	ہر گز نہ چھوڑنا	كَفَّاراً	انتہا درجے کے منکر
بِسَاطاً	بساط پھیلاتے ہوئے	وَدّاً، سُوَاعاً، يَغُوثَ، يَعُوقَ، نَسْراً		تَبَاراً	ہلاکت، تباہی
لِتَسْلُكُوا	تاکہ تم چلو				
سُبُلاً	راستے، سبیل کی جمع	قوم نوح کے پانچ بت			

سُورَةُ الْجِنّ	بسم الله الرحمن الرحيم

قُلْ أُوحِيَ إِلَيَّ أَنَّهُ اسْتَمَعَ نَفَرٌ مِنْ الْجِنِّ فَقَالُوا : "إِنَّا سَمِعْنَا قُرْآناً عَجَباً. يَهْدِي إِلَى الرُّشْدِ فَآمَنَّا بِهِ وَلَنْ نُشْرِكَ بِرَبِّنَا أَحَداً. وَأَنَّهُ تَعَالَى جَدُّ رَبِّنَا مَا اتَّخَذَ صَاحِبَةً وَلا وَلَداً. وَأَنَّهُ كَانَ يَقُولُ سَفِيهُنَا عَلَى اللَّهِ شَطَطاً. وَأَنَّا ظَنَنَّا أَنْ لَنْ تَقُولَ الإِنسُ وَالْجِنُّ عَلَى اللَّهِ كَذِباً. وَأَنَّهُ كَانَ رِجَالٌ مِنْ الإِنسِ يَعُوذُونَ بِرِجَالٍ مِنْ الْجِنِّ فَزَادُوهُمْ رَهَقاً. وَأَنَّهُمْ ظَنُّوا كَمَا ظَنَنتُمْ أَنْ لَنْ يَبْعَثَ اللَّهُ أَحَداً. وَأَنَّا لَمَسْنَا السَّمَاءَ فَوَجَدْنَاهَا مُلِئَتْ حَرَساً شَدِيداً وَشُهُباً.

وَأَنَّا كُنَّا نَقْعُدُ مِنْهَا مَقَاعِدَ لِلسَّمْعِ فَمَنْ يَسْتَمِعْ الآنَ يَجِدْ لَهُ شِهَاباً رَصَداً. وَأَنَّا لا نَدْرِي أَشَرٌّ أُرِيدَ بِمَنْ فِي الأَرْضِ أَمْ أَرَادَ بِهِمْ رَبُّهُمْ رَشَداً. وَأَنَّا مِنَّا الصَّالِحُونَ وَمِنَّا دُونَ ذَلِكَ كُنَّا طَرَائِقَ قِدَداً. وَأَنَّا ظَنَنَّا أَنْ لَنْ نُعجِزَ اللَّهَ فِي الأَرْضِ وَلَنْ نُعْجِزَهُ هَرَباً. وَأَنَّا لَمَّا سَمِعْنَا الْهُدَى آمَنَّا بِهِ فَمَنْ يُؤْمِنْ بِرَبِّهِ فَلا يَخَافُ بَخْساً وَلا رَهَقاً. وَأَنَّا مِنَّا الْمُسْلِمُونَ وَمِنَّا الْقَاسِطُونَ فَمَنْ أَسْلَمَ فَأُوْلَئِكَ تَحَرَّوْا رَشَداً. وَأَمَّا الْقَاسِطُونَ فَكَانُوا لِجَهَنَّمَ حَطَباً."

وَأَنْ لَّوِ اسْتَقَامُوا عَلَى الطَّرِيقَةِ لأَسْقَيْنَاهُمْ مَاءً غَدَقاً. لِنَفْتِنَهُمْ فِيهِ وَمَنْ يُعْرِضْ عَنْ ذِكْرِ رَبِّهِ يَسْلُكْهُ عَذَاباً صَعَداً. وَأَنَّ الْمَسَاجِدَ لِلَّهِ فَلا تَدْعُوا مَعَ اللَّهِ أَحَداً. وَأَنَّهُ لَمَّا قَامَ عَبْدُ اللَّهِ يَدْعُوهُ كَادُوا يَكُونُونَ عَلَيْهِ لِبَداً.

الفاظ	معانی	الفاظ	معانی	الفاظ	معانی
جَدُّ	بڑائی، بزرگی	شُهُباً	شہاب ثاقب	رَهَقاً	ناانصافی
سَفِيهُنَا	ہمارے بے وقوف لوگ	رَصَداً	گھات لگانے کی جگہ	قَاسِطُونَ	رخ پھیرنے والے (تکبر سے)
شَطَطاً	بالکل غلط	طَرَائِقَ	راستے، طریق کی جمع	تَحَرَّوْا	انہوں نے تلاش کیا
ظَنَنَّا	ہم نے خیال کیا	قِدَداً	الگ	حَطَباً	جلانے کی لکڑی
يَعُوذُونَ	وہ پناہ مانگتے ہیں	لَنْ نُعجِزَ	ہم کمزور نہ کر سکتے تھے	غَدَقاً	بہت بڑی مقدار میں
رَهَقاً	تھکا دینے والا بوجھ، ظلم	هَرَباً	فرار ہوتے ہوئے	صَعَداً	دشوار
لَمَسْنَا	ہم نے مس کیا	بَخْساً	نقصان، حق تلفی	لِبَداً	مارنے کے لئے دوڑتے ہوئے

قُلْ: إِنَّمَا أَدْعُو رَبِّي وَلا أُشْرِكُ بِهِ أَحَداً. قُلْ: إِنِّي لا أَمْلِكُ لَكُمْ ضَرّاً وَلا رَشَداً. قُلْ: إِنِّي لَنْ يُجِيرَنِي مِنْ اللَّهِ أَحَدٌ وَلَنْ أَجِدَ مِنْ دُونِهِ مُلْتَحَداً. إِلاَّ بَلاغاً مِنْ اللَّهِ وَرِسَالاتِهِ وَمَنْ يَعْصِ اللَّهَ وَرَسُولَهُ فَإِنَّ لَهُ نَارَ جَهَنَّمَ خَالِدِينَ فِيهَا أَبَداً. حَتَّى إِذَا رَأَوْا مَا يُوعَدُونَ فَسَيَعْلَمُونَ مَنْ أَضْعَفُ نَاصِراً وَأَقَلُّ عَدَداً. قُلْ: إِنْ أَدْرِي أَقَرِيبٌ مَا تُوعَدُونَ أَمْ يَجْعَلُ لَهُ رَبِّي أَمَداً. عَالِمُ الْغَيْبِ فَلا يُظْهِرُ عَلَى غَيْبِهِ أَحَداً. إِلاَّ مَنْ ارْتَضَى مِنْ رَسُولٍ فَإِنَّهُ يَسْلُكُ مِنْ بَيْنِ يَدَيْهِ وَمِنْ خَلْفِهِ رَصَداً. لِيَعْلَمَ أَنْ قَدْ أَبْلَغُوا رِسَالاتِ رَبِّهِمْ وَأَحَاطَ بِمَا لَدَيْهِمْ وَأَحْصَى كُلَّ شَيْءٍ عَدَداً.

سُورَةُ الْمُزَّمِّلِ

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

يَا أَيُّهَا الْمُزَّمِّلُ. قُمْ اللَّيْلَ إِلاَّ قَلِيلاً. نِصْفَهُ أَوْ انْقُصْ مِنْهُ قَلِيلاً. أَوْ زِدْ عَلَيْهِ وَرَتِّلْ الْقُرْآنَ تَرْتِيلاً. إِنَّا سَنُلْقِي عَلَيْكَ قَوْلاً ثَقِيلاً. إِنَّ نَاشِئَةَ اللَّيْلِ هِيَ أَشَدُّ وَطْئاً وَأَقْوَمُ قِيلاً. إِنَّ لَكَ فِي النَّهَارِ سَبْحاً طَوِيلاً. وَاذْكُرْ اسْمَ رَبِّكَ وَتَبَتَّلْ إِلَيْهِ تَبْتِيلاً. رَبُّ الْمَشْرِقِ وَالْمَغْرِبِ لا إِلَهَ إِلاَّ هُوَ فَاتَّخِذْهُ وَكِيلاً. وَاصْبِرْ عَلَى مَا يَقُولُونَ وَاهْجُرْهُمْ هَجْراً جَمِيلاً. وَذَرْنِي وَالْمُكَذِّبِينَ أُولِي النَّعْمَةِ وَمَهِّلْهُمْ قَلِيلاً.

إِنَّ لَدَيْنَا أَنكَالاً وَجَحِيماً. وَطَعَاماً ذَا غُصَّةٍ وَعَذَاباً أَلِيماً. يَوْمَ تَرْجُفُ الأَرْضُ وَالْجِبَالُ وَكَانَتْ الْجِبَالُ كَثِيباً مَهِيلاً. إِنَّا أَرْسَلْنَا إِلَيْكُمْ رَسُولاً شَاهِداً عَلَيْكُمْ كَمَا أَرْسَلْنَا إِلَى فِرْعَوْنَ رَسُولاً. فَعَصَى فِرْعَوْنُ الرَّسُولَ فَأَخَذْنَاهُ أَخْذاً وَبِيلاً.

الفاظ	معانی	الفاظ	معانی	الفاظ	معانی
يُجِيرَنِي	وہ میری حفاظت کرتا ہے	رَتِّلْ	آہستہ آہستہ پڑھو	اهْجُرْهُمْ	ان سے الگ ہو جاؤ
مُلْتَحَداً	جائے پناہ	نُلْقِي	ہم تم پر ڈالیں گے	مَهِّلْهُمْ	انہیں مہلت دو
أَمَداً	طویل عرصہ	نَاشِئَةَ	جاگنا، اٹھنا	أَنكَالاً	بھاری بیڑیاں
رَصَداً	گھات، محافظ	وَطْئاً	(نفس کو) پچھاڑنا	ذَا غُصَّةٍ	حلق میں پھنسنے والا
الْمُزَّمِّلُ	چادر لپیٹنے والا	أَقْوَمُ	درست کرنے والا	تَرْجُفُ	وہ لرز جائیں گے
انْقُصْ مِنْهُ	اس میں کمی کرو	سَبْحاً	کرنے کے کام	كَثِيباً مَهِيلاً	ریت کے بکھرے ڈھیر
زِدْ عَلَيْهِ	اس پر اضافہ کرو	تَبَتَّلْ	سب سے کٹ کر ہو جاؤ	وَبِيلاً	خوفناک عذاب

فَكَيْفَ تَتَّقُونَ إِنْ كَفَرْتُمْ يَوْماً يَجْعَلُ الْوِلْدَانَ شِيباً. السَّمَاءُ مُنْفَطِرٌ بِهِ كَانَ وَعْدُهُ مَفْعُولاً. إِنَّ هَذِهِ تَذْكِرَةٌ فَمَنْ شَاءَ اتَّخَذَ إِلَى رَبِّهِ سَبِيلاً.

إِنَّ رَبَّكَ يَعْلَمُ أَنَّكَ تَقُومُ أَدْنَى مِنْ ثُلُثَيِ اللَّيْلِ وَنِصْفَهُ وَثُلُثَهُ وَطَائِفَةٌ مِنَ الَّذِينَ مَعَكَ وَاللَّهُ يُقَدِّرُ اللَّيْلَ وَالنَّهَارَ عَلِمَ أَنْ لَنْ تُحْصُوهُ فَتَابَ عَلَيْكُمْ، فَاقْرَءُوا مَا تَيَسَّرَ مِنَ الْقُرْآنِ عَلِمَ أَنْ سَيَكُونُ مِنْكُمْ مَرْضَى وَآخَرُونَ يَضْرِبُونَ فِي الْأَرْضِ يَبْتَغُونَ مِنْ فَضْلِ اللَّهِ وَآخَرُونَ يُقَاتِلُونَ فِي سَبِيلِ اللَّهِ فَاقْرَءُوا مَا تَيَسَّرَ مِنْهُ وَأَقِيمُوا الصَّلَاةَ وَآتُوا الزَّكَاةَ وَأَقْرِضُوا اللَّهَ قَرْضاً حَسَناً وَمَا تُقَدِّمُوا لِأَنْفُسِكُمْ مِنْ خَيْرٍ تَجِدُوهُ عِنْدَ اللَّهِ هُوَ خَيْراً وَأَعْظَمَ أَجْراً وَاسْتَغْفِرُوا اللَّهَ إِنَّ اللَّهَ غَفُورٌ رَحِيمٌ.

سُورَةُ المدثر

بسم الله الرحمٰن الرحيم

يَا أَيُّهَا الْمُدَّثِّرُ. قُمْ فَأَنذِرْ. وَرَبَّكَ فَكَبِّرْ. وَثِيَابَكَ فَطَهِّرْ. وَالرُّجْزَ فَاهْجُرْ. وَلَا تَمْنُنْ تَسْتَكْثِرُ. وَلِرَبِّكَ فَاصْبِرْ. فَإِذَا نُقِرَ فِي النَّاقُورِ. فَذَلِكَ يَوْمَئِذٍ يَوْمٌ عَسِيرٌ. عَلَى الْكَافِرِينَ غَيْرُ يَسِيرٍ.

ذَرْنِي وَمَنْ خَلَقْتُ وَحِيداً. وَجَعَلْتُ لَهُ مَالاً مَمْدُوداً. وَبَنِينَ شُهُوداً. وَمَهَّدْتُ لَهُ تَمْهِيداً. ثُمَّ يَطْمَعُ أَنْ أَزِيدَ. كَلَّا إِنَّهُ كَانَ لِآيَاتِنَا عَنِيداً. سَأُرْهِقُهُ صَعُوداً. إِنَّهُ فَكَّرَ وَقَدَّرَ. فَقُتِلَ كَيْفَ قَدَّرَ. ثُمَّ قُتِلَ كَيْفَ قَدَّرَ.

الفاظ	معانی	الفاظ	معانی	الفاظ	معانی
شِيباً	سفید بالوں والا، بوڑھا	تُقَدِّمُوا	تم نے آگے بھیجا	مَمْدُوداً	کھینچ کر لمبا کیا گیا، بکثرت
مُنْفَطِرٌ	کٹا پھٹا	الْمُدَّثِّرُ	چادر لپیٹنے والا	شُهُوداً	حاضر رہنے والے
أَدْنَى	ادنی، کچھ کم	كَبِّرْ	تکبیر کہو، بڑائی بیان کرو	مَهَّدْتُ	میں نے راہ ہموار کی
طَائِفَةٌ	گروہ	الرُّجْزَ	غلاظت (جسمانی واخلاقی)	عَنِيداً	دشمنی میں
يُقَدِّرُ	وہ حساب رکھتا ہے	لَا تَمْنُنْ	احسان نہ کرو	أُرْهِقُهُ	میں اسے تھکاماروں گا
تُحْصُوهُ	تم اسے شمار کرتے ہو	تَسْتَكْثِرُ	تم اضافہ چاہتے ہو	صَعُوداً	چڑھتے ہوئے
تَيَسَّرَ	وہ آسانی سے میسر ہے	نُقِرَ	اسے پھونکا گیا	فَكَّرَ	اس نے سوچا
مَرْضَى	مریض کی جمع	عَسِيرٌ	سخت	قَدَّرَ	اس نے منصوبہ بنایا

ثُمَّ نَظَرَ. ثُمَّ عَبَسَ وَبَسَرَ. ثُمَّ أَدْبَرَ وَاسْتَكْبَرَ. فَقَالَ إِنْ هَذَا إِلاَّ سِحْرٌ يُؤْثَرُ. إِنْ هَذَا إِلاَّ قَوْلُ الْبَشَرِ. سَأُصْلِيهِ سَقَرَ. وَمَا أَدْرَاكَ مَا سَقَرُ. لا تُبْقِي وَلا تَذَرُ. لَوَّاحَةٌ لِلْبَشَرِ. عَلَيْهَا تِسْعَةَ عَشَرَ. وَمَا جَعَلْنَا أَصْحَابَ النَّارِ إِلاَّ مَلائِكَةً وَمَا جَعَلْنَا عِدَّتَهُمْ إِلاَّ فِتْنَةً لِلَّذِينَ كَفَرُوا لِيَسْتَيْقِنَ الَّذِينَ أُوتُوا الْكِتَابَ وَيَزْدَادَ الَّذِينَ آمَنُوا إِيمَاناً وَلا يَرْتَابَ الَّذِينَ أُوتُوا الْكِتَابَ وَالْمُؤْمِنُونَ وَلِيَقُولَ الَّذِينَ فِي قُلُوبِهِمْ مَرَضٌ وَالْكَافِرُونَ مَاذَا أَرَادَ اللَّهُ بِهَذَا مَثَلاً كَذَلِكَ يُضِلُّ اللَّهُ مَنْ يَشَاءُ وَيَهْدِي مَنْ يَشَاءُ وَمَا يَعْلَمُ جُنُودَ رَبِّكَ إِلاَّ هُوَ وَمَا هِيَ إِلاَّ ذِكْرَى لِلْبَشَرِ. كَلاَّ وَالْقَمَرِ. وَاللَّيْلِ إِذْ أَدْبَرَ. وَالصُّبْحِ إِذَا أَسْفَرَ. إِنَّهَا لإِحْدَى الْكُبَرِ. نَذِيراً لِلْبَشَرِ. لِمَنْ شَاءَ مِنْكُمْ أَنْ يَتَقَدَّمَ أَوْ يَتَأَخَّرَ.

كُلُّ نَفْسٍ بِمَا كَسَبَتْ رَهِينَةٌ. إِلاَّ أَصْحَابَ الْيَمِينِ. فِي جَنَّاتٍ يَتَسَاءَلُونَ. عَنْ الْمُجْرِمِينَ. مَا سَلَكَكُمْ فِي سَقَرَ. قَالُوا لَمْ نَكُ مِنَ الْمُصَلِّينَ. وَلَمْ نَكُ نُطْعِمُ الْمِسْكِينَ. وَكُنَّا نَخُوضُ مَعَ الْخَائِضِينَ. وَكُنَّا نُكَذِّبُ بِيَوْمِ الدِّينِ. حَتَّى أَتَانَا الْيَقِينُ. فَمَا تَنْفَعُهُمْ شَفَاعَةُ الشَّافِعِينَ. فَمَا لَهُمْ عَنْ التَّذْكِرَةِ مُعْرِضِينَ. كَأَنَّهُمْ حُمُرٌ مُسْتَنْفِرَةٌ. فَرَّتْ مِنْ قَسْوَرَةٍ. بَلْ يُرِيدُ كُلُّ امْرِئٍ مِنْهُمْ أَنْ يُؤْتَى صُحُفاً مُنَشَّرَةً. كَلاَّ بَلْ لا يَخَافُونَ الآخِرَةَ. كَلاَّ إِنَّهُ تَذْكِرَةٌ. فَمَنْ شَاءَ ذَكَرَهُ. وَمَا يَذْكُرُونَ إِلاَّ أَنْ يَشَاءَ اللَّهُ هُوَ أَهْلُ التَّقْوَى وَأَهْلُ الْمَغْفِرَةِ.

الفاظ	معانی	الفاظ	معانی	الفاظ	معانی
عَبَسَ وَبَسَرَ	اس نے تیوری چڑھا کر منہ بنایا	لِيَسْتَيْقِنَ	تاکہ وہ یقین کرے	لَمْ نَكُ	ہم نہ تھے
يُؤْثَرُ	وہ پہلے سے چلا آرہا ہے	يَرْتَابَ	اس نے شک کیا	خَائِضِينَ	سوچ کر باتیں بنانے والے
أُصْلِيه	میں اسے جھونکوں گا	الْقَمَرِ	چاند	مُعْرِضِينَ	منہ پھیرنے والے
سَقَرَ	جہنم	أَسْفَرَ	وہ چمکا	حُمُرٌ	گدھے
لا تَذَرُ	وہ نہ چھوڑے گی	الْكُبَرِ	بڑے معاملات	مُسْتَنْفِرَةٌ	ڈر کر بھاگنے والے
لَوَّاحَةٌ	جھلسا دینے والی	رَهِينَةٌ	رہن میں ہونا	قَسْوَرَةٍ	شیر
عِدَّتَهُمْ	ان کی تعداد	سَلَكَكُمْ	اس نے تمہیں چلایا	مُنَشَّرَةً	کھلے، پھیلائے ہوئے

سُورَةُ القيامة

بسم الله الرحمٰن الرحيم

لا، أُقْسِمُ بِيَوْمِ الْقِيَامَةِ. وَلا، أُقْسِمُ بِالنَّفْسِ اللَّوَّامَةِ. أَ يَحْسَبُ الإنسَانُ أَلَّنْ نَجْمَعَ عِظَامَهُ. بَلَى قَادِرِينَ عَلَى أَنْ نُسَوِّيَ بَنَانَهُ. بَلْ يُرِيدُ الإنسَانُ لِيَفْجُرَ أَمَامَهُ. يَسْأَلُ أَيَّانَ يَوْمُ الْقِيَامَةِ. فَإِذَا بَرِقَ الْبَصَرُ. وَخَسَفَ الْقَمَرُ. وَجُمِعَ الشَّمْسُ وَالْقَمَرُ. يَقُولُ الإنسَانُ يَوْمَئِذٍ أَيْنَ الْمَفَرُّ. كَلاَّ! لا وَزَرَ. إِلَى رَبِّكَ يَوْمَئِذٍ الْمُسْتَقَرُّ. يُنَبَّأُ الإنسَانُ يَوْمَئِذٍ بِمَا قَدَّمَ وَأَخَّرَ. بَلْ الإِنسَانُ عَلَى نَفْسِهِ بَصِيرَةٌ. وَلَوْ أَلْقَى مَعَاذِيرَهُ. لا تُحَرِّكْ بِهِ لِسَانَكَ لِتَعْجَلَ بِهِ. إِنَّ عَلَيْنَا جَمْعَهُ وَقُرْآنَهُ. فَإِذَا قَرَأْنَاهُ فَاتَّبِعْ قُرْآنَهُ. ثُمَّ إِنَّ عَلَيْنَا بَيَانَهُ.

(2) 256H/869CE (3) 241H/855CE (4) 197H/813CE (5) 197H/813CE (6) 118H/736CE (7) 211H/827CE (8) 234H/849CE (9) 228H/843CE (10) 242H/857CE (11) 237H/852CE (12) 130H/748CE (13) 234H/849CE

آج کا اصول: یہ بیان کرنے کے لئے کہ "یہ مناسب یا درست نہیں ہے کہ"، عربی میں لا/ما يَنبَغي کو استعمال کیا جاتا ہے جیسے مَا كَانَ يَنْبَغِي لَنَا أَنْ نَتَّخذَ منْ دُونكَ منْ أَوْلِيَاءَ (یہ درست نہ تھا کہ ہم تیرے علاوہ کچھ اور دیوتا ٹھہرا لیتے)، لا الشَّمْسُ يَنبَغِي لَهَا أَنْ تُدرِكَ الْقَمَرَ (سورج کے لئے یہ مناسب نہیں ہے کہ وہ چاند سے ٹکرا جائے)، وَمَا عَلَّمْنَاهُ الشِّعْرَ وَمَا يَنْبَغِي لَهُ (ہم نے اسے شاعری نہیں سکھائی اور نہ ہی یہ اس کے لئے مناسب تھا) وغیرہ۔

مطالعہ کیجیے! دولت اللہ تعالیٰ کی بڑی نعمت ہے مگر اس سے کچھ مسائل بھی پیدا ہوتے ہیں:
http://www.mubashirnazir.org/PD/Urdu/PU02-0008-Wealth.htm

الفاظ	معانی	الفاظ	معانی	الفاظ	معانی
الطبقة	طبقہ، نسل	اختَصَرَ	اس نے خلاصہ کیا	يُعرَفُ به	وہ اس سے پہچانا گیا
يَروُونَ	وہ روایت کرتے ہیں	مِيزَانًا	صحیح و غلط کا معیار، ترازو	لا أصلَ لَهُ	اس کی کوئی بنیاد نہیں ہے

وأقرانُهم وهذه الطبقة هي الطَرَازُ الأول من طبقات الْمُحَدِّثِيْنَ. فَرجَعَ الْمُحَقِّقُونَ منهم بعدُ إحكامِ فَنِّ الرِّوَايَةِ ومَعرِفَةِ مَرَاتِبِ الأحاديث إلى الفقه. فَلَم يكنْ عندهم من الرأي أن يَجمَعَ على تَقليدِ رَجُلٍ مِمّن مَضَى مع ما يَرَوْنَ مِنَ الأحاديثِ والآثارِ الْمُنَاقَضَةِ فِي كلِ مذهبٍ مِن تلك الْمَذاهِب. فأخذُوا يَتَتَّبعُونَ أحاديث النبي صلى الله عليه وسلم وآثارَ الصحابة والتابعيْن والْمُجتَهِدِينَ على قواعدِ أحكَمُوهَا فِي نُفُوسِهم. وأنا أُبَيِّنُهَا لك فِي كلمات يَسيْرَةْ:

(1) كان عندَهم إنه إذا وجد فِي الْمَسألة قرآنٌ نَاطِقٌ فلا يَجُوزُ التَحوُّلُ مِنه إلى غيْره.

(2) وإذا كان القرآنُ مُحتَمَلاً لِوُجُوه فالسُّنَةُ قَاضِيَةٌ عَلَيه.

(3) فاذا لَم يَجدُوا فِي كتاب الله أخذُوا بسنة رسول الله صلى الله عليه وسلم سَوَاءً كان مُستَفيضًا دائرًا بيْن الفقهاء أو يكونُ مُختَصًّا بأهلِ بَلَدٍ أو أهلِ بيتٍ أو بِطَرِيقٍ خَاصَّةٍ، وسواءُ عُمِلَ به الصحابةُ والفقهاءُ أو لَم يَعمَلُوا به.

(4) ومتَى كان فِي المسألَةِ حديثٌ فلا يَتَّبِعُ فيها خِلافَهُ أثرًا مِن الآثارِ ولا اجتِهَادَ أحدٌ مِن الْمُجتَهِدِينَ.

(5) وإذا أفرَغُوا جهدَهم فِي تَتَبُّعِ الأحاديث ولَم يجدوا فِي المسألة حديثًا، أخذُوا بأقوال جَمَاعَةٍ مِن الصحابةِ والتابعيْنَ. ولا يَتَقَيَّدُونَ بِقَومٍ دُونَ قومٍ ولا بَلَدٍ دون بلد، كما كان يفعلُ من قبلِهم.

(6) فإن اتَّفَقَ جَمهُورُ الْخلفاءِ والفقهاء على شيء فهو الْمُتَّبَعُ.

الفاظ	معانی	الفاظ	معانی	الفاظ	معانی
أقرانُهم	ان کے دور	الْمُنَاقَضَة	متضاد	مُستَفيضًا	وسیع پیمانے پر شائع
الطَرَازُ	پہلے درجے کا	نَاطِقٌ	بولنے والا	دائرًا	دائرے میں
مُحَقِّقُونَ	تحقیق کرنے والاے	التَحوُّلُ	تبدیلی	مُختَصًّا	خاص
إحكامِ	مستحکم کرنا	مُحتَمَلاً	اس میں چانس ہے	يَتَقَيَّدُونَ	وہ قید لگاتے ہیں
فَنِّ الرِّوَايَةِ	روایت کا فن	لِوُجُوهِ	متعدد معنیٰ کا	جَمهُورُ	اکثریت
تَقليدِ	تقلید، اندھی پیروی	قَاضِيَةٌ	فیصلہ کن	الْمُتَّبَعُ	جس کی پیروی کی جائے

(7) وإن اختَلَفُوا أخذوا بِحديثٍ أعلَمُهُمُ عِلمًا أو أورَعُهُم وَرعًا أو أكثَرُهم ضبطًا أو مَا اشتُهِرَ عَنهم.

(8) فإن وجدوا شيئًا يستَوِي فيه قَولانِ فهِيَ مَسأَلَةُ ذاتَ قولَيْنِ.

(9) فإن عَجزُوا عن ذلك تَأَمَّلُوا فِي عُمُومَاتِ الكتابِ والسنة وإيْمَاآتِهِما واقتِضَاآتِهما وحَمِلُوا نظِيْرَ الْمسألةِ عليها فِي الْجوابِ، إذ كانَتَا متقاربَتَيْنِ بَادِي الرَأيِ.

لا يَعتَمدُون فِي ذلك على قواعد من الأُصول، ولكن على ما يَخلُصُ إلى الفَهمِ ويُثَلِّجُ به الصدرُ كما أنّه ليس مِيزَانُ التوَاتُرِ عَدَدُ الرُوَاةِ ولا حالَهم ولكن اليقيْنَ الذي يَعقِبُهُ فِي قلوبِ الناس كما نَبَّهْنَا على ذلك فِي بيان حالِ الصحابة.

وكانَت هذه الأصول مُستَخرَجَةٌ من صَنِيعِ الأوائل وتصريْحَاتِهم. وعن ميمونَ بن مِهران قال كان أبو بكر إذا وُرِدَ عليه الْخَصَمُ نظر فِي كتابِ الله، فإنْ وَجَدَ فيه ما يَقضِي بينهم، قَضَى بِه. وإنْ لَم يكن فِي الكتابِ وعَلِمَ من رسولِ الله صلى الله عليه وسلم فِي ذلك الأمر سُنَّةٌ قَضَى بِها. فإن أعيَاهُ خَرَجَ فسأَلَ المسلمين وقال: "أتاني كذا وكذا فهل علمتُم أنّ رسولَ الله صلى الله عليه وسلم قضى فِي ذلك بقَضَاء؟" فرُبَّمَا اجتَمَعَ إليه النَفَرُ كلُهم بذكرٍ عن رسولِ الله صلى الله عليه وسلم فيه قضاءٌ. فيقول أبو بكرٍ: "الْحمد لله الذي جعل فينا مَن يَحفظُ علينا عِلمُ نَبِيُّنا فإن أعيَاهُ أن يَجِدَ فيه سنةً عن رسول الله صلى الله عليه وسلم جَمَعَ رُؤُوسَ الناسِ وخَيَارَهم، فاستَشَارَهُم. فإذَا اجتمع رأيُهُم على أمرٍ، قَضَى به......

الفاظ	معانی	الفاظ	معانی	الفاظ	معانی
أورَعُهُم	ان میں زیادہ پرہیز گار	بَادِي الرَأيِ	جس میں غور نہ کرنا پڑے	أعيَاهُ	وہ اس سے تھک گیا
ذاتَ قولَيْنِ	جس میں دو آراء ہوں	يُثَلِّجُ به	اس سے اطمینان ہو جائے	رُبَّمَا	شاید، جب
اقتِضَاآتِ	تقاضے	مُستَخرَجَةٌ	نکالا گیا	رُؤُوسَ	سردار
نظِيْرَ	مثال	تصريْحَاتِ	واضح بیان	خَيَارَهم	ان کے بہترین لوگ
متقاربَتَيْنِ	ایک دوسرے کے قریب دو	الْخَصَمُ	جھگڑا	استَشَارَ	اس نے مشورہ مانگا

وبالْجُملة: فلمَا مَهَّدُوا الفقهَ على هذه القواعد فلم تكن مسأَلَةٌ من المسائل التي تَكَلَّمَ فيها من قبلِهم والتي وَقَعَتْ فِي زمانِهم إلاّ وَجَدُوا فيها حديثًا مَرفُوعًا مُتَّصلاً أو مُرسَلاً أو مَوقُوفًا صحيحًا أو حَسَنًا أو صالحًا للاعتبَار، أو وجدوا أثرًا من آثارِ الشيَخَيْن أو سائرِ الْخُلَفَاء وقُضَّاة الأمصارِ وفقهاءِ البلدان أَو استنبَاطًا من عمومٍ أو إيْماءٍ أو اقتضاءٍ. فيَسَّرَ الله لَهم العملَ بالسنةِ على هذا الوجه.

وكان أعظَمُهُم شأنا وأوسعُهُم رِوَايَةً وأعرفُهم للحديثِ مُرَتَّبَةً وأعمقُهُم فِقهًا أحْمدُ بن حنبل ثُم إسحَق بن راهويه. وكان تَرتِيبُ الفقه على هذا الوجه يَتَوَقَّفُ على جَمعِ شيءٍ كثيْرٍ من الأحاديث والآثارِ حتّى سُئِلَ أحْمدُ: "يَكفِي الرجلُ مائةُ أَلف حديثٌ حتّى يُفتِي؟" قال: "لا." حتّى قِيلَ خَمسمائة ألف حديث، قال: "أرجُو كذا فِي غَايَةِ الْمُنتَهَى." ومُرَادُهُ الإفتاءَ على هذا الأصلِ.

ثُم أنشَأَ الله تعالى قَرنًا آخرَ، فرَأَوا أصحابُهم قد كُفُوا مُؤَوَّنَةَ جَمعِ الأحاديثِ وتَمهيدِ الفقهِ على أصلِهم، فتَفَرَّغُوا لِفُنُونٍ أُخرَى:

(1) كتَمييْزِ الْحَدِيثِ الصحيحِ الْمُجْمَعَ عَلَيهِ مِن كُبَرَاءِ أهلِ الْحَدِيثِ كَيزيد بن هارون ويحيى بن سعيد القطان وأحْمد وإسحق وأضرابُهم؛

(2) وكجَمعِ أحاديث الفقه التِي بَنَى عليها فقهاءُ الأمصار وعلماءُ البُلدانِ مذاهِبَهُم.

الفاظ	معانی	الفاظ	معانی	الفاظ	معانی
مَهَّدُوا	انہوں نے ترتیب دیا	الشيَخَيْنِ	ابو بکر و عمر / بخاری و مسلم	تَمهيد	ترتیب دینا
مُتَّصلاً	جس کی سند ملی ہو	أوسَعُهُم	ان میں سب سے وسیع	تَفرَّغُوا	وہ فارغ ہوئے
مَوقُوفًا	صحابہ کے اقوال و اعمال	يَكفِي	وہ کافی ہے	تَمييْز	فرق کرنا
حَسَنًا	اچھی (درمیانے درجے کی)	كُفُوا	انہوں نے کافی محنت کی	الْمُجْمَعَ عَلَيهِ	جس پر اتفاق ہو
صالِحًا	مناسب	مُؤَوَّنَةَ	مشکل	أضرابُهم	ان کے جیسے دیگر

(3) وكالْحُكمِ على كلِ حديث بما يَستَحقُّهُ وكالشَاذَة والفَاذَة من الأحاديث التي لَم يَروُوهَا، أو طُرُقهَا التِي لَم يَخرجْ مِن جِهَتِهَا الأوائل، مِمّا فيه اتصالٌ أو عُلُوِّ سَنَدٍ[1] أو روايةُ فقيهٍ عن فقيهٍ أو حافظٌ عن حافظٍ أو نَحو ذلك من الْمطالبِ العلمية.

وهؤلاء هُمُ البخاري ومسلم وأبو داود وعبد بن حُمَيد والدارمي وابن ماجه وأبو يعلى والترمذي والنسائي والدارقطني والْحاكم والبيهقي والْخطيب والديلَمي وابن عبد البرِّ وأمثالُهم. وكان أوسَعُهم عِلمًا عندي وأنفَعُهُم تصنيفًا وأشهَرُهم ذِكرًا رِجَالٌ أربعةٌ مُتَقارِبُونَ فِي العَصرِ:

(1) أوّلُهم أبو عبد الله البخاري[2]. وكان غَرضُهُ تَجريدَ الأحاديث الصِحَاحِ الْمُستَفيضَةَ الْمُتَّصِلَةَ مِن غَيْرِها واستنباطَ الفقه والسِيْرةِ والتفسيْرِ منها. فصَنَّفَ جَامعَهُ الصحيحَ و وَفَّى بِمَا شَرَطَ...

(2) وثانِيهم مُسلِم النيسَابُوري[3]. تَوَخَّى تَجريدُ الصحاح الْمُجمَع عليها بين الْمُحَدِّثِيْنَ الْمُتصلة الْمرفوعة مِمّا يستنبطُ منه السُنَّةُ وأراد تقريبَها إلى الأذهانِ وتسهِيلِ الاستنباطُ منها. فَرَتَّبَ تَرتِيبًا جَيِّدًا وجَمَعَ طُرُقُ كلِ حديث فِي مَوضَعٍ وَاحد لِيَتَّضحَ اختلافُ الْمُتُون. وتَشَعَّبَ الأسانيدَ أصرَحُ ما يكون وجَمَع بيْن الْمُختَلَفات فلَم يَدَعْ لِمَن له مَعرِفَةٌ بِلِسَانِ العَرَبِ عُذرًا فِي الإعرَاضِ عَنِ السنةِ إلى غيْرِهَا.

(۱) بعض اوقات ایسا ہوتا تھا کہ حدیث کی سند میں کڑیاں کم کرنے کے لئے محدثین دور دراز سفر کر کے حدیث کے پہلے والے راویوں سے جا کر ملتے تھے۔ اسے "علوسند" کہا جاتا ہے۔ (2) d. 256H/870CE (3) d. 261H/875CE

الفاظ	معانی	الفاظ	معانی	الفاظ	معانی
يَستَحقُّ	وہ مستحق ہے	وَفَّى	اس نے پورا کیا	لِيَتَّضِحَ	تاکہ وہ واضح ہو
الشَاذَة	متضاد معنی کی حدیث	تَوَخَّى	اس نے ارادہ کیا	الْمُتُونِ	متن کی جمع، ٹیکسٹ
الفَاذَة	اکیلے شخص کی حدیث	تقريبها	اسے قریب کرنا	تَشَعَّبَ	اس نے شاخیں نکالیں
غَرضُهُ	اس کا مقصد یا غرض	الأذهانِ	ذہن کی جمع	عُذرًا	عذر
تَجرِيدَ	چھانٹنا، انتخاب کرنا	تسهِيلِ	آسان کرنا	الإعرَاضِ	منہ پھیرنا، چھوڑنا

(3) وثالثُهم أبو داود السجِستَاني[1]. وكان هَمُّهُ جَمعُ الأحاديث التي استَدَلَّ بِها الفقهاءُ ودَارَتْ فيهم وبَنَى عليها الأحكامُ علماءِ الأمصارِ. فصنّف سُنَنَهُ وجَمَعَ فيها الصحيح والْحسن واللّيْنَ والصَالِح للعَمَلِ. قال أبو داود: "وما ذكرتُ فِي كتابِي حديثًا أجْمَعَ الناسُ على تركِه، وما كان منها ضعيفًا أُصَرِّحُ بِضُعفه. وما كان فيه علّةٌ بَيَّنتُهَا بوَجه يَعرِفُهُ الْخَائِضُ فِي هذا الشأن." وتَرجَمَ على كلِ حديثٍ بِما قد استنبَطَ منه عالِمٌ وذهب إليه ذَاهِبٌ ولذلك صَرَّحَ الغزالي وغَيْرَه بأنّ كتابَهُ كَافٍ لِلمُجتَهِدِ.

(4) ورابعهم أبو عيسى الترمذي[2]. وكأنّه استَحسَنَ طريقةَ للشيخَيْنِ حيثُ بَيَّنَا وما أَبْهَمَا وطريقةَ أَبِي داود حيثُ جَمَعَ كل ما ذهب إليه ذاهبٌ. فجمع كِلتَا الطريقتَيْنِ وزاد عليهما بيانَ مذاهبِ الصحابة والتابعيْنَ وفقهاءِ الأمصار. فجمع كتابًا جامعًا واختَصَرَ طرقَ الحديث اختصارًا لطيفًا فذَكَرَ واحدً وأومَأُ إلى ما عَدَاهُ، وبَيَّنَ أمرَ كلِ حديثٍ من أنّه صحيحٌ أو حسنٌ أو ضعيفٌ أو مُنكَرٌ. وبيّن وجهَ الضُعف لِيَكُونَ الطالبُ على بصيْرةٍ من أمرِه. فيَعرِفُ ما يُصلِحُ للاعتبارِ ممّا دُونَهُ. وذكر أنّه مُستفيضٌ أو غريبٌ، وذكر مذاهبَ الصحابة وفقهاء الأمصار. وسَمَّى مَن يُحتَاجَ إلى التَسمِيَة وكُنَّى من يُحتاج إلى التَكنِيَّةِ فلَم يَدَعْ خِفَاءً لِمَن هو مِن رِجالِ العِلمِ ولذلك يُقالُ إنّه كافٍ لِلمُجتَهِدِ مُغنٍ لِلمُقَلِّد[3].

(۱) d. 275H/889CE. (۲) d. 278H/892CE (۳) مقلد اور مجتہد ایک دوسرے کے متضاد ہیں۔ مجتہد وہ ہے جو قرآن و سنت میں براہ راست غور و فکر کرے جبکہ مقلد وہ ہے جو کسی مجتہد کی پیروی کرے۔

الفاظ	معانی	الفاظ	معانی	الفاظ	معانی
هَمُّهُ	اس کی فکر	تَرجَمَ	اس نے حالات زندگی بیان کیے	مُنكَرٌ	کمزور حدیث
اللّيْن	نرم، کمزور	استَحسَنَ	اسنے سب سے اچھے کو نکالا	التَسمِيَة	نام رکھنا
عِلَّةٌ	وجہ، کمزوری، بیماری	لطيفًا	باریک	كَنَّى	اس نے کنیت بتائی
بَيَّنتُهَا	میں نے اسے واضح کیا	أومَأُ	اس نے اشارہ کیا	التَكنِيَّة	کنیت رکھنا
الْخَائِضُ	غور و خوض کرنے والا	عَدَاهُ	اس کے علاوہ	مُغنٍ	غنی کرنے والا، کافی

وكان بِإزَاءِ هؤلاءِ فِي عَصرِ مالك وسفيانَ وبعدهم قومٌ لا يكرَهُونَ المسائلَ ولا يَهَابُونَ الفُتيَا ويقولون: "على الفقه بنَاءُ الدينِ." فلا بُدَّ من إشاعَتِه ويهابون روايةَ حديث رسولِ الله صلى الله عليه وسلم والرفعَ إليه. حتّى قال الشعبِي على مَن دُونَ النبي صلى الله عليه وسلم أحَبُّ إلينا فإنْ كان فيه زِيادةٌ أو نُقصانٌ كان على من دون النبي صلى الله عليه وسلم." وقال إبراهيم: "أقول: قال عبد الله وقال علقمة أحبُّ إلَيَّ." وكان ابنُ مسعودٍ إذا حَدَّثَ عن رسولِ الله صلى الله عليه وسلم تَرَبَّدَ وَجهَهُ وقال: "هَكَذَا أو نَحوَهُ."

وقال عُمَرُ حيْن بَعَثَ رَهطًا من الأنصارِ إلى الكُوفة: "إنّكُم تَأتُونَ الكوفةَ فتَأتُونَ قومًا لَهم أزِيزُ بالقرآنِ. فيَأتُونَكُم فيقولون قَدَّمَ أصحابُ مُحمد صلى الله عليه وسلم قدم أصحاب مُحمد صلى الله عليه وسلم، فيَأتُونَكُم فيَسأَلُونَكُم عنِ الْحديث. فأقِلُّوا الروايةَ عَن رسولِ الله صلى الله عليه وسلم." وقال ابن عونٍ كان الشعبِي إذا جاءَهُ شيءٌ أتقَى وكان إبراهيم يقول ويقول. (أخرج هذه الآثار الدارمي.)

فوَقَعَ تدوينُ الحديثِ والفقه والمسائلِ من حاجتِهم بِمَوقَعٍ من وجه آخر. وذلك أنّه لَم يكن عندهم مِن الأحاديثِ والآثارِ، ما يَقدِرُونَ به على استنباطِ الفقهِ على الأصولِ التي اختَارَهَا أهلُ الحديثِ ولَم تَنشَرِحْ صدورُهم للنظرِ فِي أقوالِ علماء البلدان، وجَمعها والبحثَ عنها، واتَّهَمُوا أنفسَهم فِي ذلك. وكانوا اعتَقَدُوا فِي أئِمَّتِهم أنّهم فِي الدَرجَةِ العُليَا مِنَ التَحقِيقِ. وكانت قلوبُهم أُمِيَلُ شيءٌ إلى أصحابِهم.

الفاظ	معانی	الفاظ	معانی	الفاظ	معانی
بِإزَاءِ	اس کے بر عکس	أقِلُّوا	اسے کم کرو	اعتَقَدُوا	انہوں نے اعتقاد رکھا
تَرَبَّدَ	اس کا رنگ اڑ گیا	يَقدِرُونَ	وہ اس پر قدرت رکھتے ہیں	العُليَا	اونچا
رَهطًا	گروہ	تَنشَرِحُ	یہ کھلتا ہے	التَحقِيقِ	تحقیق و تفتیش
أزِيزُ	رونا	اتَّهَمُوا	انہوں نے الزام لگایا	أُمِيلُ	اسے مائل کیا گیا

كما قال علقمةُ: "هل أحد منهم أثبت من عبدالله (بن مسعود)؟" وقال أبو حنيفة رحمه الله تعالى: "إبراهيم (النخعي) أفقه من سالم (بن عبدالله بن عمر) ولولا فضل الصحبة لقلت علقمة أفقه من ابن عمر."

وكان عندهم مِن الفطَانَة والْحَدَس وسُرعَة انتقَال الذَهب من شيء إلى شيء. ما يَقدرُونَ به على تَخريجِ جواب الْمَسَائِلِ على أقوال أصحابِهم. وكلٌّ مُيَسرٌ لِما خُلِقَ لَهُ و كُلُّ حِزب بِما لَدَيهِم فَرِحُونَ. فَمَهَّدُوا الفقهَ على قاعدَة التخريج. وذلك أن يَحفظَ كل أحد كتابٌ مَن هو لسانُ أصحَابِه وأعرفُهُم بأقوالِ القومِ وأصحُّهُم نظرًا فِي التَرجِيحِ، فيَتَأمَّلُ فِي كلِّ مسألةٍ وجهِ الْحُكمِ. فكُلَّمَا سُئِلَ عن شيءٍ أو احتاجَّ إلى شيءٍ:

ــ رَأَى فيما يَحفظُهُ مِن تصريْحَات أصحابه، فإنْ وجد الْجوابُ فِيها،

ــ وإلاّ نظر إلى عُمُومِ كلامِهِم فأجرَاه على هذِهِ الصُورة أو إلى إشارَةٍ ضِمنيَة لكلامِ فاستَنبَطَ مِنها.

ــ ورُبّما كان لِبَعضِ الكلام إيْماءٌ أو اقتضاءٌ يُفهَمُ الْمقصُود.

ــ وربّما كان للمسألة الْمَصرَّحُ بها نظيْرٌ يَحملُ عليها.

ــ وربّما نظرُوا فِي عِلّة الْحكمِ الْمصرحِ به بالتخريجِ أو باليُسرِ والْحَذفِ فأدَارُوا حكمَه على غيْرِ الْمصرحِ به.

کیا آپ جانتے ہیں؟ دور جاہلیت کے عربوں میں باقاعدہ تعلیم کا نظام نہ تھا البتہ انہیں بعض سائنسی چیزوں کے بارے میں بنیادی معلومات تھیں جیسے انسانوں اور جانوروں کے لئے جڑی بوٹیوں سے ادویات تیار کرنا، لوہے سے ہتھیار بنانا، برتن بنانا وغیرہ۔

الفاظ	معانی	الفاظ	معانی	الفاظ	معانی
الفطَانَةِ	ذہن کی تیزی، ذہانت	فأجرَاه	تو وہ اسے جاری کرتا ہے	اقتضاءٌ	عقلی تقاضا
الْحَدَسِ	وجدان	ضِمنيَة لكلامِ	کلام میں بین السطور پوشیدہ	نظيْرٌ	مثال
يَتَأمَّلُ	وہ گہرا غور کرتا ہے	إيْماءٌ	انڈائرکٹ اشارہ	فأدَارُوا	انہوں نے اس پر عمل کیا

ــ وربّما كان له كلامان لَوِ اجتمَعَا على هيئةِ القياسِ الاقترانِي أو الشرطي[1] أنتَجَا جوابَ المسألة.

ــ وربّما كان فِي كلامِهِم ما هو معلومٌ بالْمِثَالِ والقِسمَة غيْرُ معلومٍ بالْحَدِّ الْجامِعِ الْمَانِعِ فيرجِعُونَ إلى أهلِ اللِّسان. ويَتَكَلَّفُونَ تَحصِيلِ ذاتِيَاتِه وترتيبِ حَدّ جامعٍ مانعٍ لَه وضَبطِ مُبهَمِهِ وتَمييزِ مُشكِلِه.

ــ وربّما كان كلامُهم مُحتَملا لوجهَيْنِ فينظرون فِي ترجيحِ أحدِ الْمُحتَمَلَيْنِ.

ــ وربّما يكون تقريبُ الدلائلِ للمسائلِ خَفيًا فيُبيِنُونَ ذلك.

ــ وربّما استَدَلَّ بعضُ الْمُخرجِيْنَ مِن فِعلِ أئمَّتِهم وسُكُوتِهم ونحو ذلك.

فهذا هُوَ التخريجُ. ويُقال له القول الْمُخرِجُ لفلان كذا. ويُقال على مذهب فلان أو على أصلِ فلان أو على قولِ فلان جوابِ المسأَلَة كذا وكذا. ويُقال لِهؤلاء الْمُجتهدون فِي الْمذهب وعنّى هذا الاجتهادُ على هذا الأصلِ من قال: "مَن حَفظَ الْمبسوطَ[2] كان مُجتَهِدًا." أي وإنْ لَم يكنْ له علمٌ بالرِوَايَة أصلاً ولا بحديث واحد. فوَقَعَ التخريجُ فِي كلِ مذهب وكَثُرَ. فأيُّ مذهب كان أصحابُه مشهورين، وُسِدَ إليهم القَضاءُ والإفتاءُ، واشتَهَرَت تصانيفُهم فِي الناسِ، ودَرَسُوا درسًا ظاهِرًا. انتَشَرَ فِي أقطارِ الأرضِ ولَم يَزَلْ يَنتَشِرُ كل حيْن وأي مذهبَ كان أصحابُهُ خَامِلِيْنَ ولَم يُولُوا القضاءَ والإفتاءَ ولَم يَرغَبْ فيهم الناس اندَرَسَ بعدَ حيْن.

(۱) یہ دونوں عقلی قیاس کے طریقے ہیں۔ تفصیل کے لئے علم المنطق کی کتابیں دیکھیے۔ (۲) مبسوط امام ابو حنیفہ کے شاگرد محمد بن حسن الشیبانی کی تصنیف ہے اور فقہ حنفی کا بنیادی ماخذ ہے۔

الفاظ	معانی	الفاظ	معانی	الفاظ	معانی
هيئة	شکل وصورت	يَتَكَلَّفُونَ	وہ ذمہ داری لیتے ہیں	انتَشَرَ	وہ پھیل گیا
أنتجا	اس نے پیدا کیا	ذاتيَاته	اس کی ذاتیات	خَامِلِيْنَ	سست
القِسمَةِ	تقسیم	سُكُوتِهم	ان کی خاموشی	لَم يُولُوا	وہ مقرر نہ ہوئے
الْمَانِعِ	منع کرنے والا	دَرَسُوا	انہوں نے درس دیا	اندَرَسَ	وہ مر گیا، ختم ہو گیا

بَابٌ حكايةُ حالِ الناسِ قبلَ الْمائة الرَّابعَة وبيانٌ سببِ الاختلاف بيْن الأوَائلِ والأواخرِ فِي الانتسَاب إلى مَذهَب من المذاهب وعَدَمه وبيانٌ سببِ الاختلاف بيْن العلماء فِي كَونِهم مِن أهلِ الاجتِهَادِ الْمُطلَقِ [1] أوْ أهلِ الاجتهادِ فِي الْمذهَبِ [2] والفرقِ بيْن هَاتَيْنِ الْمَنْزِلَتَيْن.

إعلَمْ أنّ الناسَ كانوا فِي المائة الأولى والثانية غيْرُ مُجمَعِيْنَ على التَقليد [3] لمَذهَب واحد بعَينه. قال أبو طالب المكي فِي "قُوتُ القُلُوب" إنّ الكُتُبَ والْمَجمُوعَات مُحدَثَةٌ والقولُ بمَقَالات الناسِ والفُتيَا بمذهب الواحدِ من الناسِ واتّخاذُ قولُه والحكايةُ له فِي كلِ شيءٍ والتَفَقُّهُ على مذهبِهِ لَم يَكُنِ الناسُ قديْمًا على ذلك فِي القرنَيْنِ الأول والثاني. انتهَى

(۱) مجتہدین کی دو قسمیں ہیں۔ ایک وہ جو قرآن و سنت میں براہ راست غور و فکر کر کے اس میں سے مسائل اخذ کر سکتے ہیں۔ انہیں "مجتہد مطلق" کہا جاتا ہے۔ (۲) مجتہدین کی دوسری قسم وہ ہے جو قرآن و سنت سے براہ راست مسائل اخذ کر سکتے ہیں مگر وہ اپنے مکتب فکر کے اصولوں کے معاملے مکتب فکر کے بانی کی پیروی کرتے ہیں۔ انہیں "مجتہد فی المذہب" کہا جاتا ہے۔ (۳) تقلید کا معنی ہے کہ کوئی شخص کسی خاص مکتب فکر کی پیروی اس طرح کرے کہ وہ ان کی فقہی آراء کی تفصیلی جانچ پڑتال نہ کرے۔ تقلید کرنے والے کو مقلد کہا جاتا ہے۔

آج کا اصول: لفظ جَعَلَ عام استعمال ہوتا ہے۔ اس کے چار معانی ہیں: بنانا، سمجھ لینا، قرار دینا، شروع کرنا۔ مثالیں یہ ہیں: جَعَلَ الْقَمَرَ (اس نے چاند کو بنایا)، أَجَعَلْتُمْ سقَايَةَ الْحَاجِّ وَعمارَةَ الْمَسْجد الْحَرَامِ كَمَنْ آمَنَ بِاللَّه وَالْيَوْمِ الآخِرِ (کیا تم نے حاجیوں کو پانی پلانے اور مسجد الحرام کو اس طرح سمجھ لیا ہے جیسے کوئی اللہ اور یوم آخرت پر ایمان لائے؟)، جَعَلَ اللهُ الْخَمْرَ حَرَامًا (اللہ نے شراب کو حرام قرار دیا ہے)، جَعَلَ حَامِدٌ يَضْرِبُنِي (حامد نے مجھے مارنا شروع کر دیا)۔ اس آخری صورت میں جَعَلَ بالکل کَانَ کی طرح عمل کرتا ہے۔

الفاظ	معانی	الفاظ	معانی	الفاظ	معانی
حكايَةُ	کہانی، بیان	مَنْزِلَتَيْن	دو مقامات	مَقَالاتِ	آراء، کہی ہوئی باتیں
الْمائة	صدی، سو	مُجمَعِيْنَ	متفق ہونے والے	الفُتيَا	فتوے، قانونی آراء
انتِسَابِ	منسوب کرنا	التَقليدِ	تقلید، اندھی پیروی	اتّخَاذُ	پکڑنا، اپنانا
مَذهَبٍ	نقطہ نظر، مکتب فکر	قُوتُ	خوراک	التَفَقُّهُ	سمجھنا، علم الفقہ
كَونِ هِم	ان کا ہونا	مَجمُوعَاتِ	مجموعے	قديْمًا	قدیم، پرانا
الفِرَقِ	فرقہ کی جمع	مُحدَثَةٌ	نئی چیز	القرنَيْنِ	دو صدیاں

أقُولُ: وبَعدُ القَرنَيْنِ حَدَثَ فيهم شَيءٌ مِنَ التَّخرِيجِ غَيْرُ أنّ أهلَ الْمِئَةَ الرابعة لَم يَكُونُوا مُجتَمعِيْنَ على التقليدِ الْخَالِصِ على مذهبٍ واحد والتفقه له. والْحِكَايَةُ لِقولِه كما يَظهُرُ مِنَ التَتبُّعِ. بَل كانَ الناسُ على درجَتَيْنِ: العُلَمَاءُ والعَامَّةُ.

وكانَ من خبْرِ العامَّةِ أنّهم كانوا فِي الْمسائِلِ الإجْمَاعِيَّة التي لا اختلافَ فيها بيْنَ المسلميْنَ أو بين جُمهُورِ الْمُجتَهِدِينَ لا يُقَلِّدُونَ إلاّ صاحبِ الشَرعِ. وكانوا يَتعَلَّمُونَ صفَةَ الوُضُوءِ والغُسلِ وأحكامِ الصلاة والزكاة ونَحوِ ذَلكَ من آبائِهم أو عُلَمَاءِ بُلدَانِهم، فيَمشُونَ على ذلك. وإذَا وَقَعَتْ لَهُم وَاقِعَةٌ نَادِرَةٌ، استَفتَوا فيها أي مُفتٍ وَجَدُوا من غيرِ تَعيِيْنِ مَذهب. قال ابنُ الْهَمَّامِ فِي آخرِ التَحرِيرِ كانُوا يَستَفتُونَ مَرَّةً وَاحِدًا ومرةً غيْرَه غَيْرُ مُلتَزِمِيْنَ مُفتِيًا وَاحِدًا. انتهى

وأما الْخَاصَّةُ العُلَمَاءِ فكانُوا على مَرتَبَتَيْنَ:

(1) و كانَ من خَبْرِ الْخاصةِ أنّه كان أهلُ الْحديثِ مِنهُم يَشتَغِلُونَ بالْحَدِيثِ. فيَخلُصُ إليهم مِن احاديثِ النبيِ صلي الله عليه وسلم و آثارِ الصحابَةِ.

کیا آپ جانتے ہیں؟ عربی نثر میں ایک اہم صنف سخن "وصیت" ہے۔ وصیت کا معنی ہے پر خلوص مشورہ۔ اردو کی وصیت کی نسبت عربی وصیت کا مفہوم زیادہ وسیع ہے اور اس میں ہر قسم کا مشورہ شامل ہے خواہ وہ مرتے وقت دیا گیا ہو یا اس کے علاوہ۔ عربوں کے تجربہ کار اور صاحب علم لوگ اپنے خاندان یا دوستوں کو نہایت ہی فصیح انداز میں وصیت کیا کرتے تھے۔ یہ وصایا عربی نثر میں علم و حکمت کی شاندار باتوں پر مشتمل ہیں۔ سیدنا لقمان رضی اللہ عنہ کی وصیتوں کو تو قرآن میں بھی بیان کیا گیا ہے۔

الفاظ	معانی	الفاظ	معانی	الفاظ	معانی
التَتبُّعِ	تلاش کرنا	مُجتَهِدِينَ	اجتہاد کرنے والے	مُلتَزِمِيْنَ	لازمی عمل کرنے والے
درجَتَيْنِ	دو درجے	بُلدَانِهِم	اپنے شہر	مُفتِيًا	مفتی، قانونی ماہر
الْخَاصَّةُ	خاص لوگ	يَمشُونَ	وہ چلتے / عمل کرتے ہیں	مَرتَبَتَيْنَ	دو درجے
العَامَّةُ	عام لوگ	نَادِرَةٌ	نادر و نایاب	يَشتَغِلُونَ	وہ مصروف ہیں
إجْمَاعِيَّة	جس پر اتفاق رائے ہو	استَفتَوا	انہوں نے فتویٰ مانگا	يَخلُصُ	وہ خالص کرتا ہے
جُمهُورِ	اکثریت	مُفتٍ	مفتی، قانونی ماہر	آثارِ	صحابہ کے اقوال و اعمال

ما لا يَحتَاجُّونَ مَعَهُ إلي شَيءٍ آخرٍ فِي الْمَسأَلَة من حديث مُستَفيضٍ أو صَحيحٍ. قد عَمَلَ به بَعضُ الفُقَهَاءِ و لا عُذرَ لتَارك العَمَلِ به، أو أقوالٌ مُتظَاهَرَةٌ لجُمهور الصحابة و التابعيْنَ ممّا لا يَحسُنُ مُخَالفَتهَا. فإنْ لَم يَجدْ فِي الْمَسأَلَة ما يَطمَئنُّ به قَلبُهُ، لتَعارُضِ النقلِ و عدمِ وُضُوحِ التَرجِيحِ و نَحو ذلكَ، رَجَعَ إلي كلامِ بعضٍ مَن مَضَى مِن الفُقَهَاءِ. فإنْ وَجَدَ قَولَيْنِ اختَارَ أوثَقهُمَا، سَوَاءً كان مِن أهلِ الْمَدينة أو من أهلِ الكُوفَة.

(2) وكان أهلُ التخريجِ مِنهم يَخرُجُونَ فيما لا يَجدُونَهُ مُصَرَّحًا، و يَجتَهِدُونَ فِي الْمَذهَب. وكان هَؤلاءِ يُنسَبُونَ إلي مذهبِ أحَدهم فيُقَالُ، "فُلانٌ شَافَعِيٌّ، و فُلانٌ حَنَفِيٌ." و كان صاحبُ الْحَديث أيضًا قد يُنسَبُ إلي أحَد الْمَذاهب لكَثْرَة مُوَافَقَته لَهُ، كَالنسَائِي و البَيهَقي يُنسَبَانِ إلي الشَافِعِي، وكان لا يَتَوَلَّي القَضَاءُ و لا الإفتَاءُ إلاّ مُجتَهِدٌ له، ولا يُسَمَّي "الفقيه" إلا مُجتَهدًا.

ثُم بَعدُ هذه القُرُون كان أُنَاسٌ آخَرُونَ ذَهَبُو يَمينًا و شِمَالا، وحَدَثَ فيهم أُمُورٌ، مِنهَا الْجَدَلُ و الْخِلافُ فِي عِلمِ الفِقهِ. وتَفصِيلُهُ، عَلى ما ذَكَرَهُ الغَزَالِي:

چیلنج! اگر جملہ اسمیہ پر کان و أخواتها داخل کیے جائیں تو جملے کی شکل اور معنی پر ان کا کیا اثر ہوتا ہے؟ اگر جملے پر إنّ و أخواتها داخل کیے جائیں تو جملے کی شکل اور معنی پر ان کا کیا اثر ہوتا ہے؟ تین تین مثالیں دیجیے۔

الفاظ	معانی	الفاظ	معانی	الفاظ	معانی
يَحتَاجُّونَ	انہیں ضرورت ہے	التَرجِيح	ترجیح دینا	لا يَتَوَلَّي	وہ مقرر نہیں ہوتا ہے
الْمَسأَلَة	پوچھنا، ایشو	مَضَى	وہ گزرا	القَضَاءُ	عدالت میں جج کا منصب
مُستَفِيضٍ	تفصیلی	اختَارَ	اس نے اختیار کیا	الإفتَاءُ	قانونی رائے دینے کا منصب
لا يَحسُنُ	وہ اچھا نہیں سمجھتا	أوثَقَ	زیادہ قابل اعتماد	أُنَاسٌ	لوگ
تَعارُضِ	تضاد	يَخرُجُونَ	وہ نکالتے ہیں	حَدَثَ	نئی بات ہو گئی
النقلِ	منتقل ہونے والا علم	مُصَرَّحًا	واضح طور پر بیان کردہ	الْجَدَلُ	بحث
وُضُوحِ	واضح ہونا	يُنسَبُونَ	وہ منسوب کرتے ہیں	الْخِلافُ	اختلاف رائے

أنةّ لَمَّا انقرَضَ عَهدَ الْخُلَفَاءِ الرَّاشدِينَ الْمَهدِيِّيْنَ، أفْضَتَ الْخلافَةُ إلي قومٍ تَوَلَّوهَا بِغَيْرِ استِحقَاق ولا استِقلالِ بِعلمِ الفَتَاوِي والأحكَام. فَاضطَرُّوا إلي الاستعَانَة بالفُقَهَاء و إلي استِصحَابِهم في جَمِيعِ أحوَالِهم. وقد بَقِيَ مِنَ العُلَمَاءِ مَن هُو مُستَمِرٌّ على الطَرَازِ الاوَّلِ ومُلازِمٌ صَفوَ الدِّين. فكَانُوا إذَا طُلِبُوا، هَرَبُوا و أعرَضُوا.

فَرَأَي أهلُ تلكَ الأعصَارِ عِزُّ العلماء و إقبَالُ الأئمَّة عليهم مَعَ إعرَاضِهم، فاشْرَأَبُوْا بِطَلَب العلمِ تَوَصُّلاً إلى نَيلِ العِزِّ و دَرك الْجَاه. فأصبَحَ الفقهاءُ بعدُ أنّ كانُوا مَطلُوبِيْنَ طَالِبِيْنَ. وبعدُ أن كانوا أَعِزَّةٌ بالإعرَاضِ عَنِ السلاطِيْنَ أَذِلَّةٌ بالإقبَالِ عليهم، إلا مَن وَفَقَهُ الله.

و قد كان من قبلِهم قد صَنَّفَ الناسُ في علمِ الكَلامِ و أكثَرُوا القَالَ و القِيلَ و الإيرَادَ و الْجَوَابَ و تَمهِيدَ طريقِ الْجَدَلِ. فوَقَعَ ذلك منهم بِمَوقَعٍ من قَبلِ أنْ كان مِنَ الصُدُورِ و الْمُلُوكِ مَن مَالَتْ نَفسَهُ إلي الْمُنَاظَرَة في الفقه و بَيَان الأولي من مذهب الشافعي و أبي حَنِيفَةَ رَحمَهُ الله.

مطالعہ کیجیے! بعض لوگ دو چہرے کیوں رکھتے ہیں؟ دوہری شخصیت کا انسان کی ساکھ پر کیا اثر ہوتا ہے؟
http://www.mubashirnazir.org/PD/Urdu/PU02-0016-Twofaces.htm

معانی	الفاظ	معانی	الفاظ	معانی	الفاظ
پکڑنا	دَرك	لازم پکڑنے والا	مُلازِمٌ	وہ ختم ہوا	انقرَضَ
جاہ و منصب، اعلی عہدہ	الْجَاه	عزت	صَفوَ	اس کا نتیجہ نکلا	أفْضَتَ
اس نے تصنیف کی	صَنَّفَ	وہ دور ہوئے	هَرَبُوا	مستحق ہونا	استِحقَاق
بحث کرنا، کہنا سننا	القَالَ والقِيلَ	انہوں نے اعراض کیا	أعرَضُوا	مستحکم ہونا	استِقلال
مسائل لانا	الإيرَادَ	زمانے	الأعصَارِ	وہ مجبور ہوئے	اضطَرُّوا
ترتیب دینا	تَمهِيدَ	مقبولیت	إقبَالُ	مدد مانگنا	الاستِعَانَةِ
اعلی طبقے کے لوگ	الصُدُورِ	وہ توانائی سے لپکے	اشْرَأَبُوْا	صحبت اختیار کرنا	استِصحَابِ
اس نے مال فراہم کیا	مَالَتْ	حاصل کرنا	تَوَصُّلاً	مسلسل کرنے والا	مُستَمِرٌّ
باقاعدہ بحث	الْمُنَاظَرَةِ	حاصل کرنا، پہنچنا	نِيلِ	طرز عمل	الطَرَازِ

فتَرَكَ الناسُ الكلامَ و فُنُونَ العلمِ، وأقبَلُوا علَى الْمَسَائِلِ الْخلافيَّة بَيْنَ الشافعي و أبي حنيفة رحِمه الله على الْخُصُوصِ، وتَسَاهَلُوا فِي الخلاف مع مالك وسُفيان وأحْمد بن حنبل وغيْرهم. وزَعَمُوا أن غَرضَهُم استنبَاطُ دَقَائِقِ الشَرعِ وتقريرِ عِلَلِ الْمذهبِ وتَمهيد أُصُولِ الفَتَاوَي، واكثَرُوا فيها التَصَانيفَ والاستنبَاطَاتَ، ورَتَّبُوا فيها أنواعَ الْمُجَادلاتِ والتَصنيفات وهم مُستمرّون عليه إلي الآن. ولَسنا نَدرِي ما الذي قَدَّرَ الله تعالي فيما بعدها مِن الأعصَارِ. انتهي حاصله.

ومنهَا أنّهم اطمأَنُّوا بالتقليد، ودَبَّ التقليدُ فِي صُدُورِهم دَبِيبُ النَملِ و هم لا يَشعُرُونَ. وكان سَبَبٌ ذلك تَزَاحُمُ الفقهاءُ و تَجَادُلُهُم فيما بينهم، فإنّهم لَمّا وَقَعَتْ فيهم الْمُزَاحَمة فِي الفتوي كان كُل مَن أفتَي بشييء نُوقِضَ فِي فَتوَاهُ و رَدَّ عليه. فلم يَنقَطِعْ الكلامُ إلي بمسيْرٍ إلي تَصريحِ رجلٍ من الْمُتَقَدِّمِيْنَ فِي الْمَسأَلَة. وأيضًا جَوَرُ القُضَّاة، فإنّ القضاةَ لَما جَارَ أكثَرُهم و لَم يكونوا أمنَاءٌ، لَم يُقبلْ مِنهم إلي ما لا يُرِيبُ العامة فيه، و يكون شيئًا قد قِيل من قبل. وأيضًا جَهلُ رُؤُوسِ النَاسِ، واستفتَاءُ الناسِ مَن لا عِلمَ له بالْحديث ولا بِطريقِ التَخرِيجِ، كما تَرَي ذلك ظَاهِرًا فِي أكثر الْمُتَأخِّرِينِ. و قد نَبَّهَ عليه ابنُ الْهِمَام وغيْره. وفِي ذلك الوقتِ يُسَمَّي غَيْرُ الْمُجتَهد فَقيهًا.

الفاظ	معانی	الفاظ	معانی	الفاظ	معانی
أقبَلُوا	وہ آگے بڑھے	رَتَّبُوا	انہوں نے ترتیب دیا	رَدَّ عليه	اس نے اسکی تردید کی
تَسَاهَلُوا	انہوں نے سستی کی	مُجَادلاتِ	اختلافی بحثیں	مسيْر	آخری جگہ
الْخلافيَّة	اختلافی مسائل	نَدرِي	ہم جانتے ہیں	تَصريحِ	واضح بیان کرنا
زَعَمُوا	انہوں نے خیال کیا	اطمأَنُّوا	انہیں اطمینان ہوا	مُتَقَدِّمِيْنَ	پہلے زمانے کے لوگ
استنبَاطُ	اخذ کرنا، استنباط کرنا	دَبِيبُ	آہستہ سے داخل ہونا	جَوَرُ	ظلم وجور
دَقَائِق	باریک نکات	النَملِ	چیونٹی	أمنَاءٌ	دیانتدار
تَقرِيرِ	وضاحت	تَزَاحُم	مقابلہ	لا يُرِيبُ	وہ یقین نہیں کرتا ہے
عِلَلِ	وجوہات، علت کی جمع	نُوقِضَ	اسکی تردید کی گئی	مُتَأخِّرِينِ	بعد کے زمانے کے لوگ

ومنها أن أقبَلَ أكثَرهم علي التَعمُّقَات فِي كُل فَن: فمِنهم مَن زَعَمَ أنه يُؤَسِّسُ عِلمَ أسْمَاءِ الرِّجَالِ[1] ومَعرِفَةِ مَرَاتِبِ الْجرحِ وَالتَعدِيلِ[2]. ثُم خرج مِن ذلك إلي التاريخِ قديْمِه وحديثِه. ومنهم مَن تَفحَّصَ عَن نَوَادِرِ الأخبَارِ وغرائِبِهَا وإنْ دَخَلَتْ فِي حَدِّ الْمَوضُوعِ. ومِنهم مَن كَثُرَ القِيلَ والقَالَ فِي أُصُولِ الفقه[3].

واستَنبَطَ كلٌ لأَصحَابه قَوَاعِدَ جَدَلِيَّةً. فأورَدَ فاستَقصَي و أجَابَ و تَفصَّي و عَرَّفَ و قَسَّمَ فَحوَّرَ. طَوَّلَ الكلامَ تَارَةً وتَارَةً أُخرَي اختصَرَ. ومِنهم مَن ذهب إلي هذا بِفَرضِ الصُوَرِ الْمُستَبعَدَةَ التي من حَقِّهَا ألا يَتعَرَّضُ لَها عَاقِلٌ. وبِفَحصِ العُمُومَات والإيْمَاءَات مِن كلام الْمُخرِجِيْنَ فمن دُونِهم مما لا يَرتَضِي استماعَه عالِمٌ و لاجاهِلٌ. وفِتنَةُ هذَا الْجَدَلِ والْخلاف والتَعمُّقِ قريبةٌ من الفتنةِ الأولى، حِيْنَ تَشَاجَرُوا فِي الْمُلك وانتَصَرَ كلُ رجلٍ لِصَاحِبه.

(۱) اسماء الرجال وہ فن ہے جس میں حدیث کے راویوں کے حالات زندگی، ان کے مکمل نام، شجرہ نسب، حدیث کے حصول کے سفر وغیرہ سے متعلق معلومات ملتی ہیں۔ (۲) "الجرح و التعدیل" وہ فن ہے جس میں اسماء الرجال سے حاصل شدہ معلومات حدیث کے راویوں کے قابل اعتماد ہونے یا نہ ہونے کا فیصلہ کیا جاتا ہے۔(۳) اصول الفقہ وہ فن ہے جس میں مذہبی ماخذوں سے قانون سازی کا طریقہ کار بیان کیا جاتا ہے۔

الفاظ	معانی	الفاظ	معانی	الفاظ	معانی
تَعمُّقَات	گہرے مطالعے	أجَابَ	اس نے جواب دیا	حَقِّهَا	اس کی حقیقت
يُؤَسِّسُ	وہ بنیاد رکھتا ہے	تَفصَّي	اس نے وضاحت کی	يَتعَرَّضُ	وہ سامنا کرتا ہے
مَرَاتِبِ	مرتبہ کی جمع، درجے	قَسَّمَ	اس نے تقسیم کیا	فَحصِ	معائنہ، جانچ پڑتال
التاريخِ	علم تاریخ	حَوَّرَ	اس نے تبدیل کیا	عُمُومَات	عمومی باتیں
تَفحَّصَ	چھان بین، جانچ پڑتال	طَوَّلَ	اس نے طول دیا	إيْمَاءَات	اشارے، پوشیدہ باتیں
غرائِب	عجیب وغریب چیزیں	تَارَةً	ایک بار	مُخرِجِيْنَ	نکالنے والے
مَوضُوعِ	گھڑی ہوئی، وضع کی گئی	فَرضِ	فرض کرنا	يَرتَضِي	وہ راضی ہوتا ہے
أورَدَ	وہ لایا	الصُوَرِ	صورتیں، صورتحال	استماعَ	سننا
استَقصَي	اس نے جانچ کی	مُستَبعَدَةِ	دور کی کوڑی	تَشَاجَرُوا	وہ ایکدوسرے سے لڑے

فكَمَا أعقبَتْ تلك مَلَكًا عَضُوضًا ووَقَائِعُ صُمَاء عُمْيَاء، فكذلك أعقَبَتْ هذه جهلاً واختلاطًا وشُكُوكًا ووَهْمًا ما لَها مِن أرجاء. فنَشَأت بَعدَهُم قرونٌ عَلَى التَقليد الصرَف، لا يُميِّزُون الْحَقَّ من البَاطِلِ و لا الْجدَلِ عَن استنباط. فالفقيهُ يَومئذ هُو الثرثَارُ الْمُتَشَدِّقُ الذي حَفظَ أقوالُ الفقهاءِ قَوِيُهَا و ضَعيفها من غيْر تَمييز، و سَرَدَهَا بشَقْشَقَة شدقيه. والْمُحَدِّثُ مَن عَدَّ الاحاديثَ صحيحِها و سَقيمِهَا و هَذَّهَا كَهَذِّ الأسْمَار بقُوَّة لَحيَيه.

ولا أقول: كان ذلك كُلِّيًا مُطَّرِدًا، فإنّ لله طَائِفَةٌ من عِبَاده لا يَضرُّهُم مَن خَذَلَهُم، و هُم حُجَّةُ الله في أرضه و إنْ قَلُّوا. ولَم يَأت قَرنٌ بعد ذلك إلا و هُو أكثَرُ فتنَةً و أوفرُ تَقليدًا و أشَدُّ انتزَاعًا للأمَانة من صدور الرجال، حتّي اطمَأنُّوا بتَرك الْخَوضِ في أمرِ الدينِ و بأن يَقُولا: "إِنَّا وَجَدْنَا آبَاءَنَا عَلَى أُمَّةٍ وَإِنَّا عَلَى آثَارِهِمْ مُهْتَدُونَ". (زخرف 43:22)

مطالعہ کیجیے! ہمارے جھگڑوں کی بنیادی وجہ "شک" ہے۔ اس سے کیسے بچا جائے؟
http://www.mubashirnazir.org/PD/Urdu/PU02-0007-Suspicion.htm

الفاظ	معانی	الفاظ	معانی	الفاظ	معانی
أعقبَتْ	اس کے بعد آیا	الثرثَارُ	بہت بولنے والا	الأسْمَارِ	باتیں، گفتگو
عَضُوضًا	کاٹ کھانے والا، ظالم	الْمُتَشَدِّقُ	بڑبولا، اونچا بولنے والا	لَحيَيه	اپنی داڑھی (منہ کی طاقت)
وَقَائِعُ	واقعات	حَفظَ	اس نے یاد کیا	مُطَّرِدًا	برابر، وہی
اختلاطًا	مکس ہونا	سَرَدَهَا	اس نے اسے بیان کیا	خَذَلَهُم	اس نے انہیں رسوا کیا
شُكُوكًا	شک، وہم	شقشقَة	بہت بولنا	حُجَّةُ	دلیل
أرجاء	جانب، سمت	شدقيه	اپنا منہ	قَلُّوا	وہ قلیل ہو گئے
فنَشَأت	تو اس نے نشو و نما پائی	الْمُحَدِّثُ	حدیث کا ماہر	أوفرُ	وہ وافر ہو گیا
الصرَف	خالص	سَقيمِهَا	اس کا کمزور	الْخَوضِ	غور و خوض
يُميِّزُونَ	وہ فرق کرتے ہیں	هَذَّ	وہ بے سوچے سمجھے بولا	آثَارِهِمْ	ان کے نقش قدم

سبق 14A: جملہ اسمیہ، شرطیہ جملے اور ضمیر

تعمیر شخصیت
اپنے ماحول کو صاف رکھنا اور آلودگی کا خاتمہ کرنا ہماری مذہبی ذمہ داری ہے۔

آپ جملہ اسمیہ سے تو واقف ہیں ہی۔ اس سبق میں ہم جملہ اسمیہ سے متعلق کچھ اعلیٰ درجے کے قوانین کا مطالعہ کریں گے۔ یہ تو آپ جانتے ہی ہیں کہ جملہ اسمیہ کے دو حصے ہوتے ہیں: مبتدا اور خبر۔ یہ دونوں مرفوع ہوتے ہیں۔

مبتدا عام طور پر کوئی اکیلا اسم یا ضمیر ہوتا ہے جیسے الله رَبُّنا، نَحْنُ طُلاَّبُ۔ مبتدا مصدر موؤل (أن + فعل مضارع) بھی ہو سکتا ہے جیسے أنْ تَعفُوا أقربُ للتقوىٰ (تمہارا معاف کرنا تقویٰ کے زیادہ قریب ہے۔ یہ مرکب اضافی یا توصیفی بھی ہو سکتا ہے جیسے مِفتَاحُ الْجَنَّةِ الصلوةُ (جنت کی کنجی نماز ہے) وغیرہ۔

اسم نکرہ بطور مبتدا

عام طور پر مبتدا کوئی "اسم معرفہ (خاص شخص، چیز یا جگہ کا نام)" ہی ہوتا ہے مگر بعض حالات میں "اسم نکرہ (عام شخص، چیز یا جگہ کا نام)" کو بھی بطور مبتدا استعمال کیا جاتا ہے۔ اس کی تفصیل یہ ہے:

- اگر خبر، مجرور حالت میں ہو تو اس کا مبتدا اسم نکرہ ہوتا ہے۔ ایسی صورت میں مبتدا کو خبر کے بعد لایا جاتا ہے جیسے في الغُرفةِ رَجُلٌ (کمرے میں کوئی مرد ہے)، عندَي سَيَّارةٌ (میرے پاس ایک کار ہے) وغیرہ۔
- سوال کے لئے استعمال ہونے والے لفظ اسم نکرہ ہی ہوتے ہیں۔ سوالیہ جملوں میں مَن، مَا، کَم وغیرہ الفاظ کو مبتدا مان لیا جاتا ہے جبکہ اس کے بعد آنے والے لفظ کو اس مبتدا کی خبر مانا جاتا ہے۔ مثلاً کَمْ مَرِيضٌ فِي الْمُستَشفَى؟ (ہسپتال میں کتنے مریض ہیں؟)، مَنْ رَبُّكَ؟ (تمہارا رب کون ہے؟) وغیرہ۔

مبتدا و خبر کی ترتیب

عام حالات میں مبتدا کو خبر سے پہلے لایا جاتا ہے مگر درج ذیل صورتوں میں خبر کو مبتدا سے پہلے لایا جاتا ہے۔

- جیسا کہ اوپر بیان کیا گیا ہے کہ اگر خبر، مجرور حالت میں ہو تو اس کا مبتدا اسم نکرہ ہوتا ہے۔ ایسی صورت میں مبتدا کو خبر کے بعد لایا جاتا ہے جیسے في الغُرفةِ رَجُلٌ (کمرے میں کوئی مرد ہے)، عندَي سَيَّارةٌ (میرے پاس ایک کار ہے) وغیرہ۔
- بعض سوالیہ الفاظ أين، أنّي، أيّان، متى، کیف کو ہمیشہ خبر مان لیا جاتا ہے مگر یہ الفاظ ہمیشہ مبتدا سے پہلے آتے ہیں جیسے مَتَى نَصرُ الله (اللہ کی مدد کب آئے گی؟)، أيّان مُرسَها؟ (وہ کب واقع ہوگی؟)، کَيْفَ كَانَ عِقَاب؟ (سزا کیسی تھی؟)۔
- اگر مبتدا کے ساتھ کوئی ضمیر ہو جس کا تعلق خبر سے ہو تو پھر خبر کو مبتدا سے پہلے لایا جاتا ہے۔ جیسے فِي البَيتِ صَاحِبُهَا (گھر کے اندر، اس کا مالک ہے)، ضَخِيمٌ كِتَابُهُ (اس کی کتاب موٹی ہے) وغیرہ۔
- اگر مبتدا میں کوئی استثناء بیان کرنا ہو تو پھر خبر کو اس سے پہلے لایا جاتا ہے جیسے لا خَاسِرٌ إلاّ الكَسلانُ (کوئی نقصان اٹھانے والا نہیں ہے سوائے سست کے)، لا إلَهَ إلاّ الله (کوئی معبود نہیں ہے، سوائے اللہ کے)۔

مبتدا یا خبر کا حذف

اگر مبتدا یا خبر میں سے کوئی مخاطب کے علم میں پہلے سے ہوں تو پھر انہیں حذف کر دیا جاتا ہے۔ جیسے اگر یہ پوچھا جائے مَن شَاهِدٌ (گواہ کون ہے؟) تو جواب ہو گا أنا (میں)۔ اس صورت میں مکمل جملہ أنا شَاهِدٌ (میں گواہ ہوں) ضروری نہیں ہے۔ اس وجہ سے خبر کو حذف کر دیا گیا ہے۔

اسی طرح کسی سے مثلاً پوچھا جائے ما اسْمُكَ؟ (آپ کا نام کیا ہے؟) تو جواب ہو گا حَامِدٌ۔ اس صورت میں مکمل جملہ أنا حَامِد (میں حامد ہوں) بولنے کی ضرورت نہیں ہے۔ اس وجہ سے مبتدا کو حذف کر دیا گیا ہے۔

بعض اوقات سامعین کی پوری توجہ مبتدا پر مبذول کروانے کے لئے خبر کو حذف کر دیا جاتا ہے۔ اسی طرح اگر سامعین کی پوری توجہ خبر پر مبذول کروانا مقصود ہو تو مبتدا کو حذف کر دیا جاتا ہے۔ جیسے کمرہ جماعت میں کوئی طالب علم اگر سانپ دیکھ لے تو اسے پورا جملہ بولنے کی ضرورت نہیں ہے کہ هذا ثُعبَانٌ (یہ سانپ ہے)۔ اس کی بجائے وہ اتنا کہے گا ثُعبَانٌ!!!! (سانپ!!!!!!)۔

خبر سے متعلق قوانین

خبر سے متعلق قوانین یہ ہیں:

- خبر اکیلا لفظ بھی ہو سکتی ہے جیسے الرَّجُلُ صَالِحٌ (یہ خاص مرد نیک ہے)۔ اس صورت میں مبتدا، اسم معرفہ اور خبر، اسم نکرہ ہو گی۔
- خبر مکمل جملہ اسمیہ یا فعلیہ بھی ہو سکتی ہے۔ مثلاً: بلالٌ أبُوهُ صَالِحٌ (بلال، اس کے والد نیک آدمی ہیں)۔ یہاں أبُوهُ صَالِحٌ مکمل جملہ اسمیہ ہے جو کہ بلال کی خبر ہے۔ اسی طرح اللهُ خَلَقَكُمْ (اللہ، اس نے تمہیں تخلیق کیا) میں خَلَقَكُمْ مکمل جملہ فعلیہ ہے جو کہ اللہ کی خبر ہے۔
- خبر مرکب اضافی، توصیفی، عطفی، جاری یا اسم موصول بھی ہو سکتی ہے۔ مثلاً هَذا بَيتُ الله (یہ اللہ کا گھر ہے)، هذا رَجُلٌ صَالِحٌ (یہ نیک مرد ہے)، هُمَا أسْمَا و فَاطِمَةُ (وہ دونوں اسماء اور فاطمہ ہیں)، الْحَمدُ للهِ (تعریف تو بس اللہ ہی کے لئے ہے)، هَذَا الَّذي يَرْزُقُكُمْ (یہ ہے وہ جو تمہیں رزق دیتا ہے) وغیرہ۔
- ایک ہی مبتدا کی کئی خبریں ہو سکتی ہیں اور اسی طرح ایک ہی خبر کے متعدد مبتدا ہو سکتے ہیں جیسے: أحْمَدُ و بلالٌ يَأكُلان الطَعَامَ (احمد اور بلال کھانا کھاتے ہیں)، هُوَ يَأكُلُ و يَشربُ (وہ کھاتا اور پیتا ہے)، هُوَ الْغَفُورُ الْوَدُودُ ذُو الْعَرْشِ الْمَجِيدُ (وہی معاف کرنے والا، محبت کرنے والا، عرش کا مالک اور بزرگ ہے)۔ اس جملے میں ایک ہی مبتدا کی چار خبریں ہیں۔ حرف عطف کے بغیر ان صفات کا آنا اس بات کی علامت ہیں یہ تمام صفات موصوف میں بیک وقت پائی جاتی ہیں۔

سبق 14A: جملہ اسمیہ، شرطیہ جملے اور ضمیر

(ا) **اپنی صلاحیت کا امتحان لیجیے!** پہلی لائن میں دی گئی مثال کی طرح جملوں کا تجزیہ کیجیے۔

عربي	مُبتَدَا (معرفة أو نكرة)	پہلے کیا آیا؟ مبتدا أو خبَر	وجہ
اللهُ غَفُورٌ	الله (معرفة)	مبتدا	عام طور پر مبتدا ہی پہلے آتا ہے
عَجِيبٌ كَلامُهُ			
عِندَكَ سَيَّارَةٌ			
أ فِي اللهِ شَكٌّ؟			
مَنْ غَابَ؟			
مَن أنتَ			
أنْ تَصُومُوا خَيْرٌ لَكُمْ			
فِي قُلُوبِهِمْ مَرَضٌ			
فِيهِ ظُلُمَاتٌ وَرَعْدٌ وَبَرْقٌ			
فِيهَا أَزْوَاجٌ مُطَهَّرَةٌ			
كَيْفَ تَكْفُرُونَ بِاللَّهِ			
مِنْهُمْ أُمِّيُّونَ			
لَكُمْ فِي الْقِصَاصِ حَيَاةٌ			
هُوَ مُحَرَّمٌ عَلَيْكُمْ			

مطالعہ کیجیے! قرآن اور بائبل کے دیس میں۔ اللہ تعالی کے نبیوں سے متعلق مقامات کا سفر نامہ۔

http://www.mubashirnazir.org/ER/L0014-00-Safarnama.htm

(۲) اپنی صلاحیت کا امتحان لیجیے! جہاں پر بھی علامت [] دی گئی ہے، وہاں یا تو مبتدا یا پھر خبر محذوف ہے۔ محذوف الفاظ کا تعین کیجیے اور اسے حذف کرنے کی وجہ بیان کیجیے۔

عربي	اردو	مَحذُوف	وجہ
[] بَدِيعُ السَّمٰوَاتِ وَالأَرْضِ	اللہ آسمان وزمین کا آغاز کرنے والا ہے		
[] صِبْغَةَ اللَّهِ	یہ اللہ کا رنگ ہے		
قَالَتْ [] عَجُوزٌ عَقِيمٌ	وہ بولیں: میں تو بوڑھی اور بانجھ ہوں		
[] عَالِمُ الْغَيْبِ وَالشَّهَادَةِ	اللہ چھپی اور ظاہر چیزوں کو جاننے والا ہے		
فَ [] صَبْرٌ جَمِيلٌ	تو مجھے اچھے طریقے سے صبر کرنا چاہیے		
[] أَمْوَاتٌ غَيْرُ أَحْيَاءٍ	وہ مردہ ہیں، زندہ نہیں ہیں		
وَمَا أَدْرَاكَ مَا الطَّارِقُ. [] النَّجْمُ الثَّاقِبُ	تمہیں کیا معلوم کہ وہ رات کو آنے والا کیا ہے، وہ شہاب ثاقب ہے		
[] صُمٌّ بُكْمٌ عُمْيٌ	وہ گونگے بہرے اندھے ہیں		
فَقَالَ لَهُمْ رَسُولُ اللَّهِ [] نَاقَةَ اللَّهِ وَسُقْيَاهَا	تو ان سے اللہ کے پیغمبر نے فرمایا: یہ اللہ کی اونٹنی ہے اور اس کے پانی پینے کی باری ہے		

آج کا اصول: لفظ کم دو طرح استعمال ہوتا ہے: (۱) تعداد پوچھنا، اس صورت میں یہ "کتنے؟" کے معنی میں استعمال ہوتا ہے۔ (۲) حیرت کے اظہار کے لئے، اس صورت میں یہ "کتنے ہی!!" کے معنی میں استعمال ہوتا ہے۔ سوال کی مثال یہ ہے: قَالَ كَمْ لَبِثْتَ قَالَ لَبِثْتُ يَوْماً (اس نے کہا، "میں کتنے دن رہا؟" پھر جواب دیا، "میں ایک دن رہا۔")، كَمْ كُتُبٌ عندكَ (تمہارے پاس کتنی کتابیں ہیں؟)۔ حیرت کی مثال یہ ہے: كَمْ مِنْ فِئَةٍ قَلِيلَةٍ غَلَبَتْ فِئَةً كَثِيرَةً بِإِذْنِ اللَّهِ (کتنے ہی چھوٹے لشکر اللہ کے حکم سے بڑے لشکروں پر حاوی ہو جاتے ہیں!!!)، أَلَمْ يَرَوْا كَمْ أَهْلَكْنَا مِنْ قَبْلِهِمْ مِنْ قَرْنٍ (کیا وہ نہیں دیکھتے کہ ہم نے ان سے پہلے کتنی ہی قوموں کو ہلاک کر دیا)، أَوَلَمْ يَرَوْا إِلَى الأَرْضِ كَمْ أَنْبَتْنَا فِيهَا مِنْ كُلِّ زَوْجٍ كَرِيمٍ (کیا وہ زمین میں نہیں دیکھتے کہ ہم نے اس میں ہر چیز کے کتنے ہی قابل احترام جوڑے پیدا کیے؟)۔

شرطیہ جملے

شرطیہ جملوں کے دو حصے ہوتے ہیں۔ جیسے "اگر تم میری مدد کرو گے تو میں تمہاری مدد کروں گا"۔ اس میں "تو" سے پہلے والا حصہ "شرط" کہلاتا ہے اور اس کے بعد والا حصہ "جواب شرط" کہلاتا ہے۔ مثلاً إنْ تَنْصُرُوا اللّٰهَ يَنْصُرْكُمْ وَيُثَبِّتْ أَقْدَامَكُمْ (اگر تم اللہ (کے دین) کی مدد کرو گے تو وہ تمہاری مدد کرے گا اور تمہارے قدم جما دے گا)۔ عربی میں "تو" کے قائم مقام لفظ کا استعمال کرنا ضروری نہیں ہے۔ بہت سے ایسے الفاظ ہیں جو "اگر" کے ہم معنی ہیں۔ ان میں مَنْ، ما، مَتَى، إلاّ (إنْ + لا)، أيُّ، مَهمَا شامل ہیں۔ انہیں استعمال کرنے کے چند قوانین ہیں جن کی تفصیل یہ ہے:

- اگر فعل مضارع کو شرط یا جواب شرط کے طور پر استعمال کیا گیا ہو، تو یہ حالت جزم ہو گا یعنی اس کے چار صیغوں کے آخری حرف پر جزم ہو گی اور دو نسوانی نون کے علاوہ تمام نون حذف کر دیے جائیں گے۔ جیسے إنْ تَعُودُوا نَعُدْ (اگر تم پلٹو گے تو ہم بھی پلٹیں گے)۔
- بعض اوقات جواب شرط کے آغاز میں حرف "ف" کا اضافہ کر دیا جاتا ہے۔ ایسا اس وقت ہوتا ہے جب جواب شرط کا آغاز چند مخصوص الفاظ لَيسَ، عَسَى، قَدْ، لَنْ، س، سَوف، كَأَنَّمَا، إنَّ، فعل أمر، إسم ضمير سے ہو۔ مثلاً مَنْ غَشَّ فَلَيسَ مِنَّا (اگر کسی نے ملاوٹ کی تو وہ ہم میں سے نہیں ہے)، مَنْ يُطِعِ اللّٰهَ و رَسولَهُ فقد فاز فوزًا عظيمًا (اگر کسی نے اللہ اور اس کے رسول کی اطاعت کی تو وہ بہت بڑی کامیابی کے ساتھ یقیناً کامیاب ہو گیا) وغیرہ۔
- اگر جواب شرط کا آغاز "ف" سے ہو رہا تو اور اس میں فعل مضارع بھی ہو تو وہ مجزوم نہ ہو گا۔
- بعض اوقات جواب شرط کو شرط سے پہلے لایا جاتا ہے۔

کیا آپ جانتے ہیں؟ عربی شاعری (بلکہ ہر زبان کی شاعری) کی تین بڑی اقسام ہیں:

(۱) الشعر القصصي: یہ وہ اشعار ہیں جن میں اہم واقعات اور قصے کہانیوں کو بیان کیا جاتا ہے جیسے جنگوں، قبائلی جنگجوؤں کی بہادری وغیرہ کے واقعات۔ اس میں مبالغہ اور من گھڑت قصے بھی ہوتے ہیں تاکہ قبائلی یا قومی انا کو تسکین دی جا سکے۔

(۲) الشعر التمثيلي: ان نظموں میں کچھ کرداروں کو فرض کر کے ان کی زبان سے شاعر اپنے خیالات اور احساسات بیان کرتا ہے۔ ان نظموں کی بنیاد پر ڈرامے بھی کیے جاتے ہیں جنہیں اوپیرا کہا جاتا ہے۔

(۳) الشعر الغنائي: شاعری کی اس قسم میں محبت، ہمدردی، دکھ، خوشی وغیرہ کے جذبات کو ظاہر کیا جاتا ہے۔ شاعری کی اس قسم کو فلمی گانوں میں بہت استعمال کیا جاتا ہے۔

مطالعہ کیجیے! مایوسی سے نجات کیسے؟ مصنف نے اس تحریر میں مایوسی کی وجوہات اور ان سے نجات کا طریقہ بیان کیا ہے۔

http://www.mubashirnazir.org/ER/L0002-00-Frustration.htm

(۳) **اپنی صلاحیت کا امتحان لیجیے!** پہلی لائن میں دی گئی مثال کی طرح شرط اور جواب شرط کو رنگوں کی مدد سے علیحدہ کیجیے۔ حرف شرط بیان کیجیے، مضارع مجزوم کا تعین کیجیے۔ جواب شرط میں اگر "ف" استعمال ہوا ہو تو اس کی وجہ بیان کیجیے۔

عربي	اردو	حرف شرط	مضارع مجزوم	ف کی وجہ
مَا تَفْعَلُوا مِنْ خَيْرٍ يَعْلَمْهُ اللَّهُ	تم کوئی اچھائی بھی کرو، اللہ اسے جانتا ہے	ما	يَعلَمْ	کوئی نہیں
إِنْ عَزَمُوا الطَّلاقَ فَإِنَّ اللَّهَ سَمِيعٌ عَلِيمٌ	اگر وہ طلاق کا عزم کر لیں تو یقیناً اللہ سننے جاننے والا ہے			
إِلاَّ تَغْفِرْ لِي وَتَرْحَمْنِي أَكُنْ مِنَ الْخَاسِرِينَ	اگر تو نے مجھے معاف نہ کیا اور مجھ پر رحم نہ فرمایا تو میں نقصان اٹھانے والوں میں ہو جاؤں گا			
مَنْ يَعْمَلْ مِنَ الصَّالِحَاتِ وَهُوَ مُؤْمِنٌ فَلا يَخَافُ ظُلْماً	جس کسی نے ایمان کی حالت میں نیک عمل کئے تو اسے ظلم کا خوف نہیں ہونا چاہیے			
مَنْ يَهْدِ اللَّهُ فَهُوَ الْمُهْتَدِي	جسے اللہ ہدایت دے، وہی ہدایت یافتہ ہے			
إِنْ جَنَحُوا لِلسَّلْمِ فَاجْنَحْ لَهَا	اگر وہ اطاعت کے لئے بازو گرا دیں تو آپ بھی اپنا ہاتھ روک لیجیے			
فَمَنْ يَعْمَلْ مِثْقَالَ ذَرَّةٍ خَيْراً يَرَه	جو کوئی ذرہ برابر بھی نیکی کرے گا، تو وہ اسے دیکھ لے گا			
مَهْمَا تَأْتِنَا بِهِ مِنْ آيَةٍ لِتَسْحَرَنَا بِهَا فَمَا نَحْنُ لَكَ بِمُؤْمِنِينَ	جب بھی تم کوئی نشانی ہمیں مسحور کرنے کے لئے لاؤ گے، ہم اس پر یقین نہ کریں گے			
بُعُولَتُهُنَّ أَحَقُّ بِرَدِّهِنَّ فِي ذَلِكَ إِنْ أَرَادُوا إِصْلَاحاً	ان کے خاوندوں انہیں واپس کرنے کے زیادہ حق دار ہیں اگر وہ اصلاح کا ارادہ کر لیں			
إِنْ يُرِيدُوا أَنْ يَخْدَعُوكَ فَإِنَّ حَسْبَكَ اللَّهُ	اگر وہ آپ کو دھوکہ دینا چاہیں تو یقیناً اللہ آپ کے لئے کافی ہے			
مَنْ يَأْتِهِ مُؤْمِناً قَدْ عَمِلَ الصَّالِحَاتِ فَأُوْلَئِكَ لَهُمُ الدَّرَجَاتُ الْعُلا	جو کوئی ایمان کی حالت میں اچھے عمل کرے تو ان کے لئے اونچے درجات ہیں			

اسم ضمیر

چیلنج! مبتدا کو خبر سے پہلے کب رکھا جاتا ہے؟

آپ لیول ا میں سیکھ چکے ہیں کہ اسم ضمیر هو، هُما، هُم، هي، هُما، هُنّ، أنتَ، أنتما، أنتم، أنت، أنتما، أنتُنَّ، أنا، نَحنُ ہوتے ہیں۔ اگر یہ نصب یا جر کی حالت میں ہو، تو یہ هُ، هُما، هُم، ها، هُما، هُنّ، كَ، كُما، كُم، ك، كُمَا، كُنَّ، ي، نا ہو جاتے ہیں۔ آپ یہ بھی جانتے ہیں کہ افعال کے اندر بھی ضمیر پوشیدہ ہوتے ہیں۔ یہی وجہ ہے کہ اگر ضمیر کو الگ سے بیان نہ کیا جائے تو یہ پوشیدہ ضمیر خود بخود جملہ مکمل کر دیتے ہیں۔

ضمیر کی ایک خاص قسم ہے جسے ضمیر نصب منفصل کہتے ہیں۔اس صورت میں منصوب ضمائر کے ساتھ لفظ إيّا کا اضافہ کیا جاتا ہے جیسے إيّاهُ، إيّاهُما، إيّاهُم، إيّاها، إيّاهُما، إيّاهُنّ، إيّاكَ، إيّاكُما، إيّاكُم، إيّاكِ، إيّاكُمَا، إيّاكُنَّ، إيّاي، إيّانا ۔ یہ ان صورتوں میں استعمال ہوتے ہیں۔

- اگر ضمیر، مفعول ہو تو اسے فعل سے پہلے استعمال کیا جانا ضروری ہو تو اس کے ساتھ لفظ إيّا کا اضافہ کر دیا جاتا ہے۔ جیسے: إِيَّاكَ نَعْبُدُ (صرف تیری ہی، ہم عبادت کرتے ہیں)۔ فعل سے پہلے لانے سے مفعول پر تاکید ہو جاتی ہے اور معنی میں "صرف" کا اضافہ ہو جاتا ہے۔ جملہ نَعْبُدُكَ درست ہے مگر اس میں تاکید نہیں ہے۔ جملہ كَ نَعْبُدُ غلط ہے۔
- اگر کسی حرف عطف یا الاّ کے بعد کوئی ضمیر منصوب لایا جائے تو اس کے ساتھ بھی لفظ إيّا کا لگانا ضروری ہے۔ مثلاً رَأيتُكَ و إيَّاهُ (میں نے تمہیں اور اسے دیکھا)، لا نَعبُدُ إلا إيّاه (ہم اس کے سوا کسی کی عبادت نہیں کرتے)۔ جملے رَأيتُكَ و هُ، لا نعبد إلا هُ درست نہیں ہیں۔
- اگر دو ضمیروں کو بطور مفعول استعمال کیا جائے تو بھی لفظ إيّا کا لگانا ضروری ہے۔ جیسے أعطَيتُهُ إيّاهَا (میں نے یہ اس خاتون کو دیا)۔ جملہ أعطَيتُهُهَا درست نہیں ہے۔
- لفظ إيّا "ضروری ہے کہ" کا معنی بھی دیتا ہے۔ جیسے إِيَّاكُمْ والْحَسَدَ (ضروری ہے کہ تم حسد سے بچو)۔

کیا آپ جانتے ہیں؟ عربی نثر لکھنے کا ایک طریقہ یہ ہے کہ ہر جملے کا آخری لفظ ہم قافیہ ہو۔ اسے "سجع" کہا جاتا ہے اور اس عبارت کو "مُسَجَّع" کہتے ہیں۔ اگر ایسا اتفاقی ہو تو اسے اچھا سمجھا جاتا ہے لیکن اگر اس میں تکلف کا عنصر شامل ہو جائے تو اسے پسند نہیں کیا جاتا ہے۔ قرآن مجید کی بہت سی سورتیں مسجع ہیں تاکہ انہیں آسانی سے یاد کیا جا سکے۔ مثلاً: الرَّحْمَنُ. عَلَّمَ الْقُرْآنَ. خَلَقَ الإِنسَانَ. عَلَّمَهُ الْبَيَانَ. الشَّمْسُ وَالْقَمَرُ بِحُسْبَانٍ. وَالنَّجْمُ وَالشَّجَرُ يَسْجُدَانِ۔

مطالعہ کیجیے! اسلام کی دعوت کے لئے کام کیسے کیا جائے؟ دعوت دین کی حکمت عملی کیسے تیار کی جائے۔

http://www.mubashirnazir.org/ER/L0005-00-Dawat.htm

(۴) **اپنی صلاحیت کا امتحان لیجیے!** لفظ "ایّا" کے استعمال کی وجہ بیان کیجیے۔

عربي	اردو	وجہ
إِيَّايَ فَارْهَبُونِ	صرف مجھ ہی سے ڈرو	
اشْكُرُوا لِلَّهِ إِنْ كُنتُمْ إِيَّاهُ تَعْبُدُونَ	اللہ کا شکر کرو اگر تم صرف اسی کی عبادت کرتے ہو	
إِيَّاكُمْ أَنْ اتَّقُوا اللَّهَ	تم پر لازم ہے کہ تم اللہ کا تقوی اختیار کرو	
بَلْ إِيَّاهُ تَدْعُونَ	خبردار، صرف اسی کو پکارو	
نَحْنُ نَرْزُقُكُمْ وَإِيَّاهُمْ	ہم تمہیں اور انہیں رزق دیتے ہیں	
مَا كُنْتُمْ إِيَّانَا تَعْبُدُونَ	تم صرف ہماری ہی عبادت نہیں کرتے تھے	
أَمَرَ أَلاَّ تَعْبُدُوا إِلاَّ إِيَّاهُ	اس نے حکم دیا کہ اس کے سوا کسی کی عبادت نہ کی جائے	
اللَّهُ يَرْزُقُهَا وَإِيَّاكُمْ	اللہ اسے اور تمہیں رزق دیتا ہے	
إِنَّا أَوْ إِيَّاكُمْ لَعَلَى هُدًى أَوْ فِي ضَلاَلٍ مُبِينٍ	یقیناً ہم اور تم ہدایت پر ہیں یا پھر کھلی گمراہی میں ہیں	
أَهَؤُلاَءِ إِيَّاكُمْ كَانُوا يَعْبُدُونَ	کیا یہ ہیں وہ جن کی وہ عبادت کیا کرتے تھے	
وَصَّيْنَا الَّذِينَ أُوتُوا الْكِتَابَ مِنْ قَبْلِكُمْ وَإِيَّاكُمْ	ہم نے تم سے پہلے اہل کتاب کو اور تمہیں نصیحت کی	
رَبِّ لَوْ شِئْتَ أَهْلَكْتَهُمْ مِنْ قَبْلُ وَإِيَّايَ	میرے رب! اگر تو چاہتا تو اس سے پہلے انہیں اور مجھے ہلاک کر دیتا	

مطالعہ کیجیے! غربت سے چھٹکارا کیسے پایا جا سکتا ہے؟
http://www.mubashirnazir.org/PD/Urdu/PU03-0004-Poverty.htm

سبق 14B: سورۃ ق یا سورۃ الواقعہ

اس سبق میں ہم قرآن مجید کی چند سورتوں کا مطالعہ کریں گے۔ سبق 14B اور 15B میں دی گئی سورتیں مل کر قرآن مجید کا ایک حصہ بناتی ہیں۔ اس حصے کا نظم اور باہمی ربط دریافت کرنے کی کوشش کیجیے۔

تعمیر شخصیت
دنیا کو تبدیل کرنے کا عزم کرنے سے پہلے خود کو تبدیل کرنے کی عادت ڈالیے۔

سُورَةُ ق	بسم الله الرحمٰن الرحيم

ق وَالْقُرْآنِ الْمَجِيدِ[1]. بَلْ عَجِبُوا أَنْ جَاءَهُمْ مُنْذِرٌ مِنْهُمْ فَقَالَ الْكَافِرُونَ هَذَا شَيْءٌ عَجِيبٌ. أَئِذَا مِتْنَا وَكُنَّا تُرَاباً ذَلِكَ رَجْعٌ بَعِيدٌ. قَدْ عَلِمْنَا مَا تَنْقُصُ الْأَرْضُ مِنْهُمْ وَعِنْدَنَا كِتَابٌ حَفِيظٌ. بَلْ كَذَّبُوا بِالْحَقِّ لَمَّا جَاءَهُمْ فَهُمْ فِي أَمْرٍ مَرِيجٍ.

أَفَلَمْ يَنْظُرُوا إِلَى السَّمَاءِ فَوْقَهُمْ كَيْفَ بَنَيْنَاهَا وَزَيَّنَّاهَا وَمَا لَهَا مِنْ فُرُوجٍ. وَالْأَرْضَ مَدَدْنَاهَا وَأَلْقَيْنَا فِيهَا رَوَاسِيَ وَأَنْبَتْنَا فِيهَا مِنْ كُلِّ زَوْجٍ بَهِيجٍ. تَبْصِرَةً وَذِكْرَى لِكُلِّ عَبْدٍ مُنِيبٍ. وَنَزَّلْنَا مِنَ السَّمَاءِ مَاءً مُبَارَكاً فَأَنْبَتْنَا بِهِ جَنَّاتٍ وَحَبَّ الْحَصِيدِ. وَالنَّخْلَ بَاسِقَاتٍ لَهَا طَلْعٌ نَضِيدٌ. رِزْقاً لِلْعِبَادِ وَأَحْيَيْنَا بِهِ بَلْدَةً مَيْتاً.... كَذَلِكَ الْخُرُوجُ.

۱۔ یہ عربی کا عام اسلوب ہے کہ قسم کھا کر کسی چیز کو بطور ثبوت پیش کیا جاتا ہے مگر جواب قسم (اس قسم سے جو چیز ثابت کرنا مقصود ہو)، اسے حذف کر دیا جاتا ہے کیونکہ وہ مخاطب کے علم میں پہلے ہی ہوتی ہے۔ یہاں پوری بات اس طرح ہے: "ہم اس قرآن کو بطور ثبوت پیش کرتے ہیں کہ لوگوں نے محمد کی نبوت کا انکار کسی معقول وجہ سے نہیں کیا۔ ان کی دلیل محض یہی ہے کہ ایک انسان کیسے رسول ہو سکتا ہے۔" مشرکین مکہ قرآن کو کاہنوں کی پیش گوئیوں، شاعروں کی شاعری، یا جنات کے الہام کی مانند کوئی چیز قرار دیتے تھے۔ اللہ تعالیٰ نے اس کی سختی سے تردید کی کہ یہ بات بڑی معقول ہے کہ اللہ ایک انسان کو اٹھا کھڑا کرے جو لوگوں کو آخرت کے بارے میں خبردار کرے۔ اس سورت کے باقی حصے میں اسی بات کے دلائل فراہم کیے گئے ہیں۔

الفاظ	معانی	الفاظ	معانی	الفاظ	معانی
عَجِبُوا	وہ حیران ہوئے	فُرُوجٍ	خلاء، سوراخ	مُنِيب	توبہ کرنے والا، لوٹنے والا
مُنْذِرٌ	خبردار کرنے والا	مَدَدْنَاهَا	ہم نے اسے لمبا کیا	الْحَصِيدِ	تیار فصل
أَئِذَا، أَ إِذَا	کیا اگر	رَوَاسِيَ	پہاڑ	بَاسِقَاتٍ	لمبے، اونچے
مِتْنَا	ہم مر گئے	بَهِيجٍ	خوبصورت	طَلْعٌ	جھنڈ، گچھے
مَرِيجٍ	کنفیوژن، مخمصہ	تَبْصِرَةً	بصیرت	نَضِيدٌ	ایک دوسرے پر رکھے گئے

سبق 14B: سورۃ ق یا سورۃ الواقعہ

كَذَّبَتْ قَبْلَهُمْ قَوْمُ نُوحٍ وَأَصْحَابُ الرَّسِّ وَثَمُودُ. وَعَادٌ وَفِرْعَوْنُ وَإِخْوَانُ لُوطٍ. وَأَصْحَابُ الْأَيْكَةِ وَقَوْمُ تُبَّعٍ[1] كُلٌّ كَذَّبَ الرُّسُلَ فَحَقَّ وَعِيدِ. أَفَعَيِينَا بِالْخَلْقِ الْأَوَّلِ بَلْ هُمْ فِي لَبْسٍ مِنْ خَلْقٍ جَدِيدٍ. وَلَقَدْ خَلَقْنَا الْإِنْسَانَ وَنَعْلَمُ مَا تُوَسْوِسُ بِهِ نَفْسُهُ وَنَحْنُ أَقْرَبُ إِلَيْهِ مِنْ حَبْلِ الْوَرِيدِ. إِذْ يَتَلَقَّى الْمُتَلَقِّيَانِ عَنِ الْيَمِينِ وَعَنِ الشِّمَالِ قَعِيدٌ[2]. مَا يَلْفِظُ مِنْ قَوْلٍ إِلَّا لَدَيْهِ رَقِيبٌ عَتِيدٌ. وَجَاءَتْ سَكْرَةُ الْمَوْتِ بِالْحَقِّ ذَلِكَ مَا كُنْتَ مِنْهُ تَحِيدُ. وَنُفِخَ فِي الصُّورِ ذَلِكَ يَوْمُ الْوَعِيدِ. وَجَاءَتْ كُلُّ نَفْسٍ مَعَهَا سَائِقٌ وَشَهِيدٌ. لَقَدْ كُنْتَ فِي غَفْلَةٍ مِنْ هَذَا فَكَشَفْنَا عَنْكَ غِطَاءَكَ فَبَصَرُكَ الْيَوْمَ حَدِيدٌ[3]. وَقَالَ قَرِينُهُ هَذَا مَا لَدَيَّ عَتِيدٌ. أَلْقِيَا [4] فِي جَهَنَّمَ كُلَّ كَفَّارٍ عَنِيدٍ. مَنَّاعٍ لِلْخَيْرِ مُعْتَدٍ مُرِيبٍ [5]. الَّذِي جَعَلَ مَعَ اللَّهِ إِلَهًا آخَرَ فَأَلْقِيَاهُ فِي الْعَذَابِ الشَّدِيدِ.

(۱) یہ وہ قومیں ہیں جن کے بارے میں عرب اچھی طرح واقف تھے کہ یہ اپنے پیغمبروں کی نافرمانی کے باعث ہلاک کر دی گئیں۔(۲) پورا جملہ عَنْ الْيَمِينِ [قَعِيدٌ] وَعَنْ الشِّمَالِ قَعِيدٌ اس طرح ہے، ایک قَعِيدٌ کو تکرار کے باعث حذف کر دیا گیا ہے۔(۳) "آج تمہاری نظر تو لوہے کی طرح تیز ہے" طنز کا اسلوب ہے۔(۴) مجرم کو دو فرشتے "سائق اور شہید" لے کر چلیں گے۔ ان دونوں کو کہا جائے گا کہ اسے جہنم میں پھینک دو۔ زمخشری نے ایک مشہور عرب ادیب مبرد کا قول نقل کیا ہے کہ عربی میں تثنیہ کا صیغہ دو افراد کے علاوہ فعل کی تکرار کے لئے بھی استعمال ہوتا ہے۔ لفظ "القیا" تثنیہ ہے۔ اس لئے اس کا معنی ہو گا، "پھینکو، پھینکو"۔(۵) یہاں مجرموں کی صفات بیان ہو رہی ہیں۔ عربی میں اگر صفات کو بغیر حرف عطف کے لایا جائے تو اس کا مطلب ہوتا ہے کہ موصوف میں یہ تمام صفات بیک وقت موجود ہیں۔

آج کا اصول: بعض اوقات مبتدا پر زور دینے کے لئے مبتدا اور خبر کے درمیان ایک ضمیر داخل کر دیا جاتا ہے۔ جیسے هذا رَجُلٌ (یہ کوئی مرد ہے) میں ضمیر داخل کرنے سے هذا هُوَ الرَّجُلُ (یہی تو وہ مرد ہے) ہو جائے گا۔ اسی طرح أُولَئِكَ مُفْلِحُونَ (وہ کامیاب لوگ ہیں) میں ضمیر داخل کرنے سے أُولَئِكَ هُمُ الْمُفْلِحُونَ (وہی تو کامیاب لوگ ہیں)۔ اسی طرح ذَلِكَ فَوْزٌ عَظِيمٌ (وہ بڑی کامیابی ہے)، ذَلِكَ هُوَ الْفَوْزُ الْعَظِيمُ (وہی تو بڑی کامیابی ہے)۔ اس ضمیر کو "ضمیر الفصل" کہا جاتا ہے۔

الفاظ	معانی	الفاظ	معانی	الفاظ	معانی
عَيِينَا	ہم ناکام ہوئے	رَقِيبٌ	نگران	كَشَفْنَا	ہم نے انکشاف کیا
لَبْسٍ	کنفیوژن، شک	سَكْرَةُ الْمَوْتِ	جانکنی کا عالم	غِطَاءَكَ	تمہارا کور، پردہ
حَبْلِ الْوَرِيدِ	شہ رگ	عَتِيدٌ	نگران	عَنِيدٍ	سخت، شدید
قَعِيدٌ	بیٹھا ہوا	تَحِيدُ	تم بچتے ہو	مَنَّاعٍ	بہت منع کرنے والا
يَلْفِظُ	وہ لفظ بولا	سَائِقٌ	چلانے والا		

قَالَ قَرِينُهُ رَبَّنَا مَا أَطْغَيْتُهُ وَلَكِنْ كَانَ فِي ضَلَالٍ بَعِيدٍ. قَالَ لَا تَخْتَصِمُوا لَدَيَّ وَقَدْ قَدَّمْتُ إِلَيْكُمْ بِالْوَعِيدِ. مَا يُبَدَّلُ الْقَوْلُ لَدَيَّ وَمَا أَنَا بِظَلَّامٍ لِلْعَبِيدِ[1]. يَوْمَ نَقُولُ لِجَهَنَّمَ هَلِ امْتَلَأْتِ وَتَقُولُ هَلْ مِنْ مَزِيدٍ. وَأُزْلِفَتِ الْجَنَّةُ لِلْمُتَّقِينَ غَيْرَ بَعِيدٍ. هَذَا مَا تُوعَدُونَ لِكُلِّ أَوَّابٍ حَفِيظٍ. مَنْ خَشِيَ الرَّحْمَنَ بِالْغَيْبِ[2] وَجَاءَ بِقَلْبٍ مُنِيبٍ. ادْخُلُوهَا بِسَلَامٍ ذَلِكَ يَوْمُ الْخُلُودِ. لَهُمْ مَا يَشَاءُونَ فِيهَا وَلَدَيْنَا مَزِيدٌ. وَكَمْ أَهْلَكْنَا قَبْلَهُمْ مِنْ قَرْنٍ هُمْ أَشَدُّ مِنْهُمْ بَطْشاً فَنَقَّبُوا فِي الْبِلَادِ[3]، هَلْ مِنْ مَحِيصٍ؟ إِنَّ فِي ذَلِكَ لَذِكْرَى لِمَنْ كَانَ لَهُ قَلْبٌ أَوْ أَلْقَى السَّمْعَ وَهُوَ شَهِيدٌ.

وَلَقَدْ خَلَقْنَا السَّمَوَاتِ وَالْأَرْضَ وَمَا بَيْنَهُمَا فِي سِتَّةِ أَيَّامٍ وَمَا مَسَّنَا مِنْ لُغُوبٍ. فَاصْبِرْ عَلَى مَا يَقُولُونَ وَسَبِّحْ بِحَمْدِ[4] رَبِّكَ قَبْلَ طُلُوعِ الشَّمْسِ وَقَبْلَ الْغُرُوبِ. وَمِنَ اللَّيْلِ فَسَبِّحْهُ وَأَدْبَارَ السُّجُودِ. وَاسْتَمِعْ يَوْمَ يُنَادِ الْمُنَادِ مِنْ مَكَانٍ قَرِيبٍ[5]. يَوْمَ يَسْمَعُونَ الصَّيْحَةَ بِالْحَقِّ ذَلِكَ يَوْمُ الْخُرُوجِ. إِنَّا نَحْنُ نُحْيِي وَنُمِيتُ وَإِلَيْنَا الْمَصِيرُ. يَوْمَ تَشَقَّقُ الْأَرْضُ عَنْهُمْ سِرَاعاً ذَلِكَ حَشْرٌ عَلَيْنَا يَسِيرٌ. نَحْنُ أَعْلَمُ بِمَا يَقُولُونَ وَمَا أَنْتَ عَلَيْهِمْ بِجَبَّارٍ فَذَكِّرْ بِالْقُرْآنِ مَنْ يَخَافُ وَعِيدِ.

(۱) اسم المبالغہ کے ساتھ نفی کا اسلوب، سختی سے تردید کے معنی کو ظاہر کرتا ہے۔ اس جملہ کا معنی ہو گا، "میں اپنے بندوں پر بالکل بھی ظلم کرنے والا نہیں ہوں۔ (۲) حرف جر "ب" کو ظرف یعنی جگہ یا وقت کے معنی میں بھی استعمال کیا جاتا ہے۔ بالغیب کا معنی ہو گا "وہ رحمان سے غیب کی حالت میں ڈرتا ہے۔" (۳) فَنَقَّبُوا فِي الْبِلَادِ کا معنی ہے کہ "وہ پناہ کی تلاش میں شہر شہر مارے مارے پھرے۔" یہ محاورہ کسی حادثے میں قوم کی تباہی کے بعد اس کے باقی ماندہ لوگوں کی حالت کو بیان کرنے کے لئے استعمال ہوتا ہے۔

(۴) حمد اور تسبیح دونوں میں اللہ تعالی کی شان بیان ہوتی ہے مگر تسبیح کا معنی منفی ہے یعنی اللہ تعالی کو ہر عیب اور برائی سے پاک قرار دینا۔ حمد کا معنی مثبت ہے یعنی اللہ تعالی کے لئے وہ سب تعریفیں بیان کرنا، جو اس کی شان کے لائق ہوں۔

(۵) ایک خدا پرست شخص کو ہمیشہ آخرت کی پکار کے لئے تیار رہنا چاہیے۔ یہاں قیامت کے دن کی تصویر کشی کی جا رہی ہے کہ ہر شخص یہ محسوس کرے گا کہ قیامت کا اعلان کہیں قریب ہی سے کیا جا رہا ہے۔

الفاظ	معانی	الفاظ	معانی	الفاظ	معانی
قَرِينُهُ	اس کا ساتھی	بَطْشاً	پکڑ، طاقت	لُغُوب	تھکن
أَطْغَيْتُهُ	میں نے اسے گمراہ کیا	فَنَقَّبُوا	تو انہوں نے تلاش کیا	أَدْبَارَ	پیچھے، بعد میں
أُزْلِفَتْ	اسے لایا گیا	مَحِيصٍ	جائے پناہ	الصَّيْحَةَ	چنگھاڑ
أَوَّابٍ	بہت توبہ کرنے والا	يُنَادِ	وہ اعلان کرے گا	سِرَاعاً	جلدی جلدی

سُورَةُ الذاريات	بسم الله الرحْمن الرحيم

وَالذَّارِيَات ذَرْواً [1]. فَالْحَامِلات وِقْراً. فَالْجَارِيَات يُسْراً. فَالْمُقَسِّمَات أَمْراً[2]. إِنَّمَا تُوعَدُونَ لَصَادِقٌ. وَإِنَّ الدِّينَ لَوَاقِعٌ. وَالسَّمَاءِ ذَاتِ الْحُبُك[3]. إِنَّكُمْ لَفِي قَوْلٍ مُخْتَلِف. يُؤْفَكُ عَنْهُ مَنْ أُفِكَ. [4] قُتِلَ الْخَرَّاصُونَ. الَّذِينَ هُمْ فِي غَمْرَةٍ سَاهُونَ. يَسْأَلُونَ أَيَّانَ يَوْمُ الدِّينِ. يَوْمَ هُمْ عَلَى النَّارِ يُفْتَنُونَ [5]. ذُوقُوا فِتْنَتَكُمْ هَذَا الَّذِي كُنتُمْ بِهِ تَسْتَعْجِلُونَ.

إِنَّ الْمُتَّقِينَ فِي جَنَّاتٍ وَعُيُونٍ. آخِذِينَ مَا آتَاهُمْ رَبُّهُمْ إِنَّهُمْ كَانُوا قَبْلَ ذَلِكَ مُحْسِنِينَ. كَانُوا قَلِيلاً مِنْ اللَّيْلِ مَا يَهْجَعُونَ. وَبِالأَسْحَارِ هُمْ يَسْتَغْفِرُونَ. وَفِي أَمْوَالِهِمْ حَقٌّ لِلسَّائِلِ وَالْمَحْرُومِ.

وَفِي الأَرْضِ آيَاتٌ لِلْمُوقِنِينَ. وَفِي أَنفُسِكُمْ [6] أَفَلا تُبْصِرُونَ. وَفِي السَّمَاءِ رِزْقُكُمْ وَمَا تُوعَدُونَ. فَوَرَبِّ السَّمَاءِ وَالأَرْضِ إِنَّهُ لَحَقٌّ مِثْلَ مَا أَنَّكُمْ تَنطِقُونَ.

(۱) جب مصدر کو کسی فعل یا اسم کے ساتھ لایا جاتا ہے تو یہ تاکید میں اضافہ کر دیتا ہے۔ یہاں معنی ہو گا: "میں ہواؤں کو بطور ثبوت پیش کرتا ہوں جو کہ پوری قوت سے بکھیر دیتی ہیں۔"

(۲) عرب اس بات سے آگاہ تھے کہ سابقہ رسولوں کی اقوام کو ہواؤں کی مدد سے سزا دی گئی تھی۔ قوم عاد کو تیز آندھی نے تباہ کیا۔ قوم لوط پر ہواؤں کی مدد سے پتھروں کی بارش ہوئی۔ قوم نوح پر طوفان کے بادل ہوائیں ہی لے کر آئیں۔ فرعون کو جب سمندر میں غرق کیا گیا تو اسے ہواؤں ہی نے پھاڑ کر الگ کیا تھا۔ ان ہواؤں کو بطور ثبوت پیش کرنے کا مقصد یہ ہے کہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کے مخاطبین سمجھ لیں کہ ان پر بھی اپنے انکار کی پاداش میں اسی قسم کا عذاب آ سکتا ہے۔ دنیا کا یہ عذاب آخرت کے عذاب کا ثبوت ہے۔

(۳) "الْحُبُك" کے معنی میں مفسرین کے مابین اختلاف ہے۔ بعض نے اسے ستاروں اور سیاروں کے "مدار" کے معنی میں لیا ہے۔ بعض نے اس سے مراد دھاری دار بادلوں کو لیا ہے جو کہ سابقہ قوموں پر عذاب نازل کرنے کا ذریعہ بنے تھے۔

(۴) اس کا معنی ہے: "اس سے وہی برگشتہ ہوتا ہے جو سیدھے راستے سے بھٹکا ہوا ہو۔" (۵) لفظ فتنہ کئی معنی میں استعمال ہوتا ہے جیسے آزمانا، مذہبی جبر، تشدد، فتنہ و فساد وغیرہ۔ (۶) انسانی جسم اس عظیم کائنات کا ایک چھوٹا سا نمونہ ہے۔ اگر کوئی شخص کائنات کے علاوہ اپنی ذات ہی میں غور و فکر کرے تو وہ اس نتیجے پر پہنچ سکتا ہے کہ اسے بہر حال اپنے خدا کے سامنے جوابدہ ہونا پڑے گا۔

الفاظ	معانی	الفاظ	معانی	الفاظ	معانی
الذَّارِيَاتِ	بکھیر دینے والی ہوا	الْحُبُكِ	مدار، دھاریاں	سَاهُونَ	غافل
وِقْراً	بوجھ (بادل)	يُؤْفَكُ	وہ برگشتہ ہوتا ہے	تَسْتَعْجِلُونَ	وہ عجلت کرتے ہیں
الْجَارِيَاتِ	چلنے والیاں	خَرَّاصُونَ	اٹکل کے تیر چلانے والے	يَهْجَعُونَ	وہ سوتے ہیں
مُقَسِّمَاتِ	تقسیم کرنے والیاں (بارش)	غَمْرَةِ	عدم توجہ، غفلت	بِالأَسْحَارِ	سحری کے وقت

سبق 14B: سورۃ ق یا سورۃ الواقعہ

هَلْ أَتَاكَ حَدِيثُ ضَيْفِ إِبْرَاهِيمَ الْمُكْرَمِينَ. إِذْ دَخَلُوا عَلَيْهِ فَقَالُوا سَلاماً، قَالَ سَلامٌ، قَوْمٌ مُنكَرُونَ[1]. فَرَاغَ إِلَى[2] أَهْلِهِ فَجَاءَ بِعِجْلٍ سَمِينٍ. فَقَرَّبَهُ إِلَيْهِمْ قَالَ أَلا تَأْكُلُونَ. فَأَوْجَسَ مِنْهُمْ خِيفَةً قَالُوا لا تَخَفْ وَبَشَّرُوهُ بِغُلامٍ عَلِيمٍ.

فَأَقْبَلَتْ امْرَأَتُهُ فِي صَرَّةٍ فَصَكَّتْ وَجْهَهَا[3] وَقَالَتْ عَجُوزٌ عَقِيمٌ. قَالُوا كَذَلِكَ قَالَ رَبُّكِ إِنَّهُ هُوَ الْحَكِيمُ الْعَلِيمُ. قَالَ فَمَا خَطْبُكُمْ أَيُّهَا الْمُرْسَلُونَ. قَالُوا إِنَّا أُرْسِلْنَا إِلَى قَوْمٍ مُجْرِمِينَ. لِنُرْسِلَ عَلَيْهِمْ حِجَارَةً مِنْ طِينٍ. مُسَوَّمَةً عِنْدَ رَبِّكَ لِلْمُسْرِفِينَ. فَأَخْرَجْنَا مَنْ كَانَ فِيهَا مِنْ الْمُؤْمِنِينَ. فَمَا وَجَدْنَا فِيهَا غَيْرَ بَيْتٍ مِنْ الْمُسْلِمِينَ. وَتَرَكْنَا فِيهَا آيَةً لِلَّذِينَ يَخَافُونَ الْعَذَابَ الأَلِيمَ.

وَفِي مُوسَى إِذْ أَرْسَلْنَاهُ إِلَى فِرْعَوْنَ بِسُلْطَانٍ مُبِينٍ. فَتَوَلَّى بِرُكْنِهِ[4] وَقَالَ سَاحِرٌ أَوْ مَجْنُونٌ. فَأَخَذْنَاهُ وَجُنُودَهُ فَنَبَذْنَاهُمْ فِي الْيَمِّ وَهُوَ مُلِيمٌ.

(۱) سیدنا ابراہیم علیہ الصلوۃ والسلام کی حیرانی کی وجہ یہ تھی کہ یہ لوگ اجنبی ہیں مگر سلام اسلامی طریقے سے کر رہے ہیں۔ انہیں گمان گزرا کہ یہ کہیں سیدنا لوط علیہ الصلوۃ والسلام کی قوم پر عذاب لانے والے فرشتے نہ ہوں۔ یہاں مبتدا پر توجہ مبذول کرانے کے لئے خبر کو حذف کیا گیا ہے۔

(۲) "آپ چپکے سے اپنے گھر والوں کے پاس گئے" سیدنا ابراہیم علیہ الصلوۃ والسلام کی مہمان نوازی کی تصویر کشی ہے کہ مہمان کو پتہ بھی نہ چلے اور میزبان اس کے لئے بھنے ہوئے بچھڑے کی دعوت تیار کر دے۔

(۳) یہ سیدہ سارہ رضی اللہ عنہا کی حیرت کا نسوانی اظہار ہے کہ میں بوڑھی بانجھ بچہ کیسے جن سکتی ہوں۔ عَجُوزٌ عَقِيمٌ میں بھی مبتدا کو حذف کر دیا گیا ہے۔

(۴) کندھے کو موڑ کر منہ پھیر لینا تکبر کا انداز ہے۔ سَاحِرٌ أَوْ مَجْنُونٌ میں بھی مبتدا حذف ہے۔

الفاظ	معانی	الفاظ	معانی	الفاظ	معانی
مُنكَرُونَ	اجنبی	صَرَّة	چلانا	سُلْطَان	دلیل، حکومت، بادشاہ
رَاغَ	وہ خاموشی سے گیا	صَكَّتْ	انہوں نے مارا	رُكْنِه	اس کا کندھا
عِجْلٍ سَمِينٍ	موٹا تازہ بچھڑا	ما خَطْبُكُمْ	تمہارا کیا معاملہ ہے؟	فَنَبَذْنَاهُمْ	تو ہم نے اسے پھینکا
أَوْجَسَ	خوف محسوس کیا	طِين	پکائی گئی مٹی	مُلِيمٌ	ملامت زدہ
خِيفَةً	خوف	مُسَوَّمَةً	نشان زدہ	الْعَقِيمَ	بنجر، خشک

وَفِي عَادٍ إِذْ أَرْسَلْنَا عَلَيْهِمُ الرِّيحَ الْعَقِيمَ[1]. مَا تَذَرُ مِنْ شَيْءٍ أَتَتْ عَلَيْهِ إِلاَّ جَعَلَتْهُ كَالرَّمِيمِ. وَفِي ثَمُودَ إِذْ قِيلَ لَهُمْ تَمَتَّعُوا حَتَّى حِينٍ. فَعَتَوْا عَنْ أَمْرِ رَبِّهِمْ فَأَخَذَتْهُمُ الصَّاعِقَةُ وَهُمْ يَنظُرُونَ. فَمَا اسْتَطَاعُوا مِنْ قِيَامٍ وَمَا كَانُوا مُنتَصِرِينَ. وَقَوْمَ نُوحٍ مِنْ قَبْلُ [2] إِنَّهُمْ كَانُوا قَوْماً فَاسِقِينَ.

وَالسَّمَاءَ بَنَيْنَاهَا بِأَيْيدٍ [3] وَإِنَّا لَمُوسِعُونَ. وَالأَرْضَ فَرَشْنَاهَا فَنِعْمَ الْمَاهِدُونَ. وَمِنْ كُلِّ شَيْءٍ خَلَقْنَا زَوْجَيْنِ لَعَلَّكُمْ تَذَكَّرُونَ. فَفِرُّوا إِلَى اللَّهِ إِنِّي لَكُمْ مِنْهُ نَذِيرٌ مُبِينٌ. وَلا تَجْعَلُوا مَعَ اللَّهِ إِلَهاً آخَرَ إِنِّي لَكُمْ مِنْهُ نَذِيرٌ مُبِينٌ. كَذَلِكَ مَا أَتَى الَّذِينَ مِنْ قَبْلِهِمْ مِنْ رَسُولٍ إِلاَّ قَالُوا سَاحِرٌ أَوْ مَجْنُونٌ.

أَتَوَاصَوْا بِهِ بَلْ هُمْ قَوْمٌ طَاغُونَ. فَتَوَلَّ عَنْهُمْ فَمَا أَنْتَ بِمَلُومٍ. وَذَكِّرْ فَإِنَّ الذِّكْرَى تَنفَعُ الْمُؤْمِنِينَ. وَمَا خَلَقْتُ الْجِنَّ وَالإِنسَ إِلاَّ لِيَعْبُدُونِ. مَا أُرِيدُ مِنْهُمْ مِنْ رِزْقٍ وَمَا أُرِيدُ أَنْ يُطْعِمُونِ. إِنَّ اللَّهَ هُوَ الرَّزَّاقُ ذُو الْقُوَّةِ الْمَتِينُ. فَإِنَّ لِلَّذِينَ ظَلَمُوا ذَنُوباً [4] مِثْلَ ذَنُوبِ أَصْحَابِهِمْ فَلا يَسْتَعْجِلُونِ. فَوَيْلٌ لِلَّذِينَ كَفَرُوا مِنْ يَوْمِهِمُ الَّذِي يُوعَدُونَ.

(۱) الرِّيحَ الْعَقِيمَ کا معنی ہے "خشک و بنجر ہوا" جس میں پانی نہ ہو۔ ایک اور مقام پر اسے ریح صرصر کہا گیا ہے۔ عرب ایسی ہوا کو پسند نہ کرتے تھے۔ پانی والی ہواؤں کو لواقح کہا جاتا ہے۔

(۲) قوم نوح کا تذکرہ مختلف اسلوب میں کرنے سے یہ ظاہر ہوتا ہے کہ ان کا معاملہ دوسری قوموں سے مختلف ہے۔ اسلوب میں اچانک تبدیلی کا مقصد سامعین کی توجہ واقعہ کی اہمیت کی طرف مبذول کرانا ہوتا ہے۔ سیدنا نوح علیہ الصلوۃ السلام کی قوم پر عذاب کی داستان دنیا کے تمام بڑے مذاہب ہندومت، یہودیت، عیسائیت اور اسلام کی مشترکہ میراث ہے۔

(۳) لفظ "اید" کا معنی ہے ہاتھ۔ مجازی اعتبار سے یہ قوت کے ہم معنی ہے۔ اردو میں بھی یہ اسی طرح مستعمل ہے۔ کسی اسم کو بطور نکرہ استعمال کرنے سے اس کے غیر معمولی ہونے کا اظہار ہوتا ہے۔ اس وجہ سے "اید" کو بطور نکرہ استعمال کیا گیا ہے۔

(۴) عربی میں اسم معرفہ کی بجائے اسم نکرہ کو لانے سے دو متضاد معنی نکلتے ہیں: (ا) جس چیز یا معاملے کو بیان کیا جا رہا ہے وہ بہت ہی اہم اور سنگین ہے۔ (ب) نکرہ میں استعمال ہونے والی چیز بہت ہی غیر اہم یا قابل نفرت ہے اور اس لائق ہی نہیں کہ اس کا توجہ سے ذکر کیا جائے۔ سیاق و سباق سے اس کا تعین ہو گا کہ اسم نکرہ استعمال ہونے سے کون سا معنی مراد ہے۔ یہاں یہ دوسرے معنوں میں ہے۔

الفاظ	معانی	الفاظ	معانی	الفاظ	معانی
الرَّمِيمِ	سڑا ہوا، تباہ شدہ	الصَّاعِقَةُ	آسمانی بجلی	الْمَتِينُ	صاحب قوت
عَتَوْا	وہ سرکش ہوئے	الْمَاهِدُونَ	پھیلانے والے	ذَنُوباً	حصہ

سُورَةُ الطور	بسم الله الرحمٰن الرحيم

وَالطُّورِ[1]. وَكِتَابٍ[2] مَسْطُورٍ. فِي رَقٍّ مَنْشُورٍ [3]. وَالْبَيْتِ الْمَعْمُورِ. وَالسَّقْفِ الْمَرْفُوعِ. وَالْبَحْرِ الْمَسْجُورِ. إِنَّ عَذَابَ رَبِّكَ لَوَاقِعٌ. مَا لَهُ مِنْ دَافِعٍ. يَوْمَ تَمُورُ السَّمَاءُ مَوْراً. وَتَسِيرُ الْجِبَالُ سَيْراً. فَوَيْلٌ يَوْمَئِذٍ لِلْمُكَذِّبِينَ. الَّذِينَ هُمْ فِي خَوْضٍ [4] يَلْعَبُونَ. يَوْمَ يُدَعُّونَ إِلَى نَارِ جَهَنَّمَ دَعّاً. هَذِهِ النَّارُ الَّتِي كُنتُمْ بِهَا تُكَذِّبُونَ. أَفَسِحْرٌ هَذَا أَمْ أَنْتُمْ لا تُبْصِرُونَ. اصْلَوْهَا فَاصْبِرُوا أَوْ لا تَصْبِرُوا سَوَاءٌ عَلَيْكُمْ إِنَّمَا تُجْزَوْنَ مَا كُنتُمْ تَعْمَلُونَ.

(۱) نسل انسانی کی تاریخ خاص طور پر سیدنا ابراہیم علیہ السلام کی اولاد کی تاریخ اس بات کا ثبوت ہے کہ قیامت ہو کر رہے گی جس میں ہر شخص کو اپنے اعمال کے لئے جوابدہ ہونا پڑے گا۔ کوہ طور، تورات، فرعون کا سمندر میں غرق ہونا، ان سب کو یہاں بطور ثبوت پیش کیا گیا ہے۔ جیسا کہ اللہ تعالیٰ نے اس دنیا میں چند منتخب قوموں پر جزا و سزا کا نفاذ کیا، ویسے ہی وہ آخرت میں ہر شخص کو اس کے اعمال کا بدلہ دے گا۔

(۲) لفظ "کتاب" کو اسم نکرہ کے طور پر بیان کرنے سے تورات کی شان اور عظمت ظاہر ہوتی ہے۔

(۳) قدیم دور میں کتابوں (خاص کر مذہبی صحیفوں یعنی تورات و انجیل) کو باریک جھلی پر لکھا جاتا تھا۔ انہیں پڑھنے کے لئے پھیلا دیا جاتا اور بعد میں رول کر کے رکھ دیا جاتا۔ اسے رق منشور کہا گیا ہے۔ اس کی ایک تصویر درج ذیل ہے۔

(۴) خوض کا معنی ہے کسی چیز میں گھسنا جیسے خاض الْماءَ (وہ پانی میں گھس گیا)۔ اس سے عربی کا محاورہ خاض القوم في الحديث بنا۔ اس کا معنی ہے لوگوں نے بطور تفریح گہرا غور و خوض کیا اور بال کی کھال نکالی۔

رق منشور

آج کا اصول:

کسی درد، تکلیف یا افسوس کے اظہار کے لئے عربی میں "وا" کا لفظ استعمال ہوتا ہے۔ اس کے بعد آنے والے اسم کے ساتھ "اہ" کا اضافہ کر دیا جاتا ہے۔ جیسے وا رأْسَاهْ (ہائے! میرا سر)، وا يَدَاهْ (آہ! میرا ہاتھ)، وا حَامِدَاهْ (افسوس! بے چارہ حامد)۔

الفاظ	معانی	الفاظ	معانی	الفاظ	معانی
الطُّورِ	کوہ طور، مصر	مَنْشُورٍ	پھیلائی ہوئی	تَمُورُ	وہ شدت سے کانپے گی
مَسْطُورٍ	لکھا ہوا (تورات و انجیل)	الْمَعْمُورِ	آباد (خانہ کعبہ)	خَوْضٍ	گہرا غور و خوض
رَقٍّ	باریک جھلی	مَسْجُورِ	ٹھاٹھیں مارتا	يَلْعَبُونَ	وہ کھیلتے ہیں

إِنَّ الْمُتَّقِينَ فِي جَنَّاتٍ وَنَعِيمٍ. فَاكِهِينَ بِمَا آتَاهُمْ رَبُّهُمْ وَوَقَاهُمْ رَبُّهُمْ عَذَابَ الْجَحِيمِ. كُلُوا وَاشْرَبُوا هَنِيئاً بِمَا كُنتُمْ تَعْمَلُونَ. مُتَّكِئِينَ عَلَى سُرُرٍ مَصْفُوفَةٍ وَزَوَّجْنَاهُمْ بِحُورٍ عِينٍ.

وَالَّذِينَ آمَنُوا وَاتَّبَعَتْهُمْ ذُرِّيَّتُهُمْ بِإِيْمَانٍ [1] أَلْحَقْنَا بِهِمْ ذُرِّيَّتَهُمْ وَمَا أَلَتْنَاهُمْ مِنْ عَمَلِهِمْ مِنْ شَيْءٍ كُلُّ امْرِئٍ بِمَا كَسَبَ رَهِينٌ.

وَأَمْدَدْنَاهُمْ بِفَاكِهَةٍ وَلَحْمٍ مِمَّا يَشْتَهُونَ. يَتَنَازَعُونَ فِيهَا كَأْساً لَا لَغْوٌ فِيهَا وَلَا تَأْثِيمٌ. وَيَطُوفُ عَلَيْهِمْ غِلْمَانٌ لَهُمْ كَأَنَّهُمْ لُؤْلُؤٌ مَكْنُونٌ [2].

وَأَقْبَلَ بَعْضُهُمْ عَلَى بَعْضٍ يَتَسَاءَلُونَ. قَالُوا إِنَّا كُنَّا قَبْلُ فِي أَهْلِنَا مُشْفِقِينَ. فَمَنَّ اللَّهُ عَلَيْنَا وَوَقَانَا عَذَابَ السَّمُومِ [3]. إِنَّا كُنَّا مِنْ قَبْلُ نَدْعُوهُ إِنَّهُ هُوَ الْبَرُّ الرَّحِيمُ.

فَذَكِّرْ فَمَا أَنْتَ بِنِعْمَةِ رَبِّكَ بِكَاهِنٍ وَلَا مَجْنُونٍ.

أَمْ يَقُولُونَ شَاعِرٌ نَتَرَبَّصُ بِهِ رَيْبَ الْمَنُونِ؟ [4] قُلْ تَرَبَّصُوا فَإِنِّي مَعَكُمْ مِنَ الْمُتَرَبِّصِينَ.

أَمْ تَأْمُرُهُمْ أَحْلَامُهُمْ بِهَذَا أَمْ هُمْ قَوْمٌ طَاغُونَ؟

أَمْ يَقُولُونَ تَقَوَّلَهُ [5] بَل لَا يُؤْمِنُونَ؟ فَلْيَأْتُوا بِحَدِيثٍ مِثْلِهِ إِنْ كَانُوا صَادِقِينَ.

أَمْ خُلِقُوا مِنْ غَيْرِ شَيْءٍ أَمْ هُمُ الْخَالِقُونَ؟

(۱) ایمان کی اہمیت کو بیان کرنے کے لئے اسے بطور نکرہ لایا گیا ہے۔(۲) "چھپے موتی" کسی چیز کے نہایت ہی نفیس اور محفوظ ہونے کا استعارہ ہے۔(۳) سموم کا معنی ہے صحرا کی گرم لو۔ جب صحرا میں درجہ حرارت ۶۰ ڈگری سینٹی گریڈ پر پہنچ جاتا ہے تو یہ ہوا ہر چیز کو جلا کر رکھ دیتی ہے۔ اسے جہنم کے لئے بطور استعارہ استعمال کیا گیا ہے۔(۴) ریب المنون کا معنی ہے "گردش ایام"۔ محاورہ ہے دار علیھم المنون "وہ گردش ایام کا شکار ہو گئے"۔(۵) مادہ "ق و ل" کو جب باب تفعل میں استعمال کیا جاتا ہے تو اس کا معنی ہوتا ہے "بات کو گھڑنا"۔ اہل مکہ قرآن کا یہ کہہ کر انکار کرتے کہ یہ قرآن شاعری یا کاہنوں کی بات کی طرح گھڑی ہوئی چیز ہے۔ اس جھوٹے الزام کی تردید اس سورت کا مرکزی مضمون ہے۔

الفاظ	معانی	الفاظ	معانی	الفاظ	معانی
وَقَاهُمْ	اس نے انہیں بچایا	لُؤْلُؤٌ مَكْنُونٌ	چھپائے ہوئے موتی	رَيْبَ	شک
هَنِيئاً	خوشی خوشی	السَّمُومِ	صحرا کی گرم لو	الْمَنُونِ	گردش ایام
حُورٍ عِينٍ	خوبصورت آنکھوں والیاں	كَاهِنٍ	پیش گوئی کرنے والا	أَحْلَامُهُمْ	ان کی عقلیں
أَلَتْنَاهُمْ	ہم نے کم کیا	نَتَرَبَّصُ	ہم تمہارا انتظار کریں گے	تَقَوَّلَ	تم گھڑ لاتے ہو

أَمْ خَلَقُوا السَّمٰوَاتِ وَالْأَرْضَ بَل لا يُوقِنُونَ[1]؟

أَمْ عِنْدَهُمْ خَزَائِنُ رَبِّكَ أَمْ هُمُ الْمُسَيْطِرُونَ؟

أَمْ لَهُمْ سُلَّمٌ يَسْتَمِعُونَ فِيهِ؟ [2] فَلْيَأْتِ مُسْتَمِعُهُمْ بِسُلْطَانٍ مُبِينٍ.

أَمْ لَهُ الْبَنَاتُ وَلَكُمُ الْبَنُونَ؟

أَمْ تَسْأَلُهُمْ أَجْراً فَهُمْ مِنْ مَغْرَمٍ مُثْقَلُونَ؟

أَمْ عِنْدَهُمُ الْغَيْبُ فَهُمْ يَكْتُبُونَ؟

أَمْ يُرِيدُونَ كَيْداً؟ فَالَّذِينَ كَفَرُوا هُمُ الْمَكِيدُونَ.

أَمْ لَهُمْ إِلَهٌ غَيْرُ اللَّهِ؟ سُبْحَانَ اللَّهِ عَمَّا يُشْرِكُونَ.

چیلنج! ضمیر منفصل کیا ہے اور اسے کہاں استعمال کیا جاتا ہے؟

وَإِنْ يَرَوْا كِسْفاً مِنْ السَّمَاءِ سَاقِطاً يَقُولُوا سَحَابٌ مَرْكُومٌ [3]. فَذَرْهُمْ حَتَّى يُلاقُوا يَوْمَهُمْ الَّذِي فِيهِ يُصْعَقُونَ. يَوْمَ لا يُغْنِي عَنْهُمْ كَيْدُهُمْ شَيْئاً وَلا هُمْ يُنصَرُونَ. وَإِنَّ لِلَّذِينَ ظَلَمُوا عَذَاباً دُونَ ذَلِكَ وَلَكِنَّ أَكْثَرَهُمْ لا يَعْلَمُونَ. وَاصْبِرْ لِحُكْمِ رَبِّكَ فَإِنَّكَ بِأَعْيُنِنَا [4] وَسَبِّحْ بِحَمْدِ رَبِّكَ حِينَ تَقُومُ. وَمِنْ اللَّيْلِ فَسَبِّحْهُ وَإِدْبَارَ النُّجُومِ. [5]

(۱) یہاں مفعول "بالآخرة أو بالعذاب" حذف کیا گیا ہے کیونکہ یہ طے شدہ ہے۔

(۲) کفار کے پاس اپنے انکار کا کوئی ثبوت نہ تھا۔ ان کے عجز کا اظہار کرنے کے لئے کہا گیا ہے کہ کیا تمہارے پاس کوئی سیڑھی ہے جسے لگا کر تم اللہ تعالیٰ کی باتیں سن لیتے ہو؟ اس میں کاہنوں کے بارے میں نہایت ہی لطیف طنز ہے جن کے بارے میں خیال تھا کہ ان کے جنات اس طرح سے آسمان کی باتیں سن لیتے ہیں۔

(۳) یہ کفار کے کفر میں پکے ہونے کی تصویر کشی ہے کہ اگر ان پر آسمان بھی گرنے والا ہو تو ایمان لانے کی بجائے کہیں گے "یہ تو بادل ہے۔"

(۴) یہ اللہ تعالیٰ کی اپنے رسول کے لئے محبت کا اظہار ہے۔ اس کا معنی ہے: "آپ پریشان مت ہوں۔ آپ ہماری حفاظت میں ہیں۔"

(۵) یہاں صبح کا وقت مراد ہے جب ستارے اپنی اس حالت کی طرف پلٹتے ہیں جس میں وہ رات ہونے سے پہلے تھے۔ یہ دن و رات کی گردش کو بیان کرنے کا ایک بلیغ طریقہ ہے۔

الفاظ	معانی	الفاظ	معانی	الفاظ	معانی
مُسَيْطِرُونَ	کنٹرول کرنے والے	كِسْفاً	ٹکڑا ہونا	يُصْعَقُونَ	ان پر بجلی گرائی جاتی ہے
سُلَّمٌ	سیڑھی، لفٹ	سَحَابٌ	بادل	بِأَعْيُنِنَا	ہماری آنکھوں میں
مَغْرَمٍ	جرمانہ	مَرْكُومٌ	اکٹھا کیا گیا	إِدْبَارَ	بعد میں، پیچھے

سُورَةُ النجم	بسم الله الرحْمن الرحيم

وَالنَّجْمِ إِذَا هَوَى[1]. مَا ضَلَّ صَاحِبُكُمْ وَمَا غَوَى. وَمَا يَنْطِقُ عَنْ الْهَوَى. إِنْ هُوَ إِلاَّ وَحْيٌ يُوحَى. عَلَّمَهُ شَدِيدُ الْقُوَى. ذُو مِرَّةٍ [2] فَاسْتَوَى. وَهُوَ بِالأُفُقِ الأَعْلَى. ثُمَّ دَنَا فَتَدَلَّى [3]. فَكَانَ قَابَ قَوْسَيْنِ أَوْ أَدْنَى. فَأَوْحَى إِلَى عَبْدِهِ مَا أَوْحَى. مَا كَذَبَ الْفُؤَادُ مَا رَأَى. أَفَتُمَارُونَهُ عَلَى مَا يَرَى؟ وَلَقَدْ رَآهُ نَزْلَةً أُخْرَى. عِنْدَ سِدْرَةِ الْمُنْتَهَى. [4] عِنْدَهَا جَنَّةُ الْمَأْوَى. إِذْ يَغْشَى السِّدْرَةَ مَا يَغْشَى. مَا زَاغَ الْبَصَرُ وَمَا طَغَى. لَقَدْ رَأَى مِنْ آيَاتِ رَبِّهِ الْكُبْرَى.

أَفَرَأَيْتُمْ اللاَّتَ وَالْعُزَّى؟ وَمَنَاةَ الثَّالِثَةَ الأُخْرَى؟ [5] أَلَكُمْ الذَّكَرُ وَلَهُ الأُنثَى؟ تِلْكَ إِذاً قِسْمَةٌ ضِيزَى. إِنْ هِيَ إِلاَّ أَسْمَاءٌ سَمَّيْتُمُوهَا أَنْتُمْ وَآبَاؤُكُمْ مَا أَنزَلَ اللَّهُ بِهَا مِنْ سُلْطَانٍ إِنْ يَتَّبِعُونَ إِلاَّ الظَّنَّ وَمَا تَهْوَى الأَنْفُسُ وَلَقَدْ جَاءَهُمْ مِنْ رَبِّهِمْ الْهُدَى. أَمْ لِلإِنسَانِ مَا تَمَنَّى. فَلِلَّهِ الآخِرَةُ وَالأُولَى.

(۱) ستاروں کو بطور ثبوت پیش کرنے کا مقصد یہ ہے کہ ستاروں کی روشنی میں لوگوں کو غلط فہمیاں لاحق ہوتی ہیں۔ جب ستارے غائب ہوتے ہیں اور سورج طلوع ہوتا ہے تو ہر چیز واضح ہو جاتی ہے اور غلط فہمیاں دور ہوتی ہیں۔ یہی معاملہ اللہ کے پیغمبر کا ہے جن کی دی ہوئی ہدایت کی روشنی میں توہم پرستی کی جڑ کٹ جاتی ہے۔ یہ کفار کے الزام کی تردید بھی ہے جو نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کو کاہن یا نجومی قرار دیتے تھے۔

(۲) یہ جبریل علیہ الصلوۃ والسلام کی عقلی اور اخلاقی قوت کا بیان ہے جنہوں نے نبی صلی اللہ علیہ وسلم کو قرآن پہنچایا۔

(۳) قریب آکر قرآن سکھانا اس اہتمام کی تصویر کشی ہے جو نبی صلی اللہ علیہ وسلم کو قرآن سکھانے کے لئے کیا گیا۔

(۴) یہ وہ آخری مقام ہے جہاں ہماری کائنات کی حدود ختم ہوتی ہیں اور اللہ تعالی کی کسی اور کائنات کا آغاز ہوتا ہے۔

(۵) عرب دیومالا میں لات، منات اور اور عزی تین بڑی دیویاں تھیں۔ یہاں سوال کا مقصد کچھ پوچھنا نہیں ہے بلکہ مشرکین کے غلط عقیدے کی طرف توجہ دلانا ہے۔

الفاظ	معانی	الفاظ	معانی	الفاظ	معانی
هَوَى	وہ اترا، گرا	فَاسْتَوَى	وہ برابر ہوا	سِدْرَةِ الْمُنْتَهَى	آخری بیری کا درخت
غَوَى	وہ گمراہ ہوا	دَنَا	وہ قریب آیا	قِسْمَةٌ	تقسیم
الْهَوَى	خواہش نفس	تَدَلَّى	وہ معلق ہو گیا	ضِيزَى	نامناسب
شَدِيدُ الْقُوَى	طاقتور	قَابَ قَوْسَيْنِ	دو کمانوں کے برابر فاصلہ	سَمَّيْتُمُوهَا	تم نے اس کا نام رکھا
ذُو مِرَّةٍ	طاقتور اور دیانتدار	تُمَارُونَ	تم بحث کرتے ہو		

وَكَمْ مِنْ مَلَكٍ [1] فِي السَّمَوَاتِ لا تُغْنِي شَفَاعَتُهُمْ شَيْئاً إِلاَّ مِنْ بَعْدِ أَنْ يَأْذَنَ اللَّهُ لِمَنْ يَشَاءُ وَيَرْضَى. [2] إِنَّ الَّذِينَ لا يُؤْمِنُونَ بِالآخِرَةِ لَيُسَمُّونَ الْمَلائِكَةَ تَسْمِيَةَ الأُنْثَى. وَمَا لَهُمْ بِهِ مِنْ عِلْمٍ إِنْ يَتَّبِعُونَ إِلاَّ الظَّنَّ وَإِنَّ الظَّنَّ لا يُغْنِي مِنْ الْحَقِّ شَيْئاً.

فَأَعْرِضْ عَنْ مَنْ تَوَلَّى عَنْ ذِكْرِنَا وَلَمْ يُرِدْ إِلاَّ الْحَيَاةَ الدُّنْيَا. ذَلِكَ مَبْلَغُهُمْ مِنْ الْعِلْمِ إِنَّ رَبَّكَ هُوَ أَعْلَمُ بِمَنْ ضَلَّ عَنْ سَبِيلِهِ وَهُوَ أَعْلَمُ بِمَنْ اهْتَدَى. وَلِلَّهِ مَا فِي السَّمَوَاتِ وَمَا فِي الأَرْضِ لِيَجْزِيَ الَّذِينَ أَسَاءُوا بِمَا عَمِلُوا وَيَجْزِيَ الَّذِينَ أَحْسَنُوا بِالْحُسْنَى. الَّذِينَ يَجْتَنِبُونَ كَبَائِرَ الإِثْمِ وَالْفَوَاحِشَ إِلاَّ اللَّمَمَ، [3] إِنَّ رَبَّكَ وَاسِعُ الْمَغْفِرَةِ، هُوَ أَعْلَمُ بِكُمْ إِذْ أَنشَأَكُمْ مِنْ الأَرْضِ وَإِذْ أَنْتُمْ أَجِنَّةٌ فِي بُطُونِ أُمَّهَاتِكُمْ فَلا تُزَكُّوا أَنفُسَكُمْ هُوَ أَعْلَمُ بِمَنْ اتَّقَى.

أَفَرَأَيْتَ الَّذِي[4] تَوَلَّى؟ وَأَعْطَى قَلِيلاً وَأَكْدَى؟ أَعِنْدَهُ عِلْمُ الْغَيْبِ فَهُوَ يَرَى؟ أَمْ لَمْ يُنَبَّأْ بِمَا فِي صُحُفِ مُوسَى؟ وَإِبْرَاهِيمَ الَّذِي وَفَّى؟

(۱) یہاں لفظ "کم" تعداد پوچھنے کے لئے استعمال نہیں ہوا ہے بلکہ ایک حیران کن حقیقت کو بیان کرنے کے لئے استعمال ہوتا ہے۔

(۲) یہ کفار کے اس غلط عقیدے کی تردید ہے جو سمجھتے تھے کہ ان کے دیوی دیوتا آخرت میں انہیں بچالیں گے۔ قرآن کریم کا بیان ہے کہ ہر شخص کو جنت یا جہنم میں داخلہ خالصتاً میرٹ پر دیا جائے گا۔ ایسا ضرور ہو گا کہ اللہ تعالی اپنے خاص بندوں کی عظمت کو ظاہر کرنے کے لئے انہیں اللہ تعالی کی طرف سے مخصوص افراد کے حق میں شفاعت کی اجازت دے دے گا۔ یہ شفاعت اللہ تعالی کی مرضی کے مطابق میرٹ پر ہو گی۔ کسی شخص کو یہ اجازت نہ ہو گی کہ وہ اس شخص کی شفاعت کرے جس نے اس شفاعت کی آس میں گناہ کیے اور لوگوں پر ظلم کیا۔

(۳) "اللَّمَمَ" کا معنی ہے "عارضی طور پر پڑ جانا"۔ یہ اس شخص کے بارے میں کہا گیا ہے جو کسی گناہ میں مبتلا ہو گیا مگر جیسے ہی اسے احساس ہوا، اس نے فوراً توبہ کر لی اور گناہ نہ کرنے کا عزم کر لیا۔

(۴) لفظ "الذی" کسی کردار کی تصویر کشی کے لئے استعمال ہوتا ہے۔ مقصد یہ ہوتا ہے کہ اس تمثیلی کردار کی روشنی میں ہر کوئی اپنی تصویر دیکھ لے۔ ضروری نہیں کہ اس سے کوئی خاص شخص مراد ہو۔ یہ کفار کے ان سرداروں کی تصویر کشی ہے جنہوں نے نبی صلی اللہ علیہ وسلم کا انکار کیا۔

الفاظ	معانی	الفاظ	معانی	الفاظ	معانی
فَأَعْرِضْ	تو منہ پھیر لو	اللَّمَمَ	گناہ صغیرہ	أَكْدَى	اس نے بخل کیا
تَوَلَّى	اس نے منہ پھیرا	أَنشَأَكُمْ	اس نے تمہیں نشوونما دی	لَمْ يُنَبَّأْ	اسے خبر نہ دی گئی
أَسَاءُوا	انہوں نے برا کیا	أَجِنَّةٌ	ماں کے پیٹ میں بچے، واحد جنین	وَفَّى	اس نے پورا کیا

أَلاَّ تَزِرُ وَازِرَةٌ وِزْرَ أُخْرَى..... وَأَنْ لَيْسَ لِلإِنسَانِ إِلاَّ مَا سَعَى..... وَأَنَّ سَعْيَهُ سَوْفَ يُرَى. ثُمَّ يُجْزَاهُ الْجَزَاءَ الأَوْفَى..... وَأَنَّ إِلَى رَبِّكَ الْمُنْتَهَى..... وَأَنَّهُ هُوَ أَضْحَكَ وَأَبْكَى..... وَأَنَّهُ هُوَ أَمَاتَ وَأَحْيَا..... وَأَنَّهُ خَلَقَ الزَّوْجَيْنِ الذَّكَرَ وَالأُنْثَى.... مِنْ نُطْفَةٍ إِذَا تُمْنَى.... وَأَنَّ عَلَيْهِ النَّشْأَةَ الأُخْرَى..... وَأَنَّهُ هُوَ أَغْنَى وَأَقْنَى..... وَأَنَّهُ هُوَ رَبُّ الشِّعْرَى [1]..... وَأَنَّهُ أَهْلَكَ عَاداً الأُولَى. وَثَمُودَ [2] فَمَا أَبْقَى. وَقَوْمَ نُوحٍ مِنْ قَبْلُ إِنَّهُمْ كَانُوا هُمْ أَظْلَمَ وَأَطْغَى. وَالْمُؤْتَفِكَةَ أَهْوَى. فَغَشَّاهَا مَا غَشَّى..... فَبِأَيِّ آلاءِ رَبِّكَ تَتَمَارَى.

هَذَا نَذِيرٌ [3] مِنْ النُّذُرِ الأُولَى. أَزِفَتْ الآزِفَةُ. لَيْسَ لَهَا مِنْ دُونِ اللَّهِ كَاشِفَةٌ. أَفَمِنْ هَذَا الْحَدِيثِ تَعْجَبُونَ؟؟؟ وَتَضْحَكُونَ وَلا تَبْكُونَ!!! وَأَنْتُمْ سَامِدُونَ!!! فَاسْجُدُوا لِلَّهِ وَاعْبُدُوا!!!

(۱) "شعری" ایک ستارہ ہے جو موسم بہار میں طلوع ہوتا ہے۔ عرب اسے خوشحالی کا پیغامبر سمجھتے تھے۔ ان کی شاعری میں اسکا ذکر موجود ہے۔

(۲) قوم عاد کو "عاد الاولی" اور ثمود کو "عاد الثانی" کہا جاتا ہے کیونکہ یہ عاد ہی کی باقیات میں سے تھے۔ انہوں نے پہاڑوں کو تراش کر ان میں نہایت ہی خوبصورت گھر بنائے جو شمالی سعودی عرب کے شہر "العلاء" کے قریب آج بھی موجود ہیں۔

(۳) عربوں میں یہ عام رواج تھا کہ جب کوئی شخص اپنی قوم کے لئے دشمن وغیرہ کا کوئی خطرہ محسوس کرتا تو وہ پہاڑی پر چڑھ کر خطرے کا اعلان کر دیتا۔ اسے "نذیر" کہا جاتا تھا۔ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم اور قرآن بھی نذیر ہیں کیونکہ یہ آخرت کے حقیقی خطرے کی وارننگ دیتے ہیں۔

کیا آپ جانتے ہیں؟ دور جاہلیت کے عربوں کی دیو مالائی داستانوں مین فرشتوں کو خدا کی بیٹیاں سمجھا جاتا تھا۔ اسی طرح لات، منات اور عزی کو بھی خدا کی بیٹیاں مانا جاتا تھا۔ عرب اپنے لئے ہمیشہ بیٹے کے آرزو مند رہا کرتے تھے۔ بعض لوگ تو اپنی بیٹیوں کو زندہ زمین میں دفن کر دیا کرتے تھے۔ ان آیات میں بڑے بلیغ انداز میں ان کے تضاد کی طرف اشارہ ہے کہ وہ اپنے لئے تو بیٹیوں کو ناپسند کرتے ہیں مگر خدا کے لئے بیٹیاں مانتے ہیں۔ اللہ تعالی بیٹے اور بیٹی ہر قسم کی اولاد سے پاک ہے جبکہ انسان کے لئے بیٹی بھی اتنی ہی بڑی نعمت ہے جتنا کہ بیٹا۔

الفاظ	معانی	الفاظ	معانی	الفاظ	معانی
تَزِرُ	وہ بوجھ اٹھائے گی	تُمْنَى	اسے ٹپکایا گیا	غَشَّى	اس نے اڑا کر رکھ دیا
سَعَى	اس نے کوشش کی	أَقْنَى	اس نے جائیداد بخشی	تَتَمَارَى	تم بحث کرتے ہو
الأَوْفَى	کامل، پورا	الشِّعْرَى	ایک ستارہ	أَزِفَتْ	وہ قریب آیا
الْمُنْتَهَى	آخری	الْمُؤْتَفِكَةَ	الٹائی ہوئی (قوم لوط کے شہر)	كَاشِفَةٌ	ظاہر کرنے والی
أَضْحَكَ	اس نے ہنسایا	أَهْوَى	اس نے پھینکا	سَامِدُونَ	غافل لوگ

سُورَةُ القمر

بسم الله الرحْمن الرحيم

اقْتَرَبَتْ السَّاعَةُ وَانْشَقَّ الْقَمَرُ. وَإِنْ يَرَوْا آيَةً يُعْرِضُوا وَيَقُولُوا سِحْرٌ مُسْتَمِرٌّ[1]. وَكَذَّبُوا وَاتَّبَعُوا أَهْوَاءَهُمْ وَكُلُّ أَمْرٍ مُسْتَقِرٌّ. وَلَقَدْ جَاءَهُمْ مِنْ الأَنْبَاءِ مَا فِيهِ مُزْدَجَرٌ. حِكْمَةٌ بَالِغَةٌ فَمَا تُغْنِ النُّذُرُ. فَتَوَلَّ عَنْهُمْ يَوْمَ يَدْعُ الدَّاعِي إِلَى شَيْءٍ نُكُرٍ. خُشَّعاً أَبْصَارُهُمْ يَخْرُجُونَ مِنْ الأَجْدَاثِ كَأَنَّهُمْ جَرَادٌ مُنْتَشِرٌ. مُهْطِعِينَ إِلَى الدَّاعِي يَقُولُ الْكَافِرُونَ هَذَا يَوْمٌ عَسِرٌ.

كَذَّبَتْ قَبْلَهُمْ قَوْمُ نُوحٍ فَكَذَّبُوا عَبْدَنَا وَقَالُوا مَجْنُونٌ [1] وَازْدُجِرَ. فَدَعَا رَبَّهُ أَنِّي مَغْلُوبٌ فَانْتَصِرْ. فَفَتَحْنَا أَبْوَابَ السَّمَاءِ بِمَاءٍ مُنْهَمِرٍ. وَفَجَّرْنَا الأَرْضَ عُيُوناً فَالْتَقَى الْمَاءُ عَلَى أَمْرٍ قَدْ قُدِرَ. وَحَمَلْنَاهُ عَلَى ذَاتِ أَلْوَاحٍ وَدُسُرٍ. تَجْرِي بِأَعْيُنِنَا جَزَاءً لِمَنْ كَانَ كُفِرَ. وَلَقَدْ تَرَكْنَاهَا آيَةً فَهَلْ مِنْ مُدَّكِرٍ؟ فَكَيْفَ كَانَ عَذَابِي وَنُذُرِ؟ [2] وَلَقَدْ يَسَّرْنَا الْقُرْآنَ لِلذِّكْرِ [3] فَهَلْ مِنْ مُدَّكِرٍ؟

كَذَّبَتْ عَادٌ فَكَيْفَ كَانَ عَذَابِي وَنُذُرِ؟ إِنَّا أَرْسَلْنَا عَلَيْهِمْ رِيحاً صَرْصَراً فِي يَوْمِ نَحْسٍ مُسْتَمِرٍّ. تَنْزِعُ النَّاسَ كَأَنَّهُمْ أَعْجَازُ نَخْلٍ مُنْقَعِرٍ. فَكَيْفَ كَانَ عَذَابِي وَنُذُرِ؟ وَلَقَدْ يَسَّرْنَا الْقُرْآنَ لِلذِّكْرِ فَهَلْ مِنْ مُدَّكِرٍ؟ كَذَّبَتْ ثَمُودُ بِالنُّذُرِ. فَقَالُوا أَبَشَراً مِنَّا وَاحِداً نَتَّبِعُهُ إِنَّا إِذاً لَفِي ضَلالٍ وَسُعُرٍ. أَؤُلْقِيَ الذِّكْرُ عَلَيْهِ مِنْ بَيْنِنَا بَلْ هُوَ كَذَّابٌ أَشِرٌ. سَيَعْلَمُونَ غَداً مَنْ الْكَذَّابُ الأَشِرُ.

(۱) یہاں بھی مبتدا کو حذف کر دیا گیا ہے تاکہ سامعین کی توجہ خبر کی طرف مبذول کرائی جا سکے۔(۲) اصل لفظ نُذُرِي ہے مگر قافیے کی رعایت سے "ی" کو حذف کر دیا گیا ہے۔ یہ اسلوب شاعری میں عام ہے۔(۳) تیسیر کا معنی ہے تیار کر کے قابل استعمال بنا دینا۔ لفظ ذکر کا مفہوم وسیع ہے جس میں یاد دہانی، خبردار کرنا، نصیحت سب ہی شامل ہے۔

الفاظ	معانی	الفاظ	معانی	الفاظ	معانی
انْشَقَّ	وہ پھٹ گیا	الأَجْدَاثِ	قبریں	دُسُرٍ	کیل (کشتی نوح)
مُسْتَمِرٌّ	جاری، چلتا ہوا	جَرَادٌ	پتنگے، ٹڈیاں	صَرْصَراً	صحرا کی گرم وخشک ہوا
مُزْدَجَرٌ	تنبیہ	مُهْطِعِينَ	تیزی سے بھاگنے والے	نَحْسٍ	منحوس
النُّذُرُ	تنبیہات، نذیر کی جمع	عَسِرٌ	سخت	أَعْجَازُ	تنے
نُكُرٍ	خوفناک، ناگوار	ازْدُجِرَ	اسے تنبیہ کی گئی	مُنْقَعِرٍ	کھوکھلے
خُشَّعاً	خوف کی حالت میں	مُنْهَمِرٍ	بہتا ہوا، موسلا دھار	سُعُرٍ	پاگل پن

إِنَّا مُرْسِلُو النَّاقَةِ فِتْنَةً لَهُمْ فَارْتَقِبْهُمْ وَاصْطَبِرْ. وَنَبِّئْهُمْ أَنَّ الْمَاءَ قِسْمَةٌ بَيْنَهُمْ كُلُّ شِرْبٍ مُحْتَضَرٌ. فَنَادَوْا صَاحِبَهُمْ فَتَعَاطَى [1] فَعَقَرَ. فَكَيْفَ كَانَ عَذَابِي وَنُذُرِ. إِنَّا أَرْسَلْنَا عَلَيْهِمْ صَيْحَةً وَاحِدَةً فَكَانُوا كَهَشِيمِ الْمُحْتَظِرِ [2]. وَلَقَدْ يَسَّرْنَا الْقُرْآنَ لِلذِّكْرِ فَهَلْ مِنْ مُدَّكِرٍ.

كَذَّبَتْ قَوْمُ لُوطٍ بِالنُّذُرِ. إِنَّا أَرْسَلْنَا عَلَيْهِمْ حَاصِباً إِلاَّ آلَ لُوطٍ نَجَّيْنَاهُمْ بِسَحَرٍ. نِعْمَةً مِنْ عِنْدِنَا كَذَلِكَ نَجْزِي مَنْ شَكَرَ. وَلَقَدْ أَنْذَرَهُمْ بَطْشَتَنَا فَتَمَارَوْا بِالنُّذُرِ. وَلَقَدْ رَاوَدُوهُ عَنْ ضَيْفِهِ فَطَمَسْنَا أَعْيُنَهُمْ [3] فَذُوقُوا عَذَابِي وَنُذُرِ. وَلَقَدْ صَبَّحَهُمْ بُكْرَةً عَذَابٌ مُسْتَقِرٌّ. فَذُوقُوا عَذَابِي وَنُذُرِ. وَلَقَدْ يَسَّرْنَا الْقُرْآنَ لِلذِّكْرِ فَهَلْ مِنْ مُدَّكِرٍ.

وَلَقَدْ جَاءَ آلَ فِرْعَوْنَ النُّذُرُ. كَذَّبُوا بِآيَاتِنَا كُلِّهَا فَأَخَذْنَاهُمْ أَخْذَ عَزِيزٍ مُقْتَدِرٍ. أَكُفَّارُكُمْ خَيْرٌ مِنْ أُوْلَئِكُمْ أَمْ لَكُمْ بَرَاءَةٌ فِي الزُّبُرِ؟ أَمْ يَقُولُونَ نَحْنُ جَمِيعٌ مُنْتَصِرٌ؟ سَيُهْزَمُ الْجَمْعُ وَيُوَلُّونَ الدُّبُرَ.

بَلْ السَّاعَةُ مَوْعِدُهُمْ وَالسَّاعَةُ أَدْهَى وَأَمَرُّ. إِنَّ الْمُجْرِمِينَ فِي ضَلَالٍ وَسُعُرٍ. يَوْمَ يُسْحَبُونَ فِي النَّارِ عَلَى وُجُوهِهِمْ ذُوقُوا مَسَّ سَقَرَ. إِنَّا كُلَّ شَيْءٍ خَلَقْنَاهُ بِقَدَرٍ. وَمَا أَمْرُنَا إِلاَّ وَاحِدَةٌ كَلَمْحٍ بِالْبَصَرِ. وَلَقَدْ أَهْلَكْنَا أَشْيَاعَكُمْ فَهَلْ مِنْ مُدَّكِرٍ؟ وَكُلُّ شَيْءٍ فَعَلُوهُ فِي الزُّبُرِ. وَكُلُّ صَغِيرٍ وَكَبِيرٍ مُسْتَطَرٌ. إِنَّ الْمُتَّقِينَ فِي جَنَّاتٍ وَنَهَرٍ. فِي مَقْعَدِ صِدْقٍ عِنْدَ مَلِيكٍ مُقْتَدِرٍ.

(۱) تعاطی کا معنی ہے پنجوں کے بل کھڑے ہو کر کچھ کرنا۔ یہ اس شخص کے اہتمام کی تصویر کشی ہے جو اس نے اونٹنی کو مارنے کے لئے کیا۔
(۲) محتظر کا معنی ہے جھاڑ کانٹوں کی وہ باڑھ جو جانوروں یا غلے کو محفوظ رکھنے کے لئے بنائی جائے۔
(۳) آنکھیں بند کرنا ان کے جذبات سے مغلوب ہونے کی تصویر کشی ہے۔ اردو میں بھی یہ اسلوب عام ہے۔

الفاظ	معانی	الفاظ	معانی	الفاظ	معانی
فَارْتَقِبْهُمْ	ان کا انتظار کرو	رَاوَدُوهُ	انہوں نے اسے قائل کیا	أَدْهَى	سب سے بڑی آفت
اصْطَبِرْ	صبر کرو	فَطَمَسْنَا	تو ہم نے بند کر دیا	أَمَرُّ	سب سے زیادہ تلخ
مُحْتَضَرٌ	حاضر کیا گیا	مُقْتَدِرٍ	صاحب اقتدار	يُسْحَبُونَ	انہیں گھسیٹا جائے گا
فَتَعَاطَى	اس نے ذمہ داری سے کیا	بَرَاءَةٌ	براءت، بری ہونا	سَقَرَ	جہنم
هَشِيمِ	ٹوٹا ہوا	الزُّبُرِ	کتابیں، زبور کی جمع	أَشْيَاعَكُمْ	تمہارے جیسے گروہ
الْمُحْتَظِرِ	باڑھ	سَيُهْزَمُ	جلد ہی اسے شکست ہوگی	مَلِيكٍ	بادشاہ

سُورَةُ الرحْمن	بسم الله الرحْمن الرحيم

الرَّحْمَنُ. عَلَّمَ الْقُرْآنَ. خَلَقَ الإِنسَانَ. عَلَّمَهُ الْبَيَانَ. الشَّمْسُ وَالْقَمَرُ بِحُسْبَانٍ. وَالنَّجْمُ وَالشَّجَرُ [1] يَسْجُدَانِ. وَالسَّمَاءَ رَفَعَهَا وَوَضَعَ الْمِيزَانَ. أَلاَّ تَطْغَوْا فِي الْمِيزَانِ. وَأَقِيمُوا الْوَزْنَ بِالْقِسْطِ وَلا تُخْسِرُوا الْمِيزَانَ.

وَالأَرْضَ وَضَعَهَا لِلأَنَامِ. فِيهَا فَاكِهَةٌ وَالنَّخْلُ ذَاتُ الأَكْمَامِ. وَالْحَبُّ ذُو الْعَصْفِ وَالرَّيْحَانُ. فَبِأَيِّ آلاءِ رَبِّكُمَا تُكَذِّبَانِ.

خَلَقَ الإِنسَانَ مِنْ صَلْصَالٍ كَالْفَخَّارِ. وَخَلَقَ الْجَانَّ مِنْ مَارِجٍ مِنْ نَارٍ. فَبِأَيِّ آلاءِ رَبِّكُمَا تُكَذِّبَانِ.

رَبُّ الْمَشْرِقَيْنِ وَرَبُّ الْمَغْرِبَيْنِ. فَبِأَيِّ آلاءِ رَبِّكُمَا تُكَذِّبَانِ.

مَرَجَ الْبَحْرَيْنِ يَلْتَقِيَانِ. بَيْنَهُمَا بَرْزَخٌ لا يَبْغِيَانِ. فَبِأَيِّ آلاءِ رَبِّكُمَا تُكَذِّبَانِ.

يَخْرُجُ مِنْهُمَا اللُّؤْلُؤُ وَالْمَرْجَانُ. فَبِأَيِّ آلاءِ رَبِّكُمَا تُكَذِّبَانِ.

وَلَهُ الْجَوَارِي الْمُنشَآتُ فِي الْبَحْرِ كَالأَعْلامِ. فَبِأَيِّ آلاءِ رَبِّكُمَا تُكَذِّبَانِ.

كُلُّ مَنْ عَلَيْهَا فَانٍ. وَيَبْقَى وَجْهُ رَبِّكَ ذُو الْجَلالِ وَالإِكْرَامِ. فَبِأَيِّ آلاءِ رَبِّكُمَا تُكَذِّبَانِ.

(۱) ستاروں اور درختوں میں تعلق یہ ہے کہ درختوں نے زمین کو ڈھانک رکھا ہے اور ستاروں نے آسمان کو۔ ان دونوں کو بیان کرنے سے یہ تصویر کشی موجود ہے کہ آسمان و زمین کی ہر چیز اللہ تعالی کے سامنے سربسجود ہے۔

الفاظ	معانی	الفاظ	معانی	الفاظ	معانی
الْبَيَانَ	بیان کرنے کا فن	الرَّيْحَانُ	پھول	يَبْغِيَان	وہ دونوں بغاوت کرتے ہیں
حُسْبَان	حساب کے مطابق	آلاءِ	نشانیاں، کرشمے، نعمتیں	الْمَرْجَانُ	مرجان، ایک قسم کے موتی
الْمِيزَانَ	ترازو، پیائش کا آلہ	صَلْصَالٍ	بجنے والی مٹی	الْجَوَارِي	کشتیاں، بحری جہاز
أَلاَّ تَطْغَوْا	کہ تم خراب نہ کرو	الْفَخَّارِ	ٹھیکری	الْمُنشَآتُ	تیرتے ہوئے
الأَنَامِ	مخلوقات	الْجَانَّ	جنات	الأَعْلامِ	پہاڑ
الأَكْمَامِ	غلافوں میں لپٹے	مَارِجٍ	بغیر دھویں کے	فَانٍ، فَانِيٌ	فانی
الْعَصْفِ	بھوسا	بَرْزَخٌ	آڑ، پردہ		

يَسْأَلُهُ مَنْ فِي السَّمٰوَاتِ وَالْأَرْضِ كُلَّ يَوْمٍ هُوَ فِي شَأْنٍ. فَبِأَيِّ آلاءِ رَبِّكُمَا تُكَذِّبَانِ.

سَنَفْرُغُ لَكُمْ أَيُّهَا الثَّقَلانِ. فَبِأَيِّ آلاءِ رَبِّكُمَا تُكَذِّبَانِ.

يَا مَعْشَرَ الْجِنِّ وَالإِنسِ إِنْ اسْتَطَعْتُمْ أَنْ تَنفُذُوا مِنْ أَقْطَارِ السَّمٰوَاتِ وَالأَرْضِ فَانفُذُوا لا تَنفُذُونَ إِلاَّ بِسُلْطَانٍ. فَبِأَيِّ آلاءِ رَبِّكُمَا تُكَذِّبَانِ.

يُرْسَلُ عَلَيْكُمَا شُوَاظٌ مِنْ نَارٍ وَنُحَاسٌ فَلا تَنتَصِرَانِ. فَبِأَيِّ آلاءِ رَبِّكُمَا تُكَذِّبَانِ.

فَإِذَا انشَقَّتْ السَّمَاءُ فَكَانَتْ وَرْدَةً كَالدِّهَانِ. فَبِأَيِّ آلاءِ رَبِّكُمَا تُكَذِّبَانِ.

فَيَوْمَئِذٍ لا يُسْأَلُ عَنْ ذَنْبِهِ إِنسٌ وَلا جَانٌّ. فَبِأَيِّ آلاءِ رَبِّكُمَا تُكَذِّبَانِ.

يُعْرَفُ الْمُجْرِمُونَ بِسِيمَاهُمْ فَيُؤْخَذُ بِالنَّوَاصِي وَالأَقْدَامِ. فَبِأَيِّ آلاءِ رَبِّكُمَا تُكَذِّبَانِ.

هَذِهِ جَهَنَّمُ الَّتِي يُكَذِّبُ بِهَا الْمُجْرِمُونَ. يَطُوفُونَ بَيْنَهَا وَبَيْنَ حَمِيمٍ آنٍ. فَبِأَيِّ آلاءِ رَبِّكُمَا تُكَذِّبَانِ.

وَلِمَنْ خَافَ مَقَامَ رَبِّهِ جَنَّتَانِ. فَبِأَيِّ آلاءِ رَبِّكُمَا تُكَذِّبَانِ.

ذَوَاتَى أَفْنَانٍ. فَبِأَيِّ آلاءِ رَبِّكُمَا تُكَذِّبَانِ.

فِيهِمَا عَيْنَانِ تَجْرِيَانِ [1]. فَبِأَيِّ آلاءِ رَبِّكُمَا تُكَذِّبَانِ.

فِيهِمَا مِنْ كُلِّ فَاكِهَةٍ زَوْجَانِ. فَبِأَيِّ آلاءِ رَبِّكُمَا تُكَذِّبَانِ.

(۱) اس سورۃ کے طرز بیان کی خوبصورتی کو سمجھنے کے لئے جزیرہ نما عرب کے جغرافیے کو سمجھنا ضروری ہے۔ عرب میں سبزہ ایک نایاب چیز ہے۔ یہاں کوئی دریا نہیں۔ عربوں کے لئے سر سبز باغ جن میں چشمے اور دریا جاری ہوں، خوبصورتی کی انتہا ہیں۔ ان کے ہاں سر سبز باغ کا مالک ہونا دولت مندی اور سماجی اسٹیٹس کی نشانی ہیں۔ دور جدید کے عرب بھی اپنی چھٹیاں گزارنے کے لئے سر سبز و شاداب علاقوں کا رخ کرتے ہیں۔

الفاظ	معانی	الفاظ	معانی	الفاظ	معانی
سَنَفْرُغُ	ہم عنقریب وقت دیں گے	نُحَاسٌ	تانبہ، پیتل	إِنسٌ	انسان
الثَّقَلانِ	دو بوجھ (جن و انسان)	آلاءِ	نشانیاں، کرشمے، نعمتیں	بِسِيمَاهُمْ	ان کے چہرے سے
تَنفُذُونَ	وہ اس میں جاتے ہو	وَرْدَةً	گلابی	حَمِيمٍ آنٍ	کھولتا ہوا پانی
شُوَاظٌ	شعلے	الدِّهَانِ	چمڑا	ذَوَاتَى أَفْنَانٍ	سر سبز شاخوں والے

مُتَّكِئِينَ عَلَى فُرُشٍ بَطَائِنُهَا مِنْ إِسْتَبْرَقٍ وَجَنَى الْجَنَّتَيْنِ دَانٍ. فَبِأَيِّ آلاءِ رَبِّكُمَا تُكَذِّبَانِ.

فِيهِنَّ قَاصِرَاتُ الطَّرْفِ لَمْ يَطْمِثْهُنَّ إِنْسٌ قَبْلَهُمْ وَلا جَانٌّ. فَبِأَيِّ آلاءِ رَبِّكُمَا تُكَذِّبَانِ.

كَأَنَّهُنَّ الْيَاقُوتُ وَالْمَرْجَانُ. فَبِأَيِّ آلاءِ رَبِّكُمَا تُكَذِّبَانِ.

هَلْ جَزَاءُ الإِحْسَانِ إِلاَّ الإِحْسَانُ؟ فَبِأَيِّ آلاءِ رَبِّكُمَا تُكَذِّبَانِ.

وَمِنْ دُونِهِمَا جَنَّتَانِ. فَبِأَيِّ آلاءِ رَبِّكُمَا تُكَذِّبَانِ. مُدْهَامَّتَانِ. فَبِأَيِّ آلاءِ رَبِّكُمَا تُكَذِّبَانِ.

فِيهِمَا عَيْنَانِ نَضَّاخَتَانِ. فَبِأَيِّ آلاءِ رَبِّكُمَا تُكَذِّبَانِ.

فِيهِمَا فَاكِهَةٌ وَنَخْلٌ وَرُمَّانٌ. فَبِأَيِّ آلاءِ رَبِّكُمَا تُكَذِّبَانِ.

فِيهِنَّ خَيْرَاتٌ حِسَانٌ. فَبِأَيِّ آلاءِ رَبِّكُمَا تُكَذِّبَانِ.

حُورٌ مَقْصُورَاتٌ فِي الْخِيَامِ [1]. فَبِأَيِّ آلاءِ رَبِّكُمَا تُكَذِّبَانِ.

لَمْ يَطْمِثْهُنَّ إِنسٌ قَبْلَهُمْ وَلا جَانٌّ. فَبِأَيِّ آلاءِ رَبِّكُمَا تُكَذِّبَانِ.

مُتَّكِئِينَ عَلَى رَفْرَفٍ خُضْرٍ وَعَبْقَرِيٍّ حِسَانٍ. فَبِأَيِّ آلاءِ رَبِّكُمَا تُكَذِّبَانِ.

تَبَارَكَ اسْمُ رَبِّكَ ذِي الْجَلالِ وَالإِكْرَامِ.

چیلنج! پانچ ایسی صورتیں بیان کیجیے جن میں اسم منصوب حالت میں ہوتا ہو۔

(۱) خوبصورت باغ میں کیمپنگ عربوں کے ہاں انتہا درجے کی تفریح سمجھی جاتی ہے۔ عربوں کے لائف اسٹائل میں خیمے کی اہمیت بہت زیادہ تھی۔ جدید دور کے عرب بھی اپنا ویک اینڈ اپنے خاندانوں کے ساتھ صحرا میں کیمپنگ کر کے گزارتے ہیں۔ یہاں یہ لوگ رات کو باربی کیو کرتے ہیں، مقامی بدوؤں سے اونٹنی کا دودھ خرید کر پیتے ہیں، ان کے بچے کھلے صحرا میں کھیلتے ہیں اور میاں بیوی رات خیمے میں بسر کرتے ہیں۔

الفاظ	معانی	الفاظ	معانی	الفاظ	معانی
بَطَائِنُهَا	اس کا استر	قَاصِرَاتُ الطَّرْفِ	نیچی نگاہوں والیاں	نَضَّاخَتَانِ	دو پھوٹتے ہوئے چشمے
إِسْتَبْرَقٍ	استبرق، ریشم	لم يَطْمِثْهُنَّ	انہیں مس نہ کیا	حِسَانٌ	خوبصورت
جَنَى	اس نے پھل دیے	الْيَاقُوتُ	یاقوت	الْخِيَامِ	خیمے
دَانٍ	جھکے ہوئے، قریب	مُدْهَامَّتَانِ	دو گھنے سبز باغ	رَفْرَفٍ	تکیے
				عَبْقَرِيٍّ	نہایت ہی عمدہ

سُورَةُ الواقعة	بسم الله الرحمن الرحيم

إِذَا وَقَعَتْ الْوَاقِعَةُ [1]. لَيْسَ لِوَقْعَتِهَا كَاذِبَةٌ. خَافِضَةٌ رَافِعَةٌ [2]. إِذَا رُجَّتْ الْأَرْضُ رَجّاً. وَبُسَّتْ الْجِبَالُ بَسّاً. فَكَانَتْ هَبَاءً مُنْبَثّاً. وَكُنتُمْ أَزْوَاجاً ثَلاثَةً [3]. فَأَصْحَابُ الْمَيْمَنَةِ مَا أَصْحَابُ الْمَيْمَنَةِ؟ وَأَصْحَابُ الْمَشْئَمَةِ مَا أَصْحَابُ الْمَشْئَمَةِ؟ [4]

وَالسَّابِقُونَ السَّابِقُونَ. أُوْلَئِكَ الْمُقَرَّبُونَ. فِي جَنَّاتِ النَّعِيمِ. ثُلَّةٌ مِنْ الْأَوَّلِينَ. وَقَلِيلٌ مِنْ الآخِرِينَ. عَلَى سُرُرٍ مَوْضُونَةٍ. مُتَّكِئِينَ [5] عَلَيْهَا مُتَقَابِلِينَ. يَطُوفُ عَلَيْهِمْ وِلْدَانٌ مُخَلَّدُونَ. بِأَكْوَابٍ وَأَبَارِيقَ وَكَأْسٍ مِنْ مَعِينٍ. لا يُصَدَّعُونَ عَنْهَا وَلا يُنْزِفُونَ. وَفَاكِهَةٍ مِمَّا يَتَخَيَّرُونَ. وَلَحْمِ طَيْرٍ مِمَّا يَشْتَهُونَ. وَحُورٌ عِينٌ. كَأَمْثَالِ اللُّؤْلُؤِ الْمَكْنُونِ. جَزَاءً بِمَا كَانُوا يَعْمَلُونَ. لا يَسْمَعُونَ فِيهَا لَغْواً وَلا تَأْثِيماً. إِلاَّ قِيلاً سَلاماً سَلاماً.

(۱) مستقبل کے طے شدہ واقعات کو فعل ماضی میں بیان کرنے سے ان کے یقینی ہونے کا اظہار کیا جاتا ہے۔
(۲) آخرت مجرموں کے زوال اور خدا پرست لوگوں کے عروج کا باعث بنے گی۔
(۳) لوگوں کو تین گروہوں میں تقسیم کیا جائے گا: (۱) نیکی میں سبق لیجانے والے؛ (۲) دائیں ہاتھ والے اور (۳) بائیں ہاتھ والے۔
(۴) عام طور پر سوال کرنے کا مقصد معلومات حاصل کرنا ہوتا ہے۔ مجازی اعتبار سے یہ کسی شخص کی عظمت بیان کرنے یا اسے ذلیل کرنے کے لئے بھی کیا جاتا ہے۔ یہاں پہلے سوال کا مقصد دائیں ہاتھ والوں کی عظمت اور دوسرے کا مقصد بائیں ہاتھ والوں کی ذلت کا بیان ہے۔
(۵) یہ ان نیک افراد کے جنت میں لائف اسٹائل کی تصویر کشی ہے کہ وہ وہاں بادشاہوں کی طرح رہیں گے۔

الفاظ	معانی	الفاظ	معانی	الفاظ	معانی
خَافِضَةٌ	جھکی ہوئی	الْمَشْئَمَةِ	بائیں جانب	أَبَارِيقَ	برتن
رُجَّتْ	اسے ہلا دیا گیا	السَّابِقُونَ	اگلی جانب والے	مَعِينٍ	چشمہ
بُسَّتْ	اسے ریزہ ریزہ کیا گیا	ثُلَّةٌ	گروہ	يُصَدَّعُونَ	وہ سر درد کرتا ہے
هَبَاءً	مٹی	مَوْضُونَةٍ	ہیرے سے سجایا ہوا	يُنْزِفُونَ	وہ نشہ دیتا ہے
مُنْبَثّاً	پھیلی ہوئی	وِلْدَانٌ	بچے	يَتَخَيَّرُونَ	وہ اختیار کریں گے
الْمَيْمَنَةِ	دائیں جانب	مُخَلَّدُونَ	ہمیشہ جوان رہنے والے	الْمَكْنُونِ	چھپایا ہوا

وَأَصْحَابُ الْيَمِينِ مَا أَصْحَابُ الْيَمِينِ. فِي سِدْرٍ مَخْضُودٍ. وَطَلْحٍ مَنْضُودٍ [1]. وَظِلٍّ مَمْدُودٍ. وَمَاءٍ مَسْكُوبٍ. وَفَاكِهَةٍ كَثِيرَةٍ. لا مَقْطُوعَةٍ وَلا مَمْنُوعَةٍ. وَفُرُشٍ مَرْفُوعَةٍ. إِنَّا أَنشَأْنَاهُنَّ إِنشَاءً. فَجَعَلْنَاهُنَّ أَبْكَاراً. عُرُباً أَتْرَاباً. لأَصْحَابِ الْيَمِينِ. ثُلَّةٌ مِنَ الأَوَّلِينَ. وَثُلَّةٌ مِنَ الآخِرِينَ.

وَأَصْحَابُ الشِّمَالِ مَا أَصْحَابُ الشِّمَالِ. فِي سَمُومٍ وَحَمِيمٍ. وَظِلٍّ مِنْ يَحْمُومٍ. لا بَارِدٍ وَلا كَرِيمٍ. إِنَّهُمْ كَانُوا قَبْلَ ذَلِكَ مُتْرَفِينَ. وَكَانُوا يُصِرُّونَ عَلَى الْحِنثِ الْعَظِيمِ. وَكَانُوا يَقُولُونَ أَئِذَا مِتْنَا وَكُنَّا تُرَاباً وَعِظَاماً أَئِنَّا لَمَبْعُوثُونَ؟ أَوْ آبَاؤُنَا الأَوَّلُونَ؟ قُلْ إِنَّ الأَوَّلِينَ وَالآخِرِينَ. لَمَجْمُوعُونَ إِلَى مِيقَاتِ يَوْمٍ مَعْلُومٍ. ثُمَّ إِنَّكُمْ أَيُّهَا الضَّالُّونَ الْمُكَذِّبُونَ. لآكِلُونَ مِنْ شَجَرٍ مِنْ زَقُّومٍ. فَمَالِئُونَ مِنْهَا الْبُطُونَ. فَشَارِبُونَ عَلَيْهِ مِنَ الْحَمِيمِ. فَشَارِبُونَ شُرْبَ الْهِيمِ [2]. هَذَا نُزُلُهُمْ يَوْمَ الدِّينِ.

نَحْنُ خَلَقْنَاكُمْ فَلَوْلا تُصَدِّقُونَ. أَفَرَأَيْتُمْ مَا تُمْنُونَ؟ أَأَنْتُمْ تَخْلُقُونَهُ أَمْ نَحْنُ الْخَالِقُونَ؟ نَحْنُ قَدَّرْنَا بَيْنَكُمْ الْمَوْتَ وَمَا نَحْنُ بِمَسْبُوقِينَ. عَلَى أَنْ نُبَدِّلَ أَمْثَالَكُمْ وَنُنْشِئَكُمْ فِي مَا لا تَعْلَمُونَ. وَلَقَدْ عَلِمْتُمْ النَّشْأَةَ الأُولَى فَلَوْلا تَذَكَّرُونَ. أَفَرَأَيْتُمْ مَا تَحْرُثُونَ؟ أَأَنْتُمْ تَزْرَعُونَهُ أَمْ نَحْنُ الزَّارِعُونَ؟ لَوْ نَشَاءُ لَجَعَلْنَاهُ حُطَاماً فَظَلَلْتُمْ تَفَكَّهُونَ. إِنَّا لَمُغْرَمُونَ. بَلْ نَحْنُ مَحْرُومُونَ. أَفَرَأَيْتُمْ الْمَاءَ الَّذِي تَشْرَبُونَ. أَأَنْتُمْ أَنزَلْتُمُوهُ مِنَ الْمُزْنِ أَمْ نَحْنُ الْمُنْزِلُونَ. لَوْ نَشَاءُ جَعَلْنَاهُ أُجَاجاً فَلَوْلا تَشْكُرُونَ.

(۱) کیلے کے تہہ در تہہ خوشے ان کی خوبصورتی کی علامت ہیں۔ (۲) الھیم اونٹوں کی ایک بیماری ہے۔ اس بیماری کے شکار اونٹ کی پیاس کبھی نہیں بجھتی اور وہ پانی پیتا ہی چلا جاتا ہے۔ جہنمیوں کو اس قسم کے اونٹ سے تشبیہ دی گئی ہے۔

الفاظ	معانی	الفاظ	معانی	الفاظ	معانی
سِدْرٍ مَخْضُودٍ	بغیر کانٹے بیری کے درخت	مُتْرَفِينَ	دولت مند غافل	النَّشْأَةَ	تخلیق
طَلْحٍ مَنْضُودٍ	تہہ در تہہ کیلے	يُصِرُّونَ	وہ اصرار کرتے ہیں	تَحْرُثُونَ	تم اگاتے ہو
مَسْكُوبٍ	بہتا ہوا، موسلا دھار	الْحِنثِ	گناہ، قسم توڑنا	حُطَاماً	بھس
أَبْكَاراً	کنواری	مَالِئُونَ	بھرنے والے	تَفَكَّهُونَ	تم باتیں بناتے ہو
عُرُباً	بہترین نسوانیت والیاں	الْبُطُونَ	پیٹ، بطن کی جمع	مُغْرَمُونَ	جن پر جرمانہ عائد ہو
أَتْرَاباً	ہم عمر	تُمْنُونَ	تم ٹپکاتے ہو	الْمُزْنِ	بادل
يَحْمُومٍ	سیاہ دھواں	مَسْبُوقِينَ	پیچھے رہنے والے، عاجز	أُجَاجاً	کھاری، کڑوا

أَفَرَأَيْتُمُ النَّارَ الَّتِي تُورُونَ. أَأَنْتُمْ أَنشَأْتُمْ شَجَرَتَهَا أَمْ نَحْنُ الْمُنشِئُونَ. نَحْنُ جَعَلْنَاهَا تَذْكِرَةً وَمَتَاعاً لِلْمُقْوِينَ. فَسَبِّحْ بِاسْمِ رَبِّكَ الْعَظِيمِ.

فَلا [1] أُقْسِمُ بِمَوَاقِعِ النُّجُومِ. وَإِنَّهُ لَقَسَمٌ لَوْ تَعْلَمُونَ عَظِيمٌ. إِنَّهُ لَقُرْآنٌ كَرِيمٌ. فِي كِتَابٍ مَكْنُونٍ. لا يَمَسُّهُ إِلاَّ الْمُطَهَّرُونَ. تَنْزِيلٌ مِنْ رَبِّ الْعَالَمِينَ. أَفَبِهَذَا الْحَدِيثِ أَنْتُمْ مُدْهِنُونَ؟ وَتَجْعَلُونَ رِزْقَكُمْ أَنَّكُمْ تُكَذِّبُونَ.

فَلَوْلا إِذَا بَلَغَتْ [2] الْحُلْقُومَ. وَأَنْتُمْ حِينَئِذٍ تَنظُرُونَ. وَنَحْنُ أَقْرَبُ إِلَيْهِ مِنْكُمْ وَلَكِنْ لا تُبْصِرُونَ. فَلَوْلا إِنْ كُنتُمْ غَيْرَ مَدِينِينَ. تَرْجِعُونَهَا إِنْ كُنتُمْ صَادِقِينَ؟[3]

فَأَمَّا إِنْ كَانَ مِنَ الْمُقَرَّبِينَ. فَرَوْحٌ وَرَيْحَانٌ وَجَنَّةُ نَعِيمٍ. وَأَمَّا إِنْ كَانَ مِنْ أَصْحَابِ الْيَمِينِ. فَسَلامٌ لَكَ مِنْ أَصْحَابِ الْيَمِينِ. وَأَمَّا إِنْ كَانَ مِنَ الْمُكَذِّبِينَ الضَّالِّينَ. فَنُزُلٌ مِنْ حَمِيمٍ. وَتَصْلِيَةُ جَحِيمٍ. إِنَّ هَذَا لَهُوَ حَقُّ الْيَقِينِ. فَسَبِّحْ بِاسْمِ رَبِّكَ الْعَظِيمِ.

(۱) یہاں "نہیں" کا مقصد کفار کے اس غلط نظریے کی تردید ہے کہ وہ قرآن کو جنات کا الہام کردہ سمجھتے تھے۔ قرآن نے یہاں شہاب ثاقب کو بطور دلیل پیش کیا گیا ہے جو نزول قرآن کے زمانے میں ان جنات پر برسائے جاتے تھے جو آسمانوں سے سن گن لینے کی کوشش کرتے تھے۔

(۲) یہاں بَلَغَتْ کا فاعل "نفس" یا "روح" حذف کیا گیا ہے کیونکہ وہ طے شدہ ہے۔

(۳) یہاں سوالات کو بطور دلیل پیش کیا گیا ہے۔ ان کا معنی یہ ہے: اگر تم سمجھتے ہو کہ تم اپنے رب کے سامنے کسی چیز کے جواب دہ نہیں ہو تو پھر تم کسی مرنے والے کی موت کو کیوں روک نہیں سکتے؟ کیا اللہ تعالیٰ کی عطا کے بغیر تم زندہ رہ سکتے ہو؟ اگر یہ ممکن نہیں ہے تو پھر تمہیں اپنے رب کا شکر گزار ہونا چاہیے اور خود کو اس کے سامنے جوابدہی کے لئے تیار رکھنا چاہیے۔

الفاظ	معانی	الفاظ	معانی	الفاظ	معانی
تُورُونَ	تم جلاتے ہو	الْحُلْقُومَ	حلق	رَوْحٌ	آسانی، آرام، راحت
الْمُقْوِينَ	صحرائی مسافر	مَدِينِينَ	ذمہ دار، مقروض	نُزُلٌ	استقبال کرنا
مُدْهِنُونَ	بے اعتنائی برتنے والے			تَصْلِيَةُ	پھینکا جانا

سبق 15A: علم النحو کا خلاصہ

یہ عربی گرامر کا آخری سبق ہے۔ اس میں ہم علم النحو کا خلاصہ بیان کریں گے۔

تعمیر شخصیت
چار چیزوں کو کبھی نہ توڑیے: اعتماد، رشتہ، وعدہ اور دل۔

اعراب: رفع، نصب اور جر

آپ جانتے ہی ہیں کہ اسموں کے اعراب تین ہوتے ہیں: رفع، نصب اور جر۔ اپنی عمومی حالت میں تمام اسم "حالت رفع" میں ہوتے ہیں۔ ان اسماء کو "مرفوع" کہا جاتا ہے۔ **چار صورتوں میں اسم "مرفوع" ہوتے ہیں:**

1. مبتدا: اسے "مسند الیہ" بھی کہتے ہیں۔
2. خبر: اسے "مسند" بھی کہتے ہیں۔
3. فاعل: جملہ فعلیہ میں فعل سرانجام دینے والا۔
4. نائب فاعل: فعل مجہول میں مفعول۔

دو صورتوں میں اسم حالت جر میں یعنی "مجرور" ہوتے ہیں۔

1. کسی حرف جر کے بعد آنے والا اسم: اسے مجرور بھی کہتے ہیں۔
2. مرکب اضافی میں مضاف

بارہ صورتوں میں اسم حالت نصب میں یعنی "منصوب" ہوتے ہیں۔

1. جملہ فعلیہ میں استعمال ہونے والا مفعول جیسے كَتَبَ رِسَالَةً۔ اسے "مفعول بہ" بھی کہتے ہیں۔
2. وہ اسم جو کسی فعل کی جگہ یا وقت بیان کرے۔ اسے "ظرف" یا "مفعول فیہ" کہتے ہیں جیسے نَبَذَ كِتَابًا وَرَاءَ ظُهُورِهِ، زَيْدٌ يَعبُدُ لَيلاً وَنِهَارًا۔
3. وہ اسم جو فاعل یا مفعول کی حالت بیان کرے۔ اسے "حال" کہتے ہیں جیسے هُوَ فِي البَيتِ مَرِيضًا۔
4. وہ اسم جو کسی کام کی وجہ بیان کرے۔ اسے "علت" یا "مفعول لہ" کہتے ہیں۔ مثلاً زَيدٌ سَاكِتٌ خَوفًا۔
5. وہ اسم جو کسی چیز یا صورتحال کی تفصیل بیان کرے۔ اسے "تمیز" کہتے ہیں جیسے زَيدٌ أَطْوَلُ القَومِ عُمرًا، اشتَرَيتُ رَطلٌ عَسلاً۔
6. وہ مصدر جو کسی کام کی شدت کو بیان کرے۔ اسے "مفعول مطلق" بھی کہتے ہیں۔ مثلاً ضَرَبَ زَيدٌ عَمرًا ضَربًا۔
7. ایسے جملہ اسمیہ کا مبتدا جس پر إِنَّ و أخواتُها میں سے کوئی داخل ہو جیسے إِنَّ اللَّهَ عَلَى كُلِّ شَيْءٍ قَدِيرٌ۔
8. ایسے جملہ اسمیہ کی خبر جس پر كَانَ و أخواتُها میں سے کوئی داخل ہو مثلاً كَانَ اللَّهُ عَلِيماً حَكِيماً۔
9. ایسے جملہ اسمیہ کا مبتدا جس پر "لا" داخل ہو جیسے لا رَجُلَ فِي البَيتِ۔
10. استثنائی جملے میں حرف استثناء کے بعد آنے والا لفظ جیسے القَومُ حَاضِرٌ إِلاَّ زَيدًا۔
11. حرف ندا کے بعد آنے والا لفظ یعنی "منادی"۔ مثلاً يَا أَبَابَكرٍ۔
12. ایسے جملہ اسمیہ کے مبتدا و خبر جر پر افعال القلوب یا افعال التیصیر میں سے کسی کو داخل کر دیا گیا ہو جیسے أَظُنُّ السَاعَةَ قَآئِمَةً۔

اعراب سے متعلق چند مزید قوانین یہ ہیں:

- اگر کوئی اسم "مبنی" ہو تو اس کے اعراب کو بس فرض کر لیا جاتا ہے۔ یہ لفظ پر ظاہر نہیں ہوتے کیونکہ مبنی اسم اپنی شکل تبدیل نہیں کرتے۔ جیسے هَذا رَجُلٌ، كَتَبَ هَذَا، لِهَذا۔ ان تینوں صورتوں میں لفظ "هذا" جو کہ مبنی ہے بالترتیب رفع، نصب اور جر کی حالت میں ہے مگر اس کے اعراب ظاہر نہیں ہوئے۔
- اگر کوئی اسم معرب اور واحد ہو تو اس کے اعراب کو لفظ کے آخری حرف پر بالترتیب ضمہ، فتحہ اور کسرہ سے ظاہر کیا جاتا ہے۔ مثلاً زَيدٌ رَجُلٌ، ضَرَبَ حَامِدٌ زَيدًا، إلى زَيدٍ۔
- اگر اسم معرب اور تثنیہ ہو تو اسکے اعراب کو لفظ کے آخر میں بالترتیب ان، ین، ین سے ظاہر کیا جاتا ہے جیسے هُمَا رَجُلانِ، ضَرَبَ حَامِدٌ رَجُلَيْنِ، إلى رَجُلَيْنِ۔
- اگر اسم معرب اور جمع ہو تو اس کے اعراب کو لفظ کے آخر میں بالترتیب ون، ین، ین سے ظاہر کیا جاتا ہے جیسے هُم مُؤمِنُونَ، نَصَرَ اللهُ مُومِنِيْنَ، إلى مؤمِنِيْنَ۔
- اگر اسم معرب ہو مگر غیر منصرف ہو تو اس کی حالت نصب اور حالت جر ایک جیسی ہوتی ہیں۔ مثلاً عُمَرُ رَجُلٌ، ضَرَبَ حَامِدٌ عُمَرَ، إلى عُمَرَ۔

افعال کے اعراب

اعراب کا تعلق زیادہ تر اسموں سے مگر افعال میں صرف فعل مضارع کے اعراب ہوتے ہیں۔ یہ تین ہیں۔

- عام اعراب جیسے يفعلُ، يَفعلانِ، يَفعَلونَ، تَفعَلُ، تفعَلانِ، يَفعَلْنَ، تَفعَلُ، تَفعَلانِ، تَفْعَلُونَ، تفعَلِيْنَ، تَفعَلانِ، تَفعَلْنَ، أفعَلُ، نَفْعَلُ۔
- حالت نصب مثلاً أنْ يَفْعلَ، أنْ يَفعلا، أنْ يَفعَلوا، أنْ تَفعَلَ، أنْ تَفعَلا، أنْ يَفعَلْنَ، أنْ تَفعَلَ، أنْ تَفعَلا، أنْ تَفْعَلُوا، أنْ تَفعَلِيْ، أنْ تَفعَلا، أنْ تَفعَلْنَ، أنْ أفعَلَ، أنْ نَفْعَلَ۔ جمع مونث کے صیغوں کا نون حذف نہیں ہوتا اور ان کے اعراب کو "جزم" فرض کر لیا جاتا ہے۔
- حال جزم جیسے لَمْ يَفْعلْ، لَمْ يَفعلا، لَمْ يَفعَلوا، لَمْ تَفعَلْ، لَمْ تَفعَلا، لَمْ يَفعَلْنَ، لَمْ تَفعَلْ، لَمْ تَفعَلا، لَمْ تَفْعَلُوا، لَمْ تَفعَلِيْ، لَمْ تَفعَلا، لَمْ تَفعَلْنَ، لَمْ أفعَلْ، لَمْ نَفْعَلْ۔ اس صورت میں بھی جمع مونث کے صیغوں کا نون حذف نہیں ہوتا اور ان کے اعراب کو "جزم" فرض کر لیا جاتا ہے۔
- اگر فعل مضارع کو الفاظ إنْ، ما، مَن، متَى، أيّان، مهما، كَيفمَا، حَيثُما، أيُّ، أيَّةُ کے بعد شرط یا امر و نہی کے معنی میں استعمال کیا جائے تو اس سے بھی یہ حالت جزم میں آجاتا ہے۔ مثلاً أُسكُتْ تَسْلِمْ (اگر خاموش رہو گے تو محفوظ رہو گے)۔

سبق 15A: علم النحو کا خلاصہ

(ا) اپنی صلاحیت کا امتحان لیجیے!

ان اسماء اور افعال کے اعراب بیان کیجیے جنہیں سرخ رنگ میں ظاہر کیا گیا ہے۔ اعراب کی وجہ بھی بیان کیجیے۔

عربي	إعراب و تفصيله
الْحَمْدُ لِلَّهِ رَبِّ الْعَالَمِينَ	الْحَمْدُ : مرفوع. مبتدا
الْحَمْدُ لِلَّهِ رَبِّ الْعَالَمِينَ الرَّحْمَنِ الرَّحِيمِ مَالِكِ يَوْمِ الدِّينِ	
اهْدِنَا الصِّرَاطَ الْمُسْتَقِيمَ	
خَتَمَ اللَّهُ عَلَى قُلُوبِهِمْ وَعَلَى سَمْعِهِمْ	
فَإِنْ لَمْ تَفْعَلُوا وَلَنْ تَفْعَلُوا فَاتَّقُوا النَّارَ	
يَا مُوسَى لَنْ نُؤْمِنَ لَكَ حَتَّى نَرَى اللَّهَ جَهْرَةً	
لَنْ نَصْبِرَ عَلَى طَعَامٍ وَاحِدٍ	
لَنْ تَمَسَّنَا النَّارُ إِلاَّ أَيَّاماً مَعْدُودَةً	
اشْتَرَوْا الْحَيَاةَ الدُّنْيَا بِالآخِرَةِ	
مَنْ كَانَ عَدُوّاً لِلَّهِ وَمَلائِكَتِهِ وَرُسُلِهِ وَجِبْرِيلَ وَمِيكَالَ فَإِنَّ اللَّهَ عَدُوٌّ لِلْكَافِرِينَ	
جَاءَهُمْ رَسُولٌ مِنْ عِنْدِ اللَّهِ مُصَدِّقٌ لِمَا مَعَهُمْ	
الَّذِينَ آتَيْنَاهُمْ الْكِتَابَ يَتْلُونَهُ حَقَّ تِلاوَتِهِ	
قَالَ إِبْرَاهِيمُ رَبِّ اجْعَلْ هَذَا بَلَداً آمِناً	
الَّذِينَ يَتْلُونَ كِتَابَ اللَّهِ وَأَقَامُوا الصَّلاةَ	
فَلَمَّا جَاءَهُمْ نَذِيرٌ مَا زَادَهُمْ إِلاَّ نُفُوراً	
إِنَّ أَصْحَابَ الْجَنَّةِ الْيَوْمَ فِي شُغُلٍ فَاكِهُونَ	

الف لام کا استعمال

آپ یہ تو جانتے ہی ہیں کہ کسی اسم نکرہ کو معرفہ بنانے کے لئے اس سے پہلے "الف لام" لگا دیا جاتا ہے۔ یہ انگریزی لفظ "The" کا ہم معنی ہے۔ اردو میں اس کے بر عکس اسم نکرہ کے ساتھ "کوئی، کسی" وغیرہ کا اضافہ کیا جاتا ہے اور اسم معرفہ کو خالی رکھا جاتا ہے۔ ان حروف کو "ال" یا محض "ل" بھی کہا جاتا ہے۔ اسکی قسمیں یہ ہیں:

- لامُ العَهْد الْخَارجيِّ : اسے اس وقت استعمال کیا جاتا ہے جب بولنے والا اور سننے والا دونوں زیر بحث شخص یا چیز سے واقف ہوں۔ مثلاً جَاءَ الأَمِيْرُ (گورنر آیا)۔ یہاں بولنے اور سننے والے لوگ جانتے ہیں کہ کس خاص "گورنر" کی بات ہو رہی ہے۔
- لامُ العَهْد الْذهني : اسے اس وقت استعمال کیا جاتا ہے جب بولنے والا تو زیر بحث شخص یا چیز کو جانتا ہو مگر سننے والا اس سے واقف نہ ہو۔ جیسے جَاءَ الأميْرُ میں یہ بھی ممکن ہے کہ بولنے والے کے نزدیک تو خاص گورنر مراد ہو مگر سننے والے اسے نہ جانتے ہوں۔ ان دونوں صورتوں کو اردو میں بیان کرنے کے لئے متعلقہ اسم سے پہلے کچھ نہیں لگایا جاتا۔ انگریزی میں اس مقصد کے لئے لفظ "The" کا اضافہ کیا جاتا ہے۔
- لامُ الْجنْس : یہ کسی جنس یا پورے کے پورے گروہ کو بیان کرنے کے لئے استعمال ہوتا ہے۔ اس صورت میں اس جنس کا ہر ہر فرد زیر بحث نہیں ہوتا۔ جیسے إِنَّا خَلَقْنَا الإِنسَانَ مِنْ نُطْفَة (یقیناً ہم نے انسان کو ایک نطفے سے ہی تو بنایا ہے)۔ یہاں جنس "انسان" زیر بحث ہے نہ کہ ہر ہر انسان۔ اردو یا انگریزی میں اس مقصد کے لئے متعلقہ اسم پر کچھ نہیں لگایا جاتا ہے۔
- لامُ الاستغرَاق : یہ کسی جنس سے پہلے اس صورت میں استعمال ہوتا ہے جب متعلقہ جنس کا ہر ہر فرد زیر بحث ہو۔ مثلاً إِنَّ الإنسَانَ لَفِي خُسرٍ إِلاَّ الَّذينَ آمَنُوا وَعَملُوا الصَّالحَات (یقیناً ہر انسان نقصان میں ہے سوائے ان کے جو ایمان لائے اور جنھوں نے نیک عمل کئے)۔ یہاں ہر ہر انسان مراد ہے۔ اردو میں اس صورت میں متعلقہ اسم سے پہلے "ہر" یا "تمام" کا اضافہ کر دیا جاتا ہے۔ لام جنس اور لام استغراق میں فرق یہ ہے کہ لام جنس میں متعلقہ جنس کا ہر ہر فرد مراد نہیں ہوتا جبکہ لام استغراق میں ہر ہر فرد مراد ہوتا ہے۔ یہی وجہ ہے کہ لام استغراق میں استثناء کیا جا سکتا ہے مگر لام جنس میں استثناء کا سوال ہی پیدا نہیں ہوتا۔
- لامُ الزَائدَةُ : بعض اوقات چند مخصوص ناموں پر "ال" لگا دیا جاتا ہے۔ اس کا الگ سے کوئی مطلب نہیں ہوتا ہے جیسے العَبَّاسُ، الباكستانُ، الْهندُ۔ اردو میں یہ استعمال نہیں ہوتا ہے۔ انگریزی میں یہ استعمال ہوتا ہے جیسے Alexander ***the*** great۔ عام طور پر یہ "ال" تمام ملکوں کے ناموں کے ساتھ استعمال ہوتا ہے مگر شہروں کے ناموں کے ساتھ استعمال نہیں ہوتا ہے۔ استثنائی طور پر اسے چند شہروں کے ناموں کے ساتھ استعمال کیا جاتا ہے جیسے "المدینہ"۔ یہاں اسے استعمال کرنے کی وجہ یہ ہے کہ مدینہ تو ہر شہر کو کہہ سکتے ہیں مگر "المدینہ" کا معنی ہے "نبی صلی اللہ علیہ وسلم کا شہر"۔ یہ "القاہرہ" کے ساتھ بھی استعمال ہوتا ہے۔ اس کے استعمال کا کوئی قانون نہیں ہے۔ بس جیسے اہل زبان استعمال کریں ویسے ہی اسے استعمال کر لیا جاتا ہے۔

(۲) اپنی صلاحیت کا امتحان لیجیے! سرخ رنگ میں دیے گئے الفاظ کے "ال" کی قسم بیان کیجیے۔

عربی	اردو	قسم
الْحَمْدُ لِلَّه رَبِّ الْعَالَمِينَ	تمام تعریفیں اللہ کے لئے ہیں جو تمام جہانوں کا رب ہے	لام الاستغراق
مَالِك يَوْمِ الدِّين	جزا و سزا کے دن کا مالک	
ذَلِكَ الْكِتَابُ لا رَيْبَ فِيه	وہ کتاب، جس میں کوئی شک نہیں	
أُوْلَئِكَ الَّذِينَ اشْتَرَوْا الضَّلالَةَ بِالْهُدَى	وہی ہیں جنہوں نے گمراہی کو ہدایت کے بدلے خرید لیا	
فَأَخْرَجَ بِهِ مِنْ الثَّمَرَاتِ رِزْقاً لَكُمْ	تو اس نے اس میں سے پھلوں کو تمہارے لئے بطور رزق نکالا	
هُوَ الَّذِي خَلَقَ لَكُمْ مَا فِي الأَرْضِ جَمِيعاً	وہی ہے جس نے جو کچھ زمین میں ہے، سب کا سب تمہارے لئے بنایا	
يَا آدَمُ اسْكُنْ أَنْتَ وَزَوْجُكَ الْجَنَّةَ	اے آدم! آپ اور آپ کی زوجہ اس جنت میں رہیے	
يَسُومُونَكُمْ سُوءَ الْعَذَابِ	وہ تمہیں بدترین سزا دیتے تھے	
وَإِذْ وَاعَدْنَا مُوسَى أَرْبَعِينَ لَيْلَةً ثُمَّ اتَّخَذْتُمْ الْعِجْلَ مِنْ بَعْدِه	جب ہم نے موسیٰ سے چالیس راتوں کا وعدہ لیا، پھر اس کے بعد تم نے اس بچھڑے کو (بطور معبود) اپنا لیا	
وَظَلَّلْنَا عَلَيْكُمْ الْغَمَامَ وَأَنزَلْنَا عَلَيْكُمْ الْمَنَّ وَالسَّلْوَى	ہم نے تم پر ان بادلوں کا سایہ کیا اور تم پر من و سلویٰ اتارے	
إِنَّ الَّذِينَ آمَنُوا وَالَّذِينَ هَادُوا وَالنَّصَارَى	یقیناً وہ جو ایمان لائے، اور جو یہودی اور نصرانی ہوئے	
ثُمَّ قَسَتْ قُلُوبُكُمْ مِنْ بَعْدِ ذَلِكَ فَهِيَ كَالْحِجَارَةِ	پھر اس کے بعد تمہارے دل سخت ہو گئے، گویا کہ وہ پتھروں کی مانند ہوں	
وَقَالُوا لَنْ تَمَسَّنَا النَّارُ إِلاَّ أَيَّاماً مَعْدُودَةً	وہ بولے: آگ تو ہمیں ہرگز نہ چھوئے گی سوائے گنتی کے چند دنوں کے	
وَآتَيْنَا عِيسَى ابْنَ مَرْيَمَ الْبَيِّنَات	ہم نے عیسیٰ بن مریم کو روشن نشانیاں عطا کیں	
وَإِذْ أَخَذْنَا مِيثَاقَكُمْ وَرَفَعْنَا فَوْقَكُمْ الطُّورَ	جب ہم نے تم سے میثاق لیا اور طور کو تمہارے اوپر بلند کر دیا	

جملوں کی اقسام

آپ نے جملوں کی دو بنیادی اقسام کا مطالعہ کیا ہے: جملہ اسمیہ اور جملہ فعلیہ۔ ان کے علاوہ جملوں کی ایک اور تقسیم بھی ہے۔ اس کے اعتبار سے بھی جملے کی دو اقسام ہیں: جملہ خبریہ اور جملہ انشائیہ۔ جملہ خبریہ وہ جملہ ہے جسے غلط یا صحیح کہا جا سکتا ہے۔ جبکہ جملہ انشائیہ وہ جملہ ہے جسے غلط یا صحیح نہیں کہا جا سکتا۔ اس کی متعدد اقسام ہیں:

- **ألأمر**: أَقِيْمُوا الصلَوة
- **نَهي**: لا تُشْرِكْ بِاللهِ
- **استفهَام**: هَلْ يُهْلَكُ إِلاَّ الْقَوْمُ الْفَاسِقُونَ
- **تَمَنّى**: يَا لَيْتَ قَوْمِي يَعْلَمُونَ
- **تَرَجِّي**: لَعَلَّ السَّاعَةَ تَكُونُ قَرِيباً
- **ندا**: يَا أَيُّهَا النَّاسُ
- **قسم**: وَالْعَصْرِ
- **تعَجُّب**: مَا أَصْبَرَهُمْ عَلَى النَّارِ
- **عُقُود**: بعتُ، اشتَرَيتُ، أنكَحتُ (یہ جملے معاہدے کرنے کے لئے استعمال ہوتے ہیں)
- **شرط**: فَإِنْ آمَنُوا بِمِثْلِ مَا آمَنتُم بِهِ فَقَدْ اهْتَدَوا
- **دُعا**: صلى الله عليه وسلم

چیلنج! کسی اسم پر "ال" لگانے کی وجوہات بیان کیجیے۔

مطالعہ کیجیے! غیبت کیا ہے؟ معاشرے پر اس کا کیا اثر ہوتا ہے؟
http://www.mubashirnazir.org/PD/Urdu/PU02-0003-Backbiting.htm

مطالعہ کیجیے! ریاکاری کیا ہے؟ اور اس کا انسان کی شخصیت پر کیا اثر ہوتا ہے؟ انسان کی اصل زندگی میں اعمال کے بینک اکاؤنٹ پر اس کا کیا اثر مرتب ہوتا ہے؟ http://www.mubashirnazir.org/PD/Urdu/PU02-0002-Ostentation.htm

آج کا اصول: اگر اسم الاشارہ کو مشار الیہ کے ساتھ ملا کر مرکب اضافی یا توصیفی بنانا مقصود ہو تو اس صورت میں اسم الاشارہ کو مشار الیہ کے بعد لایا جاتا ہے۔ جیسے كِتَابُ التَارِيخِ هَذا (تاریخ کی یہ کتاب)۔ اگر اسم الاشارہ کو پہلے لایا جائے تو پھر یہ جملہ اسمیہ ہوتا ہے جیسے هذا كِتَابُ التَارِيخِ (یہ تاریخ کی کتاب ہے)۔ اسی طرح كِتَابِي هَذا کا معنی ہے "میری یہ کتاب" جبکہ کا معنی ہے هذا كِتَابِي "یہ میری کتاب ہے"۔ اس وجہ سے ترجمہ کرتے وقت، اسم الاشارہ کی جگہ کو غور سے دیکھیے۔

(۳) اپنی صلاحیت کا امتحان لیجیے! ہر جملے کی قسم بیان کیجیے۔

عربي	قسم
الْحَمْدُ لِلَّهِ رَبِّ الْعَالَمِينَ	خبرية
اهْدِنَا الصِّرَاطَ الْمُسْتَقِيمَ	
لا تُفْسِدُوا فِي الأَرْضِ	
عَسَى اللَّهُ أَنْ يَعْفُوَ عَنْهُمْ	
إِنْ يَشَأْ يَرْحَمْكُمْ أَوْ إِنْ يَشَأْ يُعَذِّبْكُمْ	
